# محبت کی چھاؤں

(ناول)

## انا الیاس

اف کیا مصیبت ہے سر نے اتنا گھٹیا کوئسچن ضرور دینا تھا" وہ جو کب سے پیپر سامنے رکھے پریشانی سے آخری سوال کو دیکھ رہی تھی۔ آخر سر معیز کو دل میں صلواتیں سناتے اپنے سے آگے بیٹھی سارا کی کمر میں پینسل کی نوک مار کے اسے اپنی جانب متوجہ کیا۔ سارا نے غصے سے فہما کو دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فہما بزنس ایجوکیشن کی اسٹوڈنٹ تھی پنجاب یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آئی ای آر کے ہال میں بیٹھی پیپر کر رہی تھی۔

"کیا مصیبت ہے" سارا نے خفگی سے دھیمی آواز میں پوچھا تاکہ ایگزیمینر تک اسکی آواز نہ پہنچے۔

"یار اس کوئسچن کا تو کوئی آئیڈیا دے دو۔" فہما پریشانی سے بولی اس سے پہلے کہ سارا کوئی جواب دیتی۔

گولیوں کی تڑتڑ کی آواز گونجی۔یکدم بھگدڑ مچ گئ۔کھڑکھیوں کے شیشے ٹوٹے۔

فہما بھی گم حواسوں کے ساتھ اتنی ہمت نہ کرپائ کہ ہال سے باہر نکلے جہاں چیخ وپکار جاری تھی۔

اسکے قدم جیسے زمین میں دھنس گۓ تھے۔وہ وہیں دیوار سے لگ گئ اور اپنے سامنے موجود تین چار کرسیوں کو اپنے آگے کرکے چھپنے کی کوشش کرنے لگی۔دماغ اسکا بالکل سن ہوچکا تھا۔کچھ دیر بعد اسے تیز قدموں کی آواز آئ۔

"کوئ اسٹوڈنٹ ہے یہاں "بھاری مردانہ آواز گونجی ہال میں۔

"یااللہ کوئ دہشت گرد اللہ ایسی موت نہ دینا"اس نے خود کو مزید چھپاتے ہوۓ دل میں دعامانگی۔

قدموں کی آواز اب اسکے قریب آرہی تھی۔چار کرسیوں کے پیچھے وہ کتنی دیر تک چھپ سکتی تھی آخر۔

"سنیں آپ پلیز ڈریں مت میں کوئ دہشت گرد نہیں ہوں میں کمانڈو ہوں آپ پلیز باہر آئیں اور فوراّ یہاں سے نکلیں ہماری فورس نے ان دہشت گردوں پر قابو پالیا ہے جنہوں نے یہاں حملہ کیا تھا۔پلیز بی ریلیکس "

وہ آہستہ آہستہ کہتا کرسیاں ہٹاتا اسکی جانب بڑھ رہا تھا۔جو خود کو بازوؤں کے حلقے میں چھپاتی چہرہ گھٹنوں پر رکھے ہوۓ تھی۔

اس نے اسے بازو سے پکڑا۔

ڈرتے ڈرتے اس نے چہرہ اوپر کیا جو خوف سے لٹھے کی مانند سفید پڑھ چکا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیسے فہما کی نظر اپنے سامنے کھڑے کمانڈو پر پڑی وہ فوراً اسکی جانب بڑھی۔ نہ جانے آرمی اور فورسز کے لوگوں میں کیا بات ہے جہاں موجود ہوں تحفظ کا احساس ہوتا ہے۔ فہما کو بھی ایسا ہی محسوس ہوا وہ اسکے بازو کے ساتھ لگی اب بھی تھر تھر کانپ رہی تھی۔

"پلیز آپ اب ریلیکس ہو جائیں اور میرے ساتھ چلیں۔" وہ تیزی سے اسکا ہاتھ تھامے آگے بڑھتا جا رہا تھا۔

اسے لے کر وہ ڈین کے آفس پہنچا جہاں پہلے سے ہی بہت سے اسٹوڈنٹس موجود تھے۔ سب کے چہروں پر خوف تھا۔

"ہیلو سر جی ہم نے دہشتگردوں پر قابو پا لیا ہے۔ وقت پر نہ پہنچتے تو انکے خوکش بندے یونیورسٹی کو بہت نقصان پہنچاتے۔ نہیں سر دو تو میری گن سے جاں بحق ہو گئے ہیں دو کو ہم نے زندہ پکڑ لیا ہے۔ جی سر"

وہ کمانڈو جس نے فہما کی جان بچائی تھی اس وقت موبائل پر اپنے ہیڈ کو یونیورسٹی میں ہونے والی دہشتگردی کے بارے میں آگاہ کر رہا تھا۔

فون بند کر کے وہ ڈین کے پاس گیا۔ "آپ پلیز ان سب سٹوڈنٹس کو گھر بھجوانے کا کام کریں سب میڈیا اور تفتیش کے لیئے ٹیمز آ چکی ہیں تو ان کا نکلنا مشکل ہو جائے گا۔ اسپیشلی گرلز کا" کہتے ساتھ ہی وہ ان کے آفس سے جا ہر نکل گیا اور آہستہ آہستہ سب سٹوڈنٹس گھر جانے لگے۔ مگر ان میں بہت سے ابھی تک دہشت زدہ تھا۔

مختلف چینلز واقعے کی کوریج کر رہے تھے۔

--

"شکر اللہ کا میری بیٹی گھر آئی۔ میری تو جان سولی پہ ٹنگی ہوئی تھی" کلثوم بیگم جو فہما کی ماں تھیں پچھلے آدھے گھنٹے سے اسے بار بار خود سے لپٹا کر گاہے بگاہے آنسو بہا رہیں تھیں۔ فہما اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھی۔ سلیمان صاحب ایک معمولی گورنمنٹ ملازم تھے۔ مگر کسی نہ کسی طرح فہما کو پڑھا لکھا رہے تھے۔

آج کے واقعے نے سب کے رونگٹے کھڑے کر دیئے تھے۔ یہ دھشتگردی جو دن بدن بڑھتی جا رہی تھی اب سکولوں کالجوں اور یونیورسٹیوں کو بھی متاثر کر رہی تھی۔

فہما ابھی تک شاک کی سی کیفیت میں تھی۔ کچھ اسٹوڈنٹس کو گولیاں بھی لگیں تھیں مگر بروقت کمانڈوز کے حملے نے دہشتگردوں کے ارادوں کو ناکام بنا دیا۔ فہما کو وہ کمانڈو یاد آیا جو اسے سر کے آفس لے کر گیا تھا۔ اگر اسکی جگہ کوئی دھشتگرد ہوتا تو آج اسکے ماں باپ اسکے لیئے رو رہے ہوتے۔

یہ سوچ کر ہی اسے جھرجھری آگئی۔

اس نے حواس بحال ہوتے ہی سارا کو فون کیا۔ جو کہ ہال سے نکلتے ہی گھر چلی گئی تھی۔ فہما کو وہ سر کے آفس میں نظر نہیں آئی تھی جہاں وہ کمانڈو انہیں لیئے کھڑا تھا۔ آسارا اسکی ایک نئی امیر کبیر دوست بنی تھی۔ جو فہما پر جان چھڑکتی تھی۔ فہما بھی اس کی دولت سے بہت مرعوب تھی۔ ویسے بھی جس طبقے سے وہ تعلق رکھتی تھی۔ اس میں بہت کم لوگ اپنے حالات پر صابر و شاکر رہتے ہیں۔ زیادہ تر دولت کی چکا چوند سے متاثر ہوتے ہیں۔

---

"ہیلو" زرا دنے کال اٹینڈ کرتے کہا۔

"ہیلو زراد اس کیس کا کیا بنا جس کی فائل میں نے تمہیں لاسٹ منڈے کو دی تھی۔" سر مصطفی کی آواز ابھری۔

"سر اس پہ کام سٹارٹ کر دیا ہے۔ لیکن وہ بہت بڑا گینگ ہے اس پہ ہاتھ ڈالنا اتنا آسان نہیں کچھ رقت لگے گا۔ اور اس کے لیئے مجھے کچھ امپورٹنٹ چیزوں کی اجازت لینی ہے کیونکہ انکے بغیر میں اس کام میں ہاتھ نہیں ڈال سکتا"

"تو پھر کس بات کا انتظار کر رہے ہو فائل اٹھاؤ اور آجاؤ میرے پاس" یہ کہتے ساتھ ہی انہوں نے فون بند کر دیا۔

زراد نے آفس ٹیبل کے دراز میں سے فائل نکالی جسے کل رات ہی یونیورسٹی والے آپریشن سے واپس آکر اس نے پڑھنا شروع کیا تھا۔

کار کی چابیاں اور لیپ ٹاپ اٹھا کر وہ آفس سے باہر نکل گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

ایک ہفتہ یونیورسٹی بند رہنے کے بعد پھر سے سب کچھ معمول پر آگیا تھا۔

فہما بھی آج یونیورسٹی گئی۔ شکر تھا کہ جس دن دھشت گردی کا وہ واقعہ ہوا اس دن لاسٹ پیپر تھا۔ اس واقعے کی وجہ سے بہت سے اسٹوڈنٹس کے پیپر مکمل نہیں ہو پائے تھے۔ اور کچھ زخمی ہو گئے تھے۔ ان کے سر نے اتنی فیور کی کہ سب اسٹوڈنٹس کو اے گریڈ دے دیا۔

ٹیچر، اسٹوڈنٹس ہر کوئی اس واقعے کی وجہ سے ذہنی طور پر بہت متاثر ہوا تھا۔

"کرن، سارا نہیں آئی کیا آج" دو پریڈز گزر چکے تھے جب فہمانے کرن سے سارا کے متعلق استفسار کیا۔

سارا سے دوستی کرنے سے پہلے کرن اسکی بہت اچھی دوست تھی۔ مگر سارا سے دوستی کے بعد وہ باقی سب سے کٹ گئی تھی۔

"اوہ تبھی میں کہوں تم آج میرے ساتھ کیوں بیٹھ گئیں۔ آئی ہو گی اور ہمیشہ کی طرح کلاسز بنک کر کے کسی کے ساتھ ڈیٹ پر گئی ہو گی۔ مجھے سمجھ نہیں آتی تم کیوں اس سے دوستی ختم نہیں کر دیتی۔ پتہ نہیں کیا پٹی باندھی ہے اس نے تمہاری آنکھوں پر" کرن نے اسے جتاتے ہوئے آخر میں سمجھایا۔

"یار پلیز کسی کے کریکٹر کے بارے میں اتنی بڑی بات نہیں کرنی چاہیۓ۔ ویسے بھی اس نے خود میری جانب دوستی کا ہاتھ بڑھایا تھا۔ میرے سامنے تو اس نے کبھی ایسی ایکٹویٹیز نہیں کیں جیسی تم بتا رہی ہو۔" فہمانے برا مانتے ہوئے کہا۔ وہ کسی سے سارا کی برائی نہیں سن سکتی تھی۔

کرن نے تاسف سے اسکے حسین اور معصوم چہرے کی جانب دیکھا۔ گہری بڑی بڑی آنکھیں، خوبصورت تراشیدہ ہونٹ، چھوٹی سی ناک اور کشمیروں جیسی سفید اور گلابی چمکدار رنگت جو راہ چلتے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرے۔ مگر وہ ہمیشہ اپنی خوبصورتی سے بے نیاز رہتی تھی۔

دوپٹے کے ہالے میں چہرہ ہمہ وقت لپٹا رہتا۔ سارا اسکے اوپوزٹ تھی۔ جینز اور ٹی شرٹس میں ہر وقت اپنی نمائش کرنے والی کو نجانے سارا جیسی دبو لڑکی میں کیا نظر آیا تھا جو ہر وقت اسکے ساتھ سائے کی طرح رہنے لگ گئی تھی۔

فہما کی سب پرانی فرینڈز اسے سمجھا چکی تھیں مگر سارا کی دولت اسے اپنی جانب کھینچتی تھی۔وہ اسکی دوستی کو اپنے لیئے اعزاز سمجھتی تھی۔

---

"چلونا یار آج میرے گھر کتنی ہی مرتبہ مام تم سے ملنے کا کہہ چکی ہیں لیکن تمہارا تو نخرہ ہی ختم نہیں ہوتا" آج پھر سے سارا پر فہما کو گھر لے جانے کا دورہ پڑھا تھا۔وہ دونوں اس وقت فری پیریڈ میں کیفے میں بیٹھی ہوئیں تھیں۔سارا نے اپنی مام سے فہما کی اتنی تعریفیں کیں تھیں کہ وہ کب سے فہما سے ملنے کو بے چین تھیں۔

حالانکہ فہما نے سارا کو بتایا بھی تھا بہت مرتبہ کہ اسے کسی دوست کے گھر جانے کی اجازت نہیں۔

"یار آئی پرامس میں تمہیں آف ٹائم سے پہلے واپس چھوڑ جاؤں گی۔تمہارے ابو کے آنے سے پہلے کسی کو پتہ بھی نہیں چلے گا۔"سارا نے پھر اسے اکسایا اور یہ سچ ہے کہ برائی کی جانب جب آپ ایک قدم اٹھاتے ہیں تو اس برائی کو چھپانے کی ڈھیروں تاویلیں آپکے پاس موجود ہوتی ہیں۔

اور پھر وہ بڑھے قدم واپس نہیں آتے۔اس نے پہلی مرتبہ دل میں اپنے ماں باپ سے جھوٹ بولنے کا ارادہ کیا اس بات سے انجان کے ماں باپ سے جھوٹ بولنے کا نقصان کچھ لوگوں کو تا عمر بھگتنا پڑھتا ہے۔

اس نے آخر سارا کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے اور اسکے ساتھ یونیورسٹی سے باہر آگئی۔ابھی تو دن کے بارہ بجے تھے جبکہ اسکے ابو نے تین بجے اسے لینے آنا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سارا نے اسکے ساتھ چلتے کال کی اور کچھ دیر بعد ایک گاڑی انہیں لینے آ گئی۔ فہما کے دل اور دماغ میں اپنے فیصلے کے صحیح اور غلط ہونے پر ایک جنگ چل رہی تھی۔ دل کہہ رہا تھا کوئی بات نہیں بہت سی لڑکیاں ایسے کرتی ہیں ضروری تھوڑا ہے تم نقصان اٹھاؤ اور دماغ تاویلیں دے رہا تھا کہ یہیں سے واپس لوٹ جاؤ ابھی بھی وقت ہے۔

اس نے دماغ کی جانب سے کان کچھ دیر کے لئیے بند کر لئیے اور کبھی کبھی دل آپکو خسارے سے بھی دوچار کرواتا ہے۔

سارا کا گھر دیکھ کر تو وہ دنگ ہی رہ گئی۔ وہ پہلی مرتبہ ڈیفینس آئی تھی۔ اور یہاں پر بنی کوٹھیاں دیکھ کر وہ واقعی یہ سوچنے پر مجبور ہو گئی کہ کیا یہ ملک قرضوں میں جکڑا ایک غریب ملک ہے۔ گھر کیا وہ تو محل معلوم ہو رہے تھے۔

سارا اسکی آنکھوں کی حیرت کو پڑھ چکی تھی۔ اس سے پہلے کہ وہ اس سے کوئی بات کرتی اسکے سیل پر کال آ گئی۔

"ہیلو۔۔ہاں بھئی فائنلی آج کام ہو گیا بہت پاپڑ بیلے ہیں میں نے اس کام کے لئیے۔۔ ٹریٹ تو پکی ہے نا پھر۔ ہاں بس ہم پہنچنے ہی والے ہیں۔" سارا کے عجیب سے قہقہے پر فہما نے پہلی مرتبہ ناگواری سے اسے دیکھا جو اسکن ٹائٹ شرٹ اور جینز میں تھی۔

گاڑی جیسے ہی اسکے گھر میں داخل ہوئی وہاں پہلے سے موجود تین گاڑیاں دیکھ کر فہما دنگ رہ گئی۔

"واہ اللہ جی کسی کے پاس ایک بھی نہیں اور کسی کے پاس گاڑیوں اور دولت کی ریل پیل۔" اس نے دل میں اللہ سے شکوہ کیا۔

سارا اسے ڈرائینگ روم میں لے آئی۔ جہاں پہنچ کر فہما کو لگا وہ کسی فرنیچر کیدکان پر آگئی ہو۔ ہر چیز مہنگی اور عمدہ۔

"تم بیٹھو میں مام کو بلاتی ہوں" سارا اسے ایک صوفے کی جانب اشارہ کر کے بیٹھنے کا کہہ کر خود دوسرے دروازے سے باہر چلی گئی جو یقیناً گھر کے رہائشی حصے کے ساتھ منسلک تھا۔

تھوڑی ہی دیر بعد فہما اپنی مام کے ساتھ واپس آئی۔

"اوہ ہیلو ڈارلنگ۔ گریٹ پلائیز ر ٹو سی یو ہیر۔ شکر آج تم آگئیں کب سے سارا کو کہہ رہی تھی کہ تمہیں لے کر آئے۔" سارا کی مام تو بے حجابی میں سارا سے بھی آگے تھیں۔ سلیو لیس ساڑھی میں کھلے گلے اور چھوٹے سے پلو کے ساتھ جب وہ فہما سے ملنے کے لئیے آگے بڑھیں تو فہما کو عجیب سی کر ائیت آئی۔

مگر وہ تو ایسے فہما سے لپٹیں جیسے ان کی بچھڑی بیٹی ہو۔

"بیٹھو میری جان" بیٹے یا بیٹی کی جگہ بلانے کے یہ انداز ان کے منہ سے سن کر فہما کو بہت عجیب لگا اور دل ہی دل میں وہ اپنے یہاں آنے کے فیصلے پر پچھتائی اور دل میں مصمم ارادہ کیا کہ آئندہ یہاں نہیں آئے گی۔

"بتائیں پھر کیسی قیامت چیز ہے" سارا جو کہ انکے صوفس کے ہتھے پر بیٹھی تھی فہما کی طرف دیکھتے اپنی ماں کو ٹہوکا دیتی بولی۔

فہما تو بار بار حیران اور متعجب ہو رہی تھی ان ماں بیٹی کی گفتگو سے۔ یہ وہ سارا تو نہیں تھی جو یونیورسٹی میں اسکے ساتھ ہوتی تھی۔ اسے سارا کا انداز گفتگو عجیب سا لگا۔

"ہاں بھئ جیسا سنا ویسا ہی پایا۔ جاؤ سارا کچھ چائے پانی کا بندوبست کرواؤ۔ آج چاند ہمارے آنگن میں اترا ہے اسکے شایان شان خدمت ہونی چاہئیے" اپنی کالی میک اپ میں ڈوبی لال آنکھوں سے انہوں نے فہما کو دیکھتے کہا۔

"نہیں آنٹی پلیز بس آپ سے ملنا تھا۔ اب میں چلوں گی۔ سارا پلیز مجھے واپس چھوڑ آؤ۔ میں پھر کسی دن زیادہ ٹائم کے لئیے آؤں گی۔" فہما اپنی جگہ سے اٹھتے ہوئے جلدی سے بولی۔

" ارے ایسے کیسے۔۔۔۔ جاؤ سارا کچن میں بٹلر کو دیکھو، ارے بیٹھو نہ میری جان بس تھوڑی دیر اور رک جاؤ انہوں نے سارا کو گھورتے لاڈ سے فہما کو کہا۔

مجبوراً فہما کو بیٹھنا پڑھا۔ انکی عجیب سی اندر تک کھبتی نظروں سے اسے بے حد الجھن ہو رہی تھی۔ تھوڑی دیر بعد ہی ایک ملازم ٹرالی دھکیلتا آگیا۔ اتنی ساری کھانے پینے کی چیزیں دیکھ کر فہما شرمندہ سی ہو گئی انکے اتنا تکلف کرنے پر۔

"آنٹی اتنی ساری چیزیں کیوں بنالیں"۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ارے تمہیں جو اچھا لگتا ہے وہ لو نا۔ پہلے یہ جوس پیو۔ شدت کی گرمی ہے" فہمانے انکی بات پر حیرت سے انہیں دیکھا جو ایسی کی خنکی میں بیٹھیں گرمی کا رونا رو رہی تھیں۔ گرمی تو غریبوں کے لیئے ہوتی ہے امیروں کو ایسی کی ٹھنڈک میں گرمی کا کیا پتہ۔

ایک مرتبہ پھر اس نے اللہ سے شکوہ کیا۔

جوس پیتے ہی اسے سر بھاری لگا۔

"آنٹی میری طبیعت کچھ خراب ہو رہی ہے"۔اس نے بمشکل اپنے گھومتے سر کو تھاما۔

اوہو آؤ میں تمہیں اپنے روم میں لے چلتی ہوں تم تھوڑی دیر ریسٹ کر لو۔شاید گرمی سے سر چکر آ گیا ہے" وہ تیزی سے اسکی جانب بڑھتے ہوئے بولیں۔

ڈرائینگ روم سے نکل کر بہت بڑا سا ہال تھا۔وہاں سے نکل کر ایک لمبی سی راہداری آتی تھی جہاں آمنے سامنے بہت سے کمرے تھے۔وہ اسے لئیے ایک کمرے میں آئیں اور جلدی سے بیڈ پر لٹا دیا۔

بیڈ پر لیٹتے ہی وہ ہوش و خرد سے بیگانہ ہو گئ تھی۔

---

"ارے آج آپ دونوں نے بہت دیر لگا دی۔" جیسے ہی سلیمان صاحب نے گھر میں داخل ہوئے کلثوم بیگم کی مصروف آواز کچن سے آئ۔

انکی بات کے جواب میں انکے پاس کہنے کو کچھ نہیں تھا۔وہ بھی خاموشی محسوس کر کے باہر آئیں تو سلیمان صاحب کو صحن میں موڑھے پر سر جھکائے بیٹھے دیکھا۔

"کیا ہوا اور یہ فہما کہاں ہے" انہوں نے پریشانی سے ان سے پوچھا۔

"میں دو گھنٹے اسکی یونیورسٹی کے باہر کھڑا رہا پھر اسکے ڈیپارٹمنٹ جا کر اسکی کلاس فیلوز سے پوچھا کچھ تو انجان تھے اور ایک دو نے بتایا کہ اسے بارہ بجے یونیورسٹی سے باہر جاتے دیکھا کس کے ساتھ یہ وہ نہیں جانتے۔" انتہائ پریشان اور مایوس کن انداز میں انہوں نے بتایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کلثوم بیگم تو دل پر ہاتھ رکھ کر وہیں بیٹھ گئیں۔

"آ۔۔۔ آپ پولیس میں رپورٹ کروائیں یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میری فہما" وہ دھاڑیں مار مار کر روتے ہوئے بولیں۔

"پاگل ہو گئ ہو تم پولیس کو خبر کی تو کچھ کا کچھ افسانہ بن جانا ہے۔ اگر وہ اپنی مرضی سے نہیں گئ تو فون کیوں نہیں اٹھا رہی میرا۔ سب نے مجھے منع کیا لڑکی ذات کو یونیورسٹیوں میں مت بھیج مگر مجھے اندھا یقین تھا کہ میری بیٹی کبھی میری آنکھوں میں دھول نہیں جھونکے گی۔ وہ تو دھول ڈال کر چلی گئ ہمارے سروں پر اور ہماری عزت پر" وہ دونوں رو رہے تھے۔

اب دونوں اس فکر میں تھے کہ لوگوں کو کیا کہیں گے کہ انکی زبانیں بند رہیں۔

"اب دوبارہ اسکا ذکر مت کرنا سمجھو ہم تھے ہی بے اولاد اگر فرض کرو اسے کسی نے اغوا بھی کیا ہے تو کب وہ واپس آئے گی۔ ہم نہیں جانتے، کون اسے لے گیا ہم یہ بھی نہیں جانتے اور کیا واپس اگر وہ آئ تو یہ معاشرہ اسے قبول کرے گا۔ دعا کرو وہ مر جائے مگر واپس نہ آئے" کس دل سے کلثوم بیگم سلیمان صاحب کی باتیں سن رہیں تھیں یہ بس وہی جانتی تھیں۔

ماں کیسے اپنی زندہ اولاد کو مردہ سمجھ لے۔ مرے پر تو صبر آ جاتا ہے مگر زندہ پر صبر نہیں آتا۔

امیر جتنے مرضی گناہ کر لیں انکے لیئے معاشرہ ہمیشہ کھلے دل کا مظاہرہ کرتا ہے۔ زمین تنگ غریبوں کے لیئے ہی ہوتی ہے۔

وہ یہ بات آج اچھی طرح جان گئیں تھیں۔ انہیں اب بیٹی سے زیادہ معاشرے کی باتوں کا غم ستا رہا تھا۔

---

"ہاں بھئی اس کیس پر کتنا کام کیا ہے" سر مصطفیٰ کچھ دیر پہلے ہی اس کے آفس پہنچے تھے۔

"جی سر میں نے انکے میں گڑھ چیک کر لیئے ہیں کل رات میں اسی طرح وہاں جاؤں گا جس کی میں نے آپ سے پرمیشن لی ہے۔"

"ہمم ٹھیک ہے مگر یاد رکھنا ذرا سی بھی بھول چوک نہ ہو اور نہ انہیں شک ہو ورنہ تم بہت بری طرح پھنسو گے۔ بہت سے انڈر ورلڈ کے بندے انکے ساتھ ہیں جن پر ہم ہاتھ ڈال سکتے ہیں اور اگر تم انکے ہاتھ لگ گئے تو میں بھی تمہیں ان سے نہیں چھڑوا سکتا۔"

"آپکو شک ہے میری ٹیم کی صلاحیتوں پر" اس نے انہیں سے سوال کر ڈالا۔

"مجھے تم پر یقین ہے تبھی یہ کام تمہارے سپرد کیا ہے۔ خیر اللہ تمہیں کامیاب کرے گا۔ میری بیسٹ وشز اور ہر حد تک جانے کی سپورٹ تمہارے ساتھ ہے۔ ایون تمہارے الیگل حملوں کو بھی لیگل کروانا میرا کام ہے"

"تھینک یو سر بس آپکی سپورٹ ہی سب کچھ ہے۔ انشاءاللہ ہم جلد ہی اپنے مشن میں کامیاب ہو جائیں گے۔"

---

"ہیلو ہاں سیفی کیا حال ہے۔" وہ جو گھر میں اپنے کمرے میں بیڈ پر بیٹھا اگلے مشن سے متعلق کچھ چیزیں سرچ کر رہا تھا۔ سفیان کی کال آنے پر موبائل کی جانب متوجہ ہوا۔

"یار کل کا کیا سین ہے پھر "سفیان نے زراد سے استفسار کیا جو نہ صرف اسکا دوست تھا بلکہ اسکی ٹیم میں بھی شامل تھا۔زراد کمانڈو اور سیکرٹ سروسز دونوں میں جیک وقت کام کر رہا تھا۔

اس نے اپنی الگ سے سیکرٹ سروسز کی ایک ٹیم تشکیل دی ہوئی تھی جس میں بیس بندے تھے جو مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے تھے ان میں سے ایک سفیان بھی تھا جو ویسے تو میجر تھا مگر زراد کی ٹیم میں بھی تھا اور یہ بات بہت کم لوگ جانتے تھے۔

"یار سین آن ہے لیکن اگر تو نے بھابھی کو ہوا بھی لگنے دی تو بیٹا سین آف ہو جائے گا۔"اس نے سفیان کو تنبیہہ کی۔

"ارے نہیں یار پاگل ہوں کیا اگر اسے بھنک بھی پڑ گئ ہمارے نیکسٹ پراجیکٹ کی تو اس نے مجھے گھر سے باہر نکال دینا ہے "سفیان کے نقشہ کھینچنے پر زراد نے قہقہہ لگایا۔

"یار تو کتنا ڈرتا ہے اپنی بیوی سے "زراد نے اسکا مزاق اڑایا۔

"بیٹا سب شریف شوہر ڈرتے ہیں۔اپنی ہو لینے دے پھر پوچھوں گا۔"سفیان نے اسے جتایا۔

"مجھ پر رعب ڈالنے والی ابھی پیدا نہیں ہوئ۔"اس نے سفیان کی بات پر بڑے تفاخر سے کہا

"بیٹا وہ نہ صرف پیدا ہو چکی ہو گی بلکہ جلد ہی تجھے نکیل بھی ڈالے گی "

"تو نے اس بکواس کو ڈسکس کرنا ہے یا کام کی بات کریں "زراد کے بھنانے پر اب سفیان نے قہقہہ لگایا۔

"تو جب لاجواب ہو جاتا ہے نہ تب رعب ڈالنا شروع ہو جاتا ہے۔اچھا یہ بتا کہ گاڑی کا ارینج ہو گیا ہے۔ "

سفیان اب سنجیدہ ہوا۔

"ہاں یار باسط کو کہا تھا تجھے تو پتہ ہے اسکا کزن پولیس میں ہے انہوں نے نمبر پلیٹ جعلی لگا کر گاڑی تیار کروادی ہے اور چوکیوں پر وہ نمبر دے دیا ہے کہ اس گاڑی کو گزرنے دیں۔ "

"گریٹ چل پھر کل ملتے ہیں،ودڈ فرنٹ آؤٹ لک "

"اوکے اللہ کی امان میں" یہ کہتے ساتھ ہی اس نے فون بند کر دیا۔

---

جس وقت فہما کی آنکھ کھلی تو ارد گرد کی ہر چیز اجنبی محسوس ہوئی۔ قیمتی بیڈ جس پر وہ موجود تھی۔ سیدھے ہاتھ پر شیشے کی میز اور ساتھ میں صوفے تھے۔ بائیں جانب ڈریسنگ ٹیبل جس پر ڈھیروں کاسمیٹکس پڑھی ہوئیں تھیں۔ مگر کمرے میں ایک ناگوار سی بدبو تھی۔ جسے وہ کوئی نام نہ دے سکی۔ وہ یکدم جھٹکے سے اٹھی۔ پھر یاد آیا کہ وہ تو سارا کے گھر آئی تھی۔ تو پھر۔۔۔ ابھی وہ اپنے اس کمرے میں موجود ہونے کی وجہ تلاشتی کہ دروازے پر کھٹکا ہوا۔

سارا کی مام دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئیں۔

"شکر میری جان کو ہوش تو آیا" وہ مسکراتے ہوئے آگے بڑھیں۔

"آنٹی پلیز مجھے اب بہپ دیر ہو گئی ہے گھر چھوڑ آئیں۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سامنے گھڑی پر چھ بجے کا وقت دیکھتے وہ پریشان ہوئی اور اٹھتے ساتھ ہی بولی۔ گو کہ نقاہت سے ابھی برا حال تھا۔

"ہاہاہا ارے میری جان تمہیں میرے گھر میں ایک رات اور ایک دن ہو چکا ہے تم کل میرے گھر آئیں تھیں اور پھر ایسی بے ہوش ہوئیں کہ آج آنکھ کھلی۔" ان کے بے ہنگم قہقہے اور الفاظ نے فہما کو گم صم کیا۔

"یہ یہ کیسے ہو سکتا ہے" اسکی بات پر وہ عجیب سے معنی خیز انداز سے مسکرائیں۔

"ارے میری بھولی چڑیا یہ دیکھو کل دس اگست تھی اور آج گیارہ ہو چکی ہے" انہوں نے اپنا موبائل اسکی جانب بڑھایا جس پر دن اور تاریخ دونوں چمکتے ہوئے اس عورت کی بات کی تصدیق کر رہے تھے۔

"میرے خدا میرے ماں باپ کا کیا حال ہو گا" یہ سوچتے ساتھ ہی اسے اپنے بیگ کا خیال آیا۔

"مم۔۔۔ میرا بیگ کہاں ہے میں اپنے پیرینٹس کو تو انفارم کر دوں" اس نے انکی جانب دیکھتے کہا۔

"ایسے کیسے تجھے دے دیں۔ اتنی محنت سے تو تجھے یہاں تک لے کر آئے ہیں" ان کے عجیب سے طرز تخاطب پر وہ بھونچکا رہ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا مطلب ہے آپکا کیا کہنا چاہ رہی ہیں آپ" اس نے دل میں سر اٹھاتے خرشے سے نظریں چرائیں۔

"تیرے حسن کی تو بڑی بڑی قیمتیں لگوائیں گے۔۔۔ میں کوئی سارا کی ماں نہین ہوں میں مہر النساء بائی ہوں۔ سارا تجھے ہمارے لیئے لے کر آئی ہے اب ہم جانے تو جانے اور تیرے گاہک۔" انہوں نے اسکے چہرے پر دو انگلیاں پھیرتے ہوئے معنی خیزی سے مسکراتے کہا۔

"کیا کہہ رہی ہیں آپ سارا کو بھیجے یہ۔۔۔یہ کیسے ہو سکتا ہے اتنا بڑا دھوکہ" وہ تو صدمے سے بے حال ہو رہی تھی۔

"ارے بھئی سارا تو اپنی رات کی تیاریوں میں ہے۔زیادہ واویلا مت کرنا۔ حقیقت کو جتنی جلدی تسلیم کر کے اپنے دھندے سے لگ جاؤ اچھا ہے۔یہاں سے نکلنے کا اب سوچنا بھی مت سوائے موت کے اور کوئی تمہیں یہاں سے نہیں نکال سکتا۔ میرا زیادہ ٹائم برباد کرنے کی کوشش کی تو سیدھا کرنا بھی مجھے آتا ہے۔" اپنی غصیلی آنکھوں سے اسے گھورتیں وہ ایک ایک لفظ چبا کر بولیں۔

"صرف آج کی رات کی چھٹی دے رہی ہوں تمہیں سوچو مگر اسکے بعد تم مجھے اس کام کے لیئے ذہنی طور پر تیار ملو" اسے تنبیہہ کرتے ساتھ ہی وہ اپنا پلو جھٹک کر باہر نکل گئیں۔

انکے جاتے ہی وہ تو سر پکڑ کر بیٹھ گئ۔ آنسو کسی جھڑی کی طرح اسکی آنکھوں سے جاری تھے۔بے یقینی سی بے یقینی تھی۔

"یا اللہ یہ کیا ہو گیا میرے ساتھ کس زندان میں پھنس گئ میں۔ میرے خدا جسے میں ان لوگوں کی اچھی قسمت سمجھی تھی وہ میری بد قسمتی بن گئ۔اتنی بڑی سزا تو مت دیں۔ہاں میں ناشکری تھی مگر اللہ یہ کوئی اتنا بڑا گناہ تو نہیں کہ میں ان گدھوں میں پھنس جاؤں۔اے اللہ میری مدد فرما۔۔ میرے ماں باپ پر کیا گزر رہی ہو گی۔ہاں میں مانتی ہوں کہ میں نے زندگی میں پہلی مرتبہ اپنے ماں باپ کو دھوکہ دیا۔ مگر اللہ جی آپ تو رحیم و کریم ہیں آپ جانتے ہیں میں نے کسی غلط نیت یا کسی لڑکے کے چکر میں یہ نہیں کیا۔پلیز مجھے معاف کر دیں اور گندگی کے اس ڈھیر سے نکال دیں۔ میری عصمت کو بچالیں۔" وہ سجدے میں گری رو رو کر اللہ سے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دعا گو تھی۔ اللہ کو تو ویسے بھی وہ بندے بہت پسند ہیں جو شدید تکلیف میں اسے پکارتے اور اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں اپنے گناہوں کو یاد رکھتے اور ان پر اسکا رحم مانگتے ہیں تو پھر بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ وہ ایسے بندوں کو نوازے نہ۔

---

"میڈم وہ جن کا شہریار صاحب نے بتایا تھا وہ دونوں رئیس زادے آ چکے ہیں۔ سنا ہے بڑا بزنس ہے انکا یقیناً ہمارے لئیے موٹی آسامی ثابت ہوں گے۔" جواد جو کہ مہر النساء بیگم کا خاص الخاص بندہ تھا اس نے لیونگ روم میں بیٹھی مہر النساء کو اطلاع دی۔

"تو انہیں بٹھاؤ جلدی اور افشاں سے کہو تیار ہو جائے سارا تو گئ ہوئ ہے اس سیٹھ کے ساتھ نہین تو اسی سے انکا دل بہلانے کا کچھ سامان کرواتی۔ خیر تو جا اور جیسا کہا ہے ویسا کر۔" جواد اچھا جی کہتا باہر کی جانب دوڑا۔

"تمنا۔۔۔او تمنا کہاں مر گئ ہے۔" کرخت آواز میں اس نے کام والی کو آواز دی۔

"جی بیگم صاحب "

"خاص مشروب کا انتظام کر اور دیکھ اس نئ چٹی چمڑی کو بھی کہہ تیار ہو ورنہ جواد کے آگے ڈال دوں گی ایک دو راتوں میں اسکی ساری اکڑ ختم کر دے گا وہ۔ جا دفعہ ہو اب" غصے میں کھولتی مہر النساء اپنی ساڑھی ٹھیک کرتی ڈرائینگ روم میں پہنچیں۔

"خوش آمدید، بیٹھیں بیٹھیں ہمارے غریب خانے پر کیسے آنا ہوا" جیسے ہی مہر النساء اندر داخل ہوئیں دو خوش شکل نوجوان تعظیماً اٹھ کھڑے ہوئے۔ یہ وہی مہمان تھے جن کی اطلاع ابھی جواد نے دی تھی۔

دونوں لڑکے لمبے اور کسرتی جسم کے تھے۔انہوں نے بہت غور سے دونوں کو دیکھا۔

"غریب خانہ تو مت کہیں آپ تو ہم جیسوں کو ہیروں سے نوازتی ہیں۔"ان میں سے ایک لڑکا اپنی گمبھیر آواز میں بولا۔اسکی حاضر جوابی پر مہر النساء نے محظوظ ہو کر قہقہہ لگایا۔

"واہ زرہ نوازی آپکی۔یہیں پر شغل فرمائیں گے یا پھر آپکے ساتھ بھیجوں "

"پہلے آپ پیس دکھائیں پھر سوچتے ہیں"اب کی بار دوسرا لڑکا بولا۔

"لڑکیاں بس آتی ہی ہوں گی۔کیا میں تب تک نام جاننے کی جسارت کر سکتی ہوں"مہر النساء نے اپنے پروفیشنل انداز میں پوچھا۔

"جی کیوں نہیں میں زیاد ہوں اور یہ تبریز"زیاد نے تعارف کرواتے ہوئے کہا اتنی دیر میں ملازمہ خاص مشروب لے آئی۔

"لیجئیے"مہر النساء نے ملازمہ کو انکی جانب مشروب بڑھانے کا اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"نہیں پلیز ابھی نہیں،شراب کا مزہ تو محبوب کے شباب کے ساتھ ہی آتا ہے۔محبوب ہمارا کوئی ہے نہیں لہذا ابھی تو رہنے ہی دیجئیے"زیاد کی ذہانت نے مہر النساء کو ایک بار پھر متاثر کیا۔

آؤ اور لڑکیوں کو بھی"وہ سر ہلاتی باہر چلی گئی۔جاؤ تمنا کالڈ ڈرنک لے

کچھ دیر بعد دو لڑکیاں ڈرائینگ روم میں آئیں۔

جن میں فہما نہیں تھی۔ مہر النساء کا پارہ ہائی ہوا مگر اس وقت اسے خود پر ضبط کرنا تھا۔ ورنہ دل تو کر رہا تھا کہ ابھی جا کر اسکی بوٹی بوٹی کر کے چیل کوؤں کے آگے ڈال دیتی۔

"جی تو اب بتائیے" مصنوعی مسکراہٹ سجاتے اس ان سے کہا۔

"ہم انہیں لے جانا چاہتے ہیں اگر آپکی اجازت ہو" انہوں نے مہر النساء کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

"ضرور ضرور آج کی رات یہ آپکی مہمان" اس نے خوشدلی سے اجازت دی۔

"ارے کالڈ ڈرنک" انہیں اٹھتے دیکھتے وہ تیزی سے بولی۔

"پھر سہی اب تو آنا جانا لگا رہے گا"

جیسے ہی وہ لڑکیوں کو لے کر گئے مہر النساء چیل کی طرح اس کمرے میں پہنچیں جہاں فہما تھی۔

"تجھے سمجھ نہیں آئی میری بکواس کیا خیال ہے پھر دو دن جواد کو بھیجوں۔یہاں ساری پارسائی کی اکڑ نکالے گا وہ دو دن میں" وہ جو بیڈ کے ساتھ نیچے گھٹنوں کے گرد بازو لپیٹے رونے میں مصروف تھی اس افتاد پر بری طرح ڈر گئی۔

"نہ۔۔نہ۔۔۔ نہیں پلیز" مہر النساء کے آگے ہاتھ جوڑے جو بھوکی شیرنی کی طرح اسکے سامنے کھڑی غرا رہی تھیں۔

"بس آج کی مہلت دے دیں" وہ انکے سامنے گڑگڑاتے ہوئے بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"صرف آج کی رات" انہوں نے انگلی اٹھا کر اسے وارننگ دیتے ہوئے کہا۔ اور جس آندھی طوفان کی طرح آئیں تھیں ویسے ہی چلی گئیں۔

---

"اف یار کیا بندہ تھا۔۔۔ آئی وش ایک بار پھر میں اسکے ساتھ جا سکوں" ان دو لڑکیوں میں سے ایک لڑکی بولی جو کل رات زیاد اور تبریز کے ساتھ گئیں تھیں صبح سے وہ ناشتے کی میز پر بیٹھی ہر تھوڑی دیر بعد آہیں بھر رہی تھی۔

فہمانے ناگواری سے اسے دیکھا۔ کیسے یہ لڑکیاں روز ایک نئے بندے کے ساتھ۔۔۔ اف اس سے آگے وہ سوچنا بھی نہیں چاہتی تھی۔

کیسے وہ اس گرداب سے نکلے۔ خودکشی۔۔ نہیں ایک غلطی وہ کر بیٹھی تھی دھوکہ دینے اور جھوٹ بولنے کی مزید وہ اللہ کی نظر میں گناہگار نہیں بننا چاہتی تھی۔

صبح سے وہ سوچ سوچ کر نڈھال تھی کہ کیسے آج بچے۔ ابھی وہ انہی سوچوں میں گھری تھی کہ اسے سارا آتی دکھائی دی۔ اس دن کے بعد آج فہمانے اسے دیکھا تھا۔

"کون مل گیا آخر تمہیں" اس نے سگریٹ کے کش لگاتے ہوئے کہا۔

فہمانے نفرت سے اسکی جانب دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس ایک پرنس چارمنگ تھا۔ سائیڈ پوز ہی لے سکی ہوں اسکا دکھاتی ہوں تمہیں "اسی لڑکی نے اپنا موبائل نکالتے ہوئے کہا۔ جسے سب ٹینا کے نام سے جانتے تھے۔

"یہ دیکھو" جیسے ہی اس نے سارا کو دکھایا وہ چونکی۔

"یار ایسا ہی ایک بندہ میرے کلب میں ہے مگر وہ تو بہت اٹیٹیوڈ والا ہے لڑکیوں سے بات بھی نہیں کرتا۔"

"ارے یہ تمہارے والے کلب میں ہی تو جاتا ہے "ٹینا کے کہنے پر وہ حیران ہوئی۔

"نام بتا" سارا نے بے صبری سے پوچھا۔

"زیاد "ٹینا کے بتانے پر اسکی باچھیں کھل گئیں۔

"یہی ہے پھر تو وہ۔۔ مگر میں حیران ہوں وہ یہاں کیسے آگیا" وہ ابھی تک حیران تھی۔

"آج آئے گا تو پوچھ لینا "ٹینا نے آنکھ مارتے ہوئے بے باکی سے کہا۔

"ویسے تو بڑی تیز ہے ایک ہی ملاقات میں اتنی انفارمیشن بھی لے لی "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دونوں نے بے ہنگم قہقہے لگاتے ہوئے ہاتھ پر ہاتھ مارا۔

فہما کو لگا انکی آوازیں ہتھوڑے کی طرح اسکے اعصاب پر برس رہیں ہوں۔ چپکے سے دو آنسو اسکی آنکھوں سے بہے۔

---

"ہیلو سر زراد اسپیکنگ "زراد نے سر مصطفی کو کال کی لائن پر آتے ہی بولا۔

"ہاں بھئی کیا رپورٹ ہے "

"سر ابھی تو میری رسائی ایک کمرے تک ہی ہوئی ہے۔ میں نے ٹیبل پر رکھے ڈیکوریشن پیس کو دیکھنے کے بہانے اس میں مائیکرو فون فٹ کر دیا ہے۔ آج رات پھر جاؤں گا۔ مزید کسی روم میں جانے کی کوشش کروں گا۔" اس نے کل کی کارکردگی کی تفصیل بتائی۔

"ویری ویل ڈن" سر مصطفی بہت خوش ہوئے۔

"اور سر سیفی نے اس سے اپنا سسٹم کنیکٹ کر لیا ہے اسکے علاوہ دو اور بندے بھی اس پر کام کر رہے ہیں "

"سپرب جاب کیپ اٹ اپ اور وہاں جو ڈسکشن ہوتی ہے اسکی رپورٹ مجھے دیتے رہنا "

"شیور سر۔"

"اوکے ٹاک یو ٹو مورو" کہتے ساتھ ہی انہوں نے فون بند کر دیا۔

اب اس نے سفیان کو کال ملائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

"آج رات اگر تو نے کوئی آئیں بائیں شائیں کیا تو یاد رکھنا وہ حشر کروں گی کہ اپنی شکل تک پہچان نہیں سکے گی۔ چٹی چمڑی دیکھ کر سوچا تھا پیسہ بنانے کی مشین بن جائے گی۔ تین دن سے ہمیں تگنی کا ناچ نچا رہی ہے۔" مہر النساء شام میں اسکے کمرے میں آئیں اور اسے آخری وارننگ دیتے ہوئے بولیں۔

"میں سب کروں گی جو آپ کہیں گی۔ مجھے میرا موبائل دے دیں پلیز "

"ہاہاہا۔۔۔ایسے مانگ رہی ہے جیسے ٹافی ہو۔ کتنی تو اچھی ہے۔۔۔ہاں۔۔۔۔چپیڑمار کر ساری معصومیت باہر نکال دوں گی۔ اتنا پاگل سمجھا ہے نہ ہمیں۔ موبائل دوں تا کہ تیرے ہوتے سوتے تیرا سراغ پا لیں۔

بند کر بکواس۔ تو جو تھی، جہاں سے تھی سب بھول جا۔

اب تو طوائف بن چکی ہے" اپنی کرخت آواز میں اسے باور کرواتی فہما کو روتا چھوڑ کر چلی گئ۔

رات۔۔۔۔کسی بھیانک ناگ کی طرح لگ رہی تھی اسے جو آتے ہی اسے نگل جائے گی۔

"یااللہ یہ رات کبھی نہ آئے میری زندگی میں" وہ اللہ جسے وہ صرف شکوے کرنے کے لیئے یاد کرتی تھی اب قدم قدم پر یاد آرہا تھا۔

اپنا بھاری سر پکڑے ابھی وہ بیڈ کے ساتھ نیچے ہی بیٹھی تھی کہ ایک لڑکی ایک انتہائ واہیات ڈریس لیئے اسے تیار کرنے پہنچ گئ۔

مرتے کیا نہ کرتے وہ سلیو لیس سوٹ اس نے پہنا۔ رات نو بجے تک اس لڑکی نے اسے تیار کر دیا۔

خود کو آئینے میں دیکھ کر وہ حیران رہ گئ۔ اس نے تو کبھی لپ اسٹک بھی نہیں لگائ تھی۔ بہت ڈارک تو نہیں پھر بھی میک اپ کی تہہ سے وہ کوئ اور ہی فہماد کھ رہی تھی۔

"تمہارے فیچرز بہت خوبصورت ہیں" میک اپ کرنے والی لڑکی نے کہا۔

"کاش نہ ہوتے، کاش میں کالی بھدی ہوتی تو آج میری قسمت اتنی بدصورت نہ ہوتی" فہما نے بمشکل آنسو پیئے۔

www.kitabnagri.com

اسے لگ رہا تھا کہ آج وہ واقعی میں سولی پر لٹکنے جا رہی ہے۔ دماغ لگتا تھا کہ سوچ سوچ کر پھٹ جائے گا کہ وہ کیسے اس سب سے بچے۔

"میڈم کہہ رہی ہیں اسے بھی ڈرائنگ روم میں لے آؤ کل والا گاہک آج پھر آیا ہے" سارا نے دروازے میں آ کر اطلاع دی۔

فہما نے گاہک کا لفظ سن کر کرب سے آنکھیں بند کیں۔

باہر نکلتے نکلتے وہ ٹشو سے اپنے ہونٹوں کی گہری لپ اسٹک ہلکی کرتی گئی۔ دل میں مسلسل وہ آیت الکرسی کا ورد کرتی جا رہی تھی۔ "اے اللہ میں اسے نظر ہی نہ آؤں" مگر وہ نہیں جانتی تھی کہ اسکے سوا آنے والے کو کچھ اور نظر ہی نہیں آئے گا۔

فہما مرے ہوئے قدموں سے سر نیچے کیئے ڈرائینگ روم میں داخل ہوئی۔ اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے وہ موت کے فرشتے کے پاس جا رہی ہو۔ آنے والے لمحات کا خوف اسے جکڑے ہوئے تھا۔

"آؤ آؤ فہما۔ یہ بھی ہمارا ہیرا ہے۔" مہر النساء نے فہما کو اندر داخل ہوتے دیکھا تو بے اختیار اپنی جگہ سے بڑھتی اسکے پاس آئی اور اپنی انگلیاں زور سے اسکی بازو میں پیوست کرتے ہوئے اسے باور کروایا کہ اس نے کوئی حماقت نہیں کرنی۔

فہما کو بھی اسی صوفے پر بٹھایا جہاں سارا پہلے سے اپنے جلوے دکھاتی براجمان تھی۔ گھٹنوں تک آتی ٹائیٹس اور ٹاپ لیس شرٹ پہنے وہ بے باکی سے زیاد کی جانب دیکھ رہی تھی۔ جبکہ فہما نے سلیولیس بازوؤں کو دوپٹے میں سلیقے سے چھپایا ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مجھے ایک ماہ کے لئیے یہ لڑکی چاہئیے۔منہ مانگی رقم دوں گا۔ "

فہمانے بے یقینی سے سر اٹھا کر اپنے سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا جس کی نظریں صرف فہما کو دیکھ رہیں تھیں۔

وہ تو ایک رات کا سوچتے کانپ رہی تھی اور کہاں ایک ماہ۔مہر النساء کا چہرہ تو چمک اٹھا اس نے فاتحانہ نظروں سے سارا کو دیکھا جس کی آنکھیں جتا رہیں تھیں کہ کیسا ہیرا ڈھونڈا ہے اس نے۔

"جیسے آپکی مرضی۔اسے لے جانا پسند کریں گے۔"مہر النساء تو لگ رہا تھا بچھی جا رہی ہے اسکے آگے۔

زیاد نے بھاری بھر کم چیک کاٹ کر اسکی جانب بڑھایا۔

"فی الحال تو آپکے نعمت کدے پر ہی شغل فرماؤں گا۔اور ہاں ایک ماہ کا مطلب اس پر سوائے میرے نہ کسی کی نظر پڑے اور نہ کسی کا ہاتھ لگے"زیاد کی نظریں ہنوز اسکا طواف کر رہیں تھیں جس کس چہرے پر موجود میک اپ بھی اسکی اذیت کو چھپانے میں ناکام تھا۔

"جو حکم آئیے پھر"مہر النساء نے اسے چلنے کا اشارہ کیا اور ساتھ ہی فہما کو بھی اٹھایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ چلتے ہوئے لاؤنج میں آئے کہ دیوار پر براجمان ایک پینٹنگ دیکھ کر زیاد رکا۔

"خیریت سرکار"مہر النساء نے اسے رکتے دیکھ کر اچھنبے سے دیکھا۔اس پینٹنگ میں سورج کے غروب ہونے کا منظر تھا۔

"بہت خوبصورت ہے"زیاد اسکے قریب جا کر اس پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا اور پھر ایک کونے سے تھام کر کچھ دیر اسے دیکھتا رہا۔پھر انکی جانب مڑ کر انہیں بڑھنے کا اشارہ کیا۔

مہرالنساء اسے لئیے ایک راہداری میں بڑھی اور پھر اس میں دائیں جانب پر بنے آخری کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی۔

"لیجئیے آپکی منزل "کمرے کے اندر فہما کا بازو چھوڑ کر وہ معنی خیز مسکراہٹ چہرے پر سجائے زیاد سے مخاطب ہوئی۔

"بہت شکریہ "

"کچھ چاہئیے تو بتادیں "

"جو چاہئیے تھا وہ تو آپ نے دے دیا اور کسی چیز کی ابھی خواہش نہیں "اس نے ایک مرتبہ پھر فہما کو اپنی گہری نظروں کے فوکس میں رکھتے ہوئے کہا۔

مہرالنساء کو اس لڑکے کی حاضر جوابی بہت پسند تھی۔بہت ہی گہرا انسان معلوم ہوتا تھا۔وہ مسکراتے ہوئے باہر نکل گئی۔اور زیاد نے بڑھ کر کمرے کا لاک بند کیا۔

www.kitabnagri.com

-____________________________

جیسے ہی وہ لاک کر کے مڑا فہما سر سے پاؤں تک کپکپانے لگ گئی۔وہ بجائے فہما کے پاس آنے کے بیڈ کے پاس رکھی راکنگ چئیر پر بیٹھ گیا۔اور موبائل میں کچھ ٹائپ کرنے لگا۔

فہما نے ڈرتے ڈرتے سر اٹھا کر اسکی جانب دیکھا نجانے اسے یہ چہرہ کیوں دیکھا ہوا محسوس ہوا۔

موبائل کان سے لگاتے اس نے فہما کی جانب دیکھا۔زیاد کی آنکھوں میں اب کی بار اسے سرد مہری نظر آئی

"بیٹھ جائیں۔ آپکا ہی گھر ہے" بیڈ کی جانب اشارہ کرتے اس نے فہما سے کہا اور ایک مرتبہ پھر اسے نظر انداز کیا۔

فہما کو اسکا انداز کچھ عجیب لگا وہ جو کچھ دیر پہلے اس پر نثار ہو رہا تھا یکدم اتنی سرد مہری۔ تو کیا اللہ نے میری دعا قبول کرلی اور اسکا دل میری جانب سے پھیر دیا۔ بیڈ پر بیٹھی ہاتھوں کو گود میں رکھے سر جھکائے وہ سوچ رہی تھی۔ یہ جانے بغیر کے وہ سرد مہر آنکھیں پھر سے اس سے لپٹ گئی ہیں۔

"ہاں میں پہنچ گیا ہوں کافی دیر کا نیکسٹ جو میں نے لگایا ہے اسکی پروگریس کیا ہے۔ ویری گڈ۔ ٹاک یو ٹومورو۔" فون بند کرتے ساتھ ہی وہ سارے کمرے کا چکر لگانے لگا۔

اب کی بار اسکی آواز سنتے ہی فہما کے دماغ میں جھماکا ہوا۔ اس نے بے یقینی سے اسکی جانب دیکھا۔ چھ فٹ سے نکلتا قد، گھنے کالے بالوں سے ڈھکا سر، گہری کالی آنکھیں جو ایسی محسوس ہوتیں جیسے اگلے کا ایکسرے کر رہی ہوں، کھڑی ناک، چہرے پر بیرڈ جو اسکی خوبصورتی کو چار چاند لگاتی تھی۔ بھنچے ہونٹ۔

بالکل وہی تھا بس وردی نہیں تھی جسم پر۔ اس وقت وہ وائٹ ٹی شرٹ اور بلیک جینز میں ملبوس تھا۔ بازوؤں کے مسلز واضح دکھائی دے رہے تھے۔

"سن۔۔۔ سنیں" فہما نے یکدم اسے پکارا۔ وہ جو وہاں رکھے فون سیٹ کا ریسیور اٹھا کر کچھ چیک کر رہا تھا۔ فہما کی آواز پر مڑ کر اسے دیکھا۔

اف یہ آنکھیں فہما کیسے بھلا سکتی تھی جس نے اسکی زندگی اس دن یونیورسٹی میں بچائی تھی۔ وہ تو اسے حفظ ہو چکا تھا۔ اس نے اسکے بازوؤں کی جانب دیکھا انہی بازوؤں نے اسے تحفظ دیا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپ وہ کمانڈو ہیں نہ جس نے وہاں۔۔۔" ابھی اسکی بات مکمل نہیں ہوئی تھی کہ زیاد نے قہقہہ لگایا۔

"پاگل ہو گئیں ہیں آپ شاید۔ ایسے لوگوں کا یہاں کیا کام" اس نے سنجیدہ ہوتے فہما کے وجود سے نظریں ہٹاتے کہا۔

"آپ جھوٹ بول رہے ہیں مجھے اچھی طرح۔۔۔" فہما نے حیرت سے اسے دیکھتے ہوئے کہا

"پرابلم کیا ہے آپکے ساتھ" اس نے پھر اسکی بات کاٹتے غصے سے کہا۔

"اگر آپ وہ نہیں جو میں سمجھ رہی ہوں تو پھر آپ ویسے کیوں نہیں جیسے بن کے یہاں آئے ہیں"۔ اب کی بار فہما نے بھی غصے سے کہا آخر وہ اسے کیوں جھٹلا رہا تھا۔

"آپکو بہت افسوس ہے اپنی تیاری ضائع ہونے کا۔ اب تک کتنوں کا دل بہلا چکی ہیں" وہ ریسیور کریڈل پر واپس رکھتا ہاتھ پاکٹس میں ڈالے اسکے قریب آتے ہوئے بولا پھر بیڈ پر اسکے سامنے بیٹھتے ہوئے بولا۔

"اللہ نہ کرے۔ دیکھیں اگر آپ وہ نہیں بھی تو بھی مجھے لگتا ہے کہ آپ اچھے انسان ہیں کیا میں آپ سے کچھ شئیر کر سکتی ہوں" اس کے کترائے انداز دیکھ کر فہما کو کچھ حوصلہ ہوا۔

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

"شیور" اسکی اجازت ملتے ہی اس نے خود پر بیتی ساری بات روتے ہوئے بتائی۔

"پلیز آپ مجھے یہاں سے نکالنے میں مدد کر سکتے ہیں۔" اس نے بہت سے آس سے اسکی جانب دیکھا۔

"یہاں آپ نے مجھ سے جو کچھ ڈسکس کیا اور مزید آنے والی راتوں میں جو کچھ ہو گا آپ نے کسی کو نہیں بتانا۔ فی الحال آپ سو جائیں۔" اپنی بات کے آخر میں اسکا ایسا جواب سن کر وہ غم و غصے سے پیچ و تاب کھانے لگی۔

"بہت شکریہ "غصے سے فہما نے کہا۔

تھوڑی دیر بعد زیاد لائٹ آف کرکے پاس پڑے صوفے پر جا کر لیٹ گیا۔

اور وہ اپنی قسمت پر رونے بیٹھ گئ۔ مگر یہ سکون ہوا کہ کم از کم کچھ عرصے تک اسکی گندی غلیظ نظروں سے جان چھوٹ گئ۔ جو کوئ بھی ہے کم از کم اسکے لئیے فرشتہ بن کے آیا ہے آج رات۔یہی سوچتے خود پر دوپٹہ پھیلائے وہ سو گئ۔

---

"سب کی سب اس تہہ خانے میں پہنچا دینا اور دیکھنا ذرا سی بھی بھول چوک نہیں ہونی چاہئیے۔اور ہاں میں نے تمہیں لڑکیوں کی دبئ کے لئیے سپلائ کا کہا تھا اس کام کا کیا بنا" زراد اور سفیان ہیڈ کوارٹر میں بیٹھے کانوں سے ہیڈ فون لگائے کسی عورت کی آواز سن رہے تھے۔

"میڈم وہ کام ہو گیا ہے مگر اس مہینے کے آخر میں سپلائ سٹارٹ کرنی ہے۔ آپ تب تک کچھ اور اچھے پیس قابو کریں۔ایک دو کی میں نے تصویریں شیخ کو دکھائیں تھیں مگر اسکو پسند نہیں آئیں "

اب ایک مرد کی آواز گونجی۔

"چل میں کچھ کرتی ہوں اس کا۔اب تو جا اس کمرے میں احتیاط سے لے کر جانا" اس کے ساتھ ہی خاموشی چھا گئ۔

"میں نے تمہیں کہا تھا ان کے ہئیر وئن کے اڈے اسی جگہ ہیں۔ جلد از جلد وہ جگہ ڈھونڈنی ہے۔ "

"اور یہ لڑکیوں والا کیس "زراد کے خاموش ہوتے ہی سفیان بولا۔

"اس کو بھی ٹیکل کرتے ہیں ڈونٹ وری "

"تم ایک کام کرو وہ جو تمہارا دوست ہے گھروں کی کنسٹرکشن کرتا ہے۔ وہ یقیناً اس آرکیٹکٹ کو جانتا ہو گا جس نے یہ گھر بنایا ہے۔ تم اس کو کہو اپنے ریسورسز یوز کر کے ہمیں یہاں کا پورا نقشہ دے۔ کل رات نیچے کا تو سارا ایریا میں نے دیکھ لیا تھا۔ مگر میں چاہتا ہوں کہ کوئی رسک لینے کی بجائے ہمیں ایسے ہی وہاں کا آئیڈیا لگا لیں۔ پھر اس تہہ خانے تک پہنچنا آسان ہو جائے گا "

"ٹھیک ہے میں آج ہی کال کرتا ہوں "

"اس کو کہنا ہمیں اس گھر کا آؤٹ لک اچھا لگا ہے یقیناً گھر اندر سے بھی خوبصورت ہو گا۔ ہمیں ویسا ہی نقشہ تیار کروانا ہے سو آپ اسکا نقشہ چیک کروائیں

"یار تیرا دماغ تو بہت ہی ڈیش ہے "سفیان کال ملاتے ہوئے بولا۔

بیٹا ایسا دماغ یا تو انسان کو ڈان بنا دیتا ہے یا پھر سیکرٹ ایجنٹ "

"بجا فرمایا "زراد کی بات پر سر دھنتے ہوئے وہ فون سے آنے والی آواز کی جانب متوجہ ہوا۔"

---

اگلی رات بھی سج سنور کر فہما کو اسی کمرے کی جانب جانا پڑا۔ زیاد وہاں پہلے سے موجود تھا۔

جیسے ہی وہ اندر آئی ایک سرسری نظر ڈالنے کے علاوہ اس نے اس سے کوئی بات نہیں کی۔

اپنے موبائل پر وہ مصروف رہا۔

"آپ سو جائیں" فہما جو اس امید پر بیٹھی تھی کہ شاید وہ اسکی کوئی مدد کی بات کرے گا۔ اس کے منہ سے ایسی بات سن کر وہ سخت بدمزہ ہوئی۔

"آپ اپنے گھر کیوں نہیں سوتے آخر یہاں آپکو کیا ملتا ہے" آخر فہما نے پوچھ ہی لیا۔

وہ جو نظریں جھکائے ایک ٹانگ صوفے پر اور ایک ٹانگ فولڈ کر کے پاؤں زمین پر رکھے بیٹھا تھا۔ فہما کی جھنجھلاہٹ سے بھرپور آواز میں کیا جانے والا سوال سن کر مسکرایا۔

فہما سے تو اسکی دلکش مسکراہٹ سے پیچھا چھڑانا عذاب ہو گیا۔

"آپ کو اتنی ٹینشن کیوں ہے۔ شکر نہیں کرتیں کہ میں ایک شریف انسان ہوں "

"وہ تو ہے مگر مجھے مگر۔۔۔ "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جب اللہ نے آپکی مشکل آسان کر دی ہے تو پھر اگر مگر کس بات کی۔ منہ دھوئیں اور سو جائیں" آرام سے اسے مشورہ دیتا پھر سے خاموش ہو گیا۔

وہ اٹھی منہ دھویا وضو کیا۔ باہر آ کر بیڈ کی پائنتی پر پڑی ایک چادر اٹھا کر جائے نماز کی طرح بچھائی کہ زیاد کی آواز آئی۔

جو خاموشی سے اسکی کاروائی دیکھ رہا تھا۔

"اس طرف نہیں اس طرف ہے قبلہ رخ" زیاد نے ہاتھ کے اشارے سے اسے صیحح قبلہ رخ بتایا۔ اس نے حیران ہو کر دیکھا۔

"آپکو نماز کے لئے بچھاتے دیکھ کر میں نے موبائل پر ڈائریکشن دیکھی ہے" اس نے موبائل لہراتے ہوئے اسکی حیران آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

واقعی وہ جب سے یہاں آئی تھی بس اندازے سے نماز پڑھتی تھی۔ یہاں کس سے پوچھتی۔ اسکا شکریہ کہتی وہ نماز پڑھنے لگی۔

زیاد کی جانب اسکا دایاں رخ تھا۔ وہ محویت سے اسکے معصوم چہرے کو دیکھنے لگا۔ وہ کیسے اس چہرے کو بھول سکتا تھا جسے یونیورسٹی میں بچاتے ہوئے یہ نہیں جانتا تھا کہ اسے کس حال میں اور کہاں دیکھنا پڑے گا۔

تحفظ کے جس احساس میں وہ یونیورنٹی کے ہال میں اسکے بازو سے لپٹ گئ تھی وہ کتنے ہی دن اسکی اس حرکت پر حیران رہا۔

اس مشن کے بعد بھی وہ اسے بھول نہیں پایا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور یہاں ایک طوائف کے روپ میں دیکھ کر اسکا خون کھول گیا تھا۔

جتنی ڈری سہمی وہ آئی تھی اسے دیکھتے ہی اندازہ ہو گیا تھا کہ انکی کسی سازش کا شکار ہوئی ہے۔

اسی لئیے اس نے ایک ماہ کے لئیے اسے اپنی پناہ میں لے لیا تھا تا کہ کوئی میلی نظر اسے چھو کر نہ گزرے پھر بھی ایک خوف تھا مگر وہ خوف بھی فہما کی ساری کہانی سن کر دور ہو گیا کہ اللہ نے اسکی عزت کو محفوظ رکھا ہے۔

جیسے ہی وہ نفل پڑھ کر فارغ ہوئ اور چادر تہہ کرنے لگی زراد عرف زیاد بھی چونکا۔

ابھی وہ یہ حقیقت فہما سے چھپانا چاہتا تھا کہ اسکا گمان زراد کے بارے میں درست ہے۔

"نام کیاہے آپکا" اسکا چادر تہہ کرتا ہاتھ ایک سیکنڈ کے لیئے رکا۔

" فہما۔ مہرالنساء نے بتایا تو تھا" اس نے زراد کو یاد کروایا۔

"ہاں ایکچولی میں یہ موبائل آپکے لیئے لایا ہوں۔یہاں لوگ ان لڑکیوں کو بہت سے گفٹس دیتے رہتے ہیں سو صبح بے شک آپ ان کو بتا دینا چھپانا مت۔ میرا نمبر ہے اس میں کوئ پریشانی یہاں لگے یا یہ کسی اور کے ساتھ آپکی ڈیل کرنے لگیں تو مجھے فوراّ میسج کرنا اوکے

اس نے اثبات میں سر ہلاتے موبائل لے لیا

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دن صبح اس نے سب لڑکیوں کو موبائل دکھایا سب اسکی قسمت پر رشک کر رہیں تھیں کہ کتنی مالدار آسامی اسکے ہاتھ لگی ہے۔

اگلے دو دن بھی یونہی گزر گۓ۔ فہما کو سمجھ نہیں آتی تھی کہ روزانہ وہ آدھا گھنٹا اس کمرے میں مسلسل چلتا رہتا ہے۔ پھر ہلکے سے کسی جگہ پاؤں مارتا ہے اور پھر چلنا شروع کر دیتا ہے۔

فہما اس دوران بہت چپکے سے اسکی ایک آدھ تصویر کھینچ لیتی تھی۔ اسے یقین تھا کہ یہ وہی کمانڈو ہے۔ ان دنوں مہر النساء کو یقین ہو گیا کہ فہما اب ادھر ادھر نہیں ہو گی تو اس نے اپنی باقی لڑکیوں کے ساتھ اسے بھی پارلر بھیجا۔

فہما بجھے دل کے ساتھ فیشل کروا رہی تھی کہ اپنے قریب ایک ورکر کی آواز آئی۔

"ہیلو مسز سفیان کیسی ہیں اور میجر صاحب کا کیا حال ہے" میجر کا لفظ سن کر فہما چونکی۔

کیا یہ میری کوئی مدد کر سکتی ہے۔ جیسے ہی اسکا فیشل ختم ہوا اس نے اپنے پاس کھڑی ورکر کو پین اور پیپر کا کہا۔

اور ساتھ مسز سفیان پر ایک نظر ڈالی۔ ینگ سی وہ لڑکی فہما کو نجات دہندہ لگی۔

فہما نے اٹھتے ہوئے وہ پیپر رول کر کے پاس سے گزرتے یکدم اسکا ہاتھ پکڑتے اور ہیلو کہتے اسکے ہاتھ میں اسطرح سے دیا کہ سب یہی سمجھے کے فہما نے اس لڑکی سے ہاتھ ملایا ہے۔

اس نے بھی حیران ہو کر فہما کو دیکھا مگر اپنے ہاتھ میں کوئی پیپر محسوس کر کے یکدم اپنی مٹھی بند کی۔

فہما جا چکی تھی۔

سفیان کی وائف واش روم میں گئی۔ ایک سیکرٹ ایجنٹ کی بیوی ہونے کے ناطے وہ اس طرح کی سچویشنز کو اب ہینڈل کر لیتی تھی۔

جیسے ہی اس نے واش روم میں آ کر پیپر کھولا اس کی تحریر پڑھ کر وہ شاکڈ رہ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میجر کی بیوی ہونے کے ناطے مجھے لگا آپ میری مدد کر سکتی ہیں میں بہت مشکل میں ہوں شریف گھر کی ہوں مگر کال گرلز کے ہاتھ دھوکے سے لگ گئی ہوں۔پلیز آپ مجھے یہاں سے نکلوا دیں۔نیچے میرا نمبر ہے ایک امید کی کرن آپکی صورت نظر آئی ہے۔پلیز "

شزا نے جلدی جلدی اسکا نمبر نوٹ کیا۔

________________________________-

فہما واپس آکر انتظار میں تھی کہ کب شزا کا میسج یا کال آئے۔رات آٹھ بجے کے قریب شزا کا واٹس ایپ پر میسج آیا

"میں مسز سفیان "

فہما نے جلدی سے اسے اپنا نام لکھ کر یقین دہانی کروائی کہ یہ اسی کا نمبر ہے اور فوراً شزا کا نمبر بھی سیو کر لیا۔

"ہاں اب بتاؤ کہ کیا ہوا ہے تمہارے ساتھ۔"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کے بتاتے ہی فہما نے اسے اپنی ساری کہانی بتائی۔

"اور آپکو ایک بات بتاؤں یہاں ایک کمانڈو آتا ہے جس نے مجھے ایک ماہ کے لئیے ان سے بچا لیا ہے اس نے یونیورسٹی میں کچھ عرصہ پہلے ہونے والی دھشت گردی میں مجھے بچایا تھا۔اور یہاں بھی ان کو ایک ماہ کے لئیے میرے لئیے پیسے دئیے ہیں۔

جب میں نے اسے پہچان کر پوچھا کہ آپ وہی کمانڈو ہیں تو اس نے مجھے جھٹلایا۔

آپ اسکے خلاف ایکشن لیں۔ وہ ایس ایس جی کو دھوکہ دے رہا ہے اور ایسی غلط جگہ آتا ہے "

شزا کی تو آنکھیں حیرت سے کھل گئیں فہما کا میسج پڑھ کر وہ لوگ اس وقت چائے پی رہے تھے۔ سفیان، شزا اور زراد۔ زراد سفیان سے کوئی کیس ڈسکس کر رہا تھا۔

"تمہارے پاس کیا ثبوت ہے کہ یہ کمانڈو ہی ہے۔ "

"میں اسکو کبھی نہیں بھلا سکتی اس کو دیکھ کر جس تحفظ کا احساس مجھے یونیورسٹی میں ہوا تھا میں آپکو بتا نہیں سکتی۔ اچھا میں آپکو اسکی پکس سینڈ کرتی ہوں۔ میں نے کل لیں تھیں آپ اپنے ہزبینڈ کو دینا آیم شیور وہ ضرور پتہ کر لیں گے " فہما نے میسج کرتے ساتھ ہی زراد کی پکچرز ڈھونڈ کر شزا کو سینڈ کیں۔

شزا کو جیسے ہی پکچرز ملیں وہ توہکا بکا رہ گئی۔

"زراد بھائی "اس نے بے اختیار زراد کو پکارا۔

"جی بھابھی "وہ اپنے سامنے رکھی فائل کو پڑھنے میں مصروف تھا اسی انداز میں بولا۔

"یہ آپ کال گرلز کے پاس کب سے جانے لگ گئے ہیں "زراد اور سفیان دونوں بری طرح چونکے۔

"آ۔۔ آپ کو کس نے کہا "زراد نے اپنے گھبرائے لہجے پر قابو پایا۔

"نہ صرف بتایا ہے بلکہ ثبوت بھی حاضر ہے "شزا نے طنزیہ نظروں سے کہتے ساتھ ہی موبائل کا رخ اسکی جانب کیا۔

زراد نے اس کے ہاتھ سے موبائل لیتے اپنی پکچر دیکھی سینڈر کا نام پڑھتے ہی وہ چونکا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اگر اجازت ہو تو سارے میسجز پڑھ سکتا ہوں۔" اس نے مسکراتی نظروں سے شنزا کو دیکھا۔ اسکے سر ہلانے پر جوں جوں وہ میسج پڑھتا گیا اسکا ہنس ہنس کر برا حال ہو گیا۔

"یار اس بندی کو سیکرٹ ایجنٹ ہونا چاہیئے تھا۔ "

"واقعی "سفیان بھی اسکے ساتھ میسجز پڑھ رہا تھا اس نے بھی زراد کی بات کی تائید کی۔

"اب آپ دونوں مجھے بھی کچھ بتائیں گے " شنزا کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ اس نے دونوں کو گھورتے ہوئے کہا۔

آخر انہیں شنزا کو اپنا کیس بتانا پڑا

"باقی سب تو ٹھیک ہے مگر یہ ایک مہینے والی کہانی سمجھ نہیں آئی" ساری ڈیٹیل کہہ سننے کے بعد سفیان نے مشکوک نظروں سے زراد کو دیکھا۔ جو بمشکل اپنی بے ساختہ مسکراہٹ چھپانے کی کوشش کر رہا تھا۔

"کچھ نہیں یار کسی کو بچا کر نیکی کما رہا ہوں"

"نہ میرا بیٹا صرف نیکی کا سین نہیں ہے "سفیان اتنی آسانی سے اسکی جان چھوڑنے والا نہیں تھا۔

"بالکل صحیح سے بتائیں" شنزا نے بھی تائید کرتے اسے دیکھا۔

" آپ دونوں کو اب نیند آ رہی ہے میں اب چلتا ہوں" اس نے اٹھنے کے لیئے پر تولے۔

"بیٹا تو ہل کہ دکھا۔ بتا سیدھی طرح" اب کی بار سفیان نے رعب سے پوچھا اور زراد کو انکو بتاتے ہی بنی کہ وہ ہرنی آنکھوں والی لڑکی اس کو بے حد پسند ہے اور یہ کہ وہ اسے وہاں سے جلد از جلد نکالنا چاہتا ہے۔

"ھمم چل کل تک کوئی انتظام کرتے ہیں" سفیان نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔

---

اس رات وہ فہما کی طرف نہیں گیا۔ رات بارہ بجے تک انتظار کرنے کے بعد اسے ٹینشن شروع ہو گئی۔ تصویریں تو بڑی زیروزیرو سیون بن کر اس نے بھیج دیں تھیں۔ تو کیا اتنی جلدی اسکے خلاف ایکشن لے لیا۔

اور اگر وہ نہیں آیا اور ان لوگوں نے مجھے کسی اور کو۔۔۔۔ اس سے آگے اسکے لئیے سوچنا محال تھا۔

اس نے جلدی سے موبائل نکالا اور زراد کو کال ملائی۔

وہ جو اس وقت مہرالنساء کے گھر کا نقشہ پھیلائے مختلف ایریاز کو مارک کر رہا تھا۔

فہما کے نام کو موبائل کی اسکرین پر بلنک کرتے دیکھ کر حیران ہوا۔ پھر پہلا خیال یہی آیا کہ کہیں مہرالنساء نے کوئی گڑبڑ تو نہیں کی۔

"ہیلو "

"ہیلو میں فہما آپ زیاد بات کر رہے ہیں نا آپ ٹھیک ہیں نا" اسکے ہیلو کے جواب میں اسکا فکر سے بھرپور لہجہ سن کر وہ اپنی مسکراہٹ نہین روک پایا۔ وہ سمجھ گیا تھا کہ شزا کو تصویریں دینے اور پھر اسکی غیر حاضری کو لے کر وہ پریشان ہے۔

"کسر تو آپ نے کوئی نہیں چھوڑی تھی۔ میری ہی تصویریں لے کر لوگوں کو واٹس ایپ کی جا رہی ہیں۔ 007 بننے کا بہت شوق ہے آپکو۔" وہ رعب سے بولا۔

"آپ۔۔۔ آپ میرے کمانڈو ہیں نا" وہ بے خیالی میں میرے کمانڈو کہہ گئی۔ پھر اپنی بے خیالی پر زبان دانتوں میں دبائی۔

دوسری جانب تو اسکی بے اختیاری پر زراد نے بمشکل قہقہہ روکا۔ مگر شرارتی لہجے پر کنٹرول نہیں کر سکا۔

"مجھ پر آپ نے اپنا نام کب لکھوایا۔ "

"اصل میں آپ آئے نہیں تو میں پریشان ہو گئی" اس نے زراد کی بات نظر انداز کی۔

"آپ کیا مجھے مس کر رہیں تھیں" اسکا آنچ دیتا لہجہ فہما کو اچھا خاصا کنفیوز کر گیا۔

"نہین وہ میڈم بہت مرتبہ پوچھ رہی تھی۔ اب مجھے تو پتہ نہیں تھا سو سوچا آپ سے پوچھ لوں" اس نے اپنی طرف سے بات بنائی۔

"چلیں آپ کہتی ہیں تو مان لیتا ہوں۔ لیکن آپ نے آج جو شزا بھابھی کو میری پکچرز بھیجیں ہیں اسکا بدلہ میں جلد لوں گا" اپنے لہجے کو خوفناک حد تک سنجیدہ بناتے ہوئے وہ بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آئیم سوری "

"اب کل ہی روبرو بات ہو گی" کہتے ساتھ ہی زراد نے کال کاٹی۔ اور زیر لب مسکرایا

---

وہ آفس میں بیٹھا ابھی کسی رپورٹ کی پروف ریڈنگ کر رہا تھا کہ موبائل پر اس نے سفیان کی کال اٹینڈ کی۔

"ہاں بھئی کیا رپورٹ ہے" فون کان سے لگاتے ہی وہ بولا۔

"اچھی رپورٹ نہیں ہے وہ لوگ فہما کی پکچرز اپنے دبئ والے کلائنٹ کو بھجوانے کا سوچ رہے ہیں کل رات ہی ڈسکشن ہوئی ہے۔"

"کیا بکواس ہے یار" وہ غصے سے بھنایا۔

"بکواس نہیں سچ ہے۔ جیسے ہی تیرا ایک ماہ ختم ہو گا اسے سیدھا باہر پہنچائیں گے۔ اب جو کرنا ہے ہمیں آج رات میں کر کے فہما کو سیف کرنا ہے"۔ سفیان کے کہنے پر اسکا دماغ تیزی سے پلین بنانے لگا۔

"تم گھر پر ہو" اس نے سفیان سے پوچھا۔

"نہیں ابھی تھوڑی دیر میں پہنچنے والا ہوں راستے میں ہوں کیوں خیریت۔" سفیان نے اچھنبے سے پوچھا۔

"گھر پہنچ کر بھابھی سے میری فوراّ بات کروا" اس نے کہتے ساتھ ہی فون بند کیا۔

---

ابھی وہ دوپہر کا کھانا کھا کر اپنے کمرے میں ہی بیٹھی تھی کہ شزا کی کال آنے لگ گئ۔ اس نے سامنے لگے ٹی وی کی آواز اونچی کی تا کہ کوئ بات باہر نہ جا سکے۔

"ہیلو جی کیسی ہیں آپ" اس نے خوشگوار لہجے میں اس سے پوچھا۔

"میں ٹھیک ہوں۔۔ میں اگر تمہیں بڑی بہن سمجھ کر کوئ حکم دوں تو کیا تم مانو گی" شزا کی بات پر اسکی آنکھوں میں آنسو جھلملائے۔

"حکم تو کر کے دیکھیں" اس نے نم آواز میں کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"زراد جس کو تم زیاد کے نام سے جانتی ہو۔ آج رات جب وہ تمہیں باہر لے جانے آئے گا تو کوئی چوں چراں کے بغیر آجانا۔ سمجھو یہ تمہیں اس جہنم سے نکالنے کا پہلا قدم ہے۔"

اس نے حیران ہوتے اسکی بات سنی۔

"تم سن رہی ہو ناں" دوسری جانب مکمل خاموشی نے اسے پریشان کیا۔

"جی جی میں سن رہی ہوں۔ میں آنکھیں بند کر کے آپ پر یقین کر رہی ہوں کہ اسکے علاوہ کوئی چارا نہیں میں نے حالات کے سپرد خود کو کر دیا ہے۔ مجھے پوری امید ہے میرا اللہ مجھے ضرور بچائے گا۔ جب اتنے درندوں میں رہ کر زراد جیسا فرشتہ بھیجا ہے تو یقیناً آگے بھی وہ مجھ پر اپنا کرم کرے گا" اس نے پر یقین آواز میں کہا۔

"میں رات میں ضرور آؤں گی" اسکے کہنے پر شزا نے ایک دو اور ہدایتیں دے کر فون بند کر دیا۔

---

رات میں وہ زراد کے آنے سے پہلے تیار تھی۔ جیسے ہی زراد کے آنے کی اطلاع ملازمہ نے دی وہ ڈرائینگ روم میں آئی جہاں زراد پہلے سے موجود تھا اور مہر النساء بھی۔

جیسے ہی وہ اندر آئی زراد اسے دیکھ کر کھڑا ہوا۔ جو لیمن کلر کے فراک اور فیروزی پاجامے میں ملبوس تھی جس پر بہت نفیس کام ہوا تھا۔ دوپٹہ پھیلا کر آج پھر اس نے سلیو لیس بازوؤں کو ڈھکا ہوا تھا۔ کھلے لمبے بالوں کی سائیڈ سے مانگ نکالی گئی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اگر آپ کی اجازت ہو تو میں انہیں باہر لے جاؤں" زراد نے بمشکل اسکے خوبصورت چہرے سے نظریں ہٹائیں۔

"ارے سرکار یہ تو فی الحال آپکی امانت ہے جہاں مرضی لے جائیں" وہ معنی خیزی سے مسکرائی۔

زراد نے آگے بڑھ کر فہما کے کندھے پر اپنا بازو پھیلا کر اسے اپنے ساتھ لگایا۔

"چلیں سوئیٹ ہارٹ" فہما تو اس بے تکلفی پر شرم سے پانی پانی ہو گئی۔

بمشکل ہلکا سا مسکرا کر اثبات میں سر ہلایا۔

"اوکے میڈم" کہتے ساتھ ہی وہ اسی طرح اسے بازو کے حلقے میں لیئے باہر نکلا۔

فہما نے ایک دو مرتبہ اسکا بازو ہٹانے کی کوشش کی مگر گرفت مضبوط تھی۔

گاڑی میں بیٹھ کر اس نے سکھ کا سانس لیا۔

"کیا فضول حرکت تھی یہ" فہما نے غصے سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔ جو کمال خوبصورتی سے اپنی مسکراہٹ چھپائے سامنے دیکھتا ڈرائیو کر رہا تھا۔

"کون سی" اس کی معصومیت پر اسکا دل کیا سر گاڑی کے شیشے میں دے مارے۔

"وہی جو آپ نے اس میڈم کے سامنے کی ہے" ابھی تک اسکا تنفس بحال نہیں ہوا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو کیا میں آپکو کہتا چلیں میڈم۔۔۔ آپ جانتی ہیں میرا اور آپکا تعلق کیا ہے انکی نظر میں اسکے لئیے مجھے ڈرامہ کرنا پڑا۔ ادروائز میں کوئی آپکے قریب آنے کے لئیے پاگل نہیں ہوا جارہا" زراد کے لہجے نے اچھی طرح اسے باور کروایا کہ اس نے ایسا کیوں کیا تھا۔

گاڑی کچھ دیر بعد ایک ہوٹل کے آگے رکی۔ گاڑی لاک کرکے زراد نے اسکے ساتھ قدم بڑھائے۔ ریسیپشن پہ پہنچ کر اس نے ایک کمرے کا نمبر پوچھا۔ انکے گائیڈ کرنے پر وہ لفٹ کی جانب آئے کیونکہ کمرہ تیسرے فلور پر تھا۔ اس سے ذرا پیچھے چلتے فہما نے نظر اٹھا کر زراد کو دیکھا جو اس وقت بھی اسکن کلر کی ٹی شرٹ اور جینز میں موجود تھا۔ سر اٹھائے وہ ہمیشہ ایسے چلتا تھا جیسے فاتح چلتے ہوں۔ وہ کسی چیز سے مرعوب ہونے والا بندہ نہیں لگتا تھا۔ لفٹ میں اسکے ساتھ جاتے اسکا دل دھک دھک کر رہا تھا۔ وہ نہیں جانتی تھی آگے اسکے ساتھ کیا ہونے والا ہے اس نے تو بس خود کو حالات کے دھارے پر چھوڑ دیا تھا۔

جیسے ہی لفٹ رکی فہما کی سوچیں بھی رکیں۔ زراد نے ایک مرتبہ بھی پیچھے مڑ کر اسے نہیں دیکھا جیسے یقین ہو کہ وہ اسکے پیچھے آئے گی ہی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک کمرے کے آگے رک کر اس نے کسی کو کال کی۔

"ہاں ہم پہنچ گئے ہیں دروازہ کھولو" اسکے کہتے ہی لاک کھلنے کی آواز آئی۔

اب کی بار اس نے فہما کا ہاتھ پکڑ کر اسکے ساتھ اندر قدم رکھے۔

اندر آتے ہی فہما کی نگاہ کرسی پر براجمان شزا پر پڑھی۔ وہ مسکراتے ہوئے اسکی جانب بڑھی۔ انکے علاوہ کمرے میں چھ اور بندے بھی تھے اور ایک مولوی بھی موجود تھا۔

"بہت شکریہ مجھ پر اعتبار کرنے کا اب ایک اور احسان کرو ہم تمہارا نکاح کروا کر تمہیں ایک مضبوط سائبان دینا چاہتے ہیں ہماری یہ خواہش بھی مان لو "

اپنی قسمت پر اور اللہ کی مہربانی پر فہما کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

"میں نے پہلے بھی کہا تھا آپ بس حکم کریں میں سب مانوں گی" فہما نے آنسو بہاتے اسے کہا۔

اس نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ کس سے نکاح ہے۔ وہ اب اللہ کی رضا میں راضی رہنا چاہتی تھی۔ کمرے میں ایک بیڈ اور کچھ کرسیاں تھیں۔

شزا نے اسے بیڈ کے ایک طرف بٹھایا اور سر پر دوپٹہ دیا۔

باقی سب بھی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔

مولوی نے نکاح پڑھانا شروع کیا۔

جس وقت مولوی نے نکاح میں لڑکے کے نام کی جگہ زراد کا نام لیا فہما نے جھٹکے سے سر اٹھا کر حیرت بھری آنکھوں سے اپنے سامنے بیٹھی شزا کو دیکھا اس نے فہما کا ہاتھ دبا کر اسے رضامندی کا اشارہ کیا۔

فہما نے ماؤف دماغ کے ساتھ کب قبول ہے کہا وہ نہیں جانتی تھی۔

" اتنی بڑی قربانی" فہما فقط یہیں تک سوچ سکی۔ زراد کی عظمت کا مینار اسکے دل میں کچھ اور بلند ہوا۔

ایجاب و قبول کے بعد سب چلے گئے سوائے شزا اور سفیان کے۔

فہما سفیان سے پہلی مرتبہ ملی تھی۔

"اچھا زراد بھائی اب ہم بھی چلتے ہیں بہت ٹائم ہو گیا ہے" شزا اٹھتے ہوئے بولی۔ پھر ایک نظر گم صم سی فہما پر ڈالی جو اب بھی بے یقین تھی۔

"ڈئیر اب تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں اب زراد بھائی جانیں اور وہ لوگ وہ خود ہی تمہیں اب صحیح سے پروٹیکٹ کر لیں گے۔" شزا نے اسکے گال تھپتھپاتے کہا۔

یکدم فہما اسکے گلے لگ کر رونے لگ گئی۔ دونوں اس وقت آمنے سامنے بیڈ کے پاس کھڑی تھیں جبکہ کچھ فاصلے پر زراد اور سفیان کھڑے انہیں دیکھ رہے تھے۔ زراد ہاتھ پیچھے باندھے سر جھکا چکا تھا۔

"میں کیسے آپ سب کا شکریہ ادا کروں" فہما پیچھے ہوتے ہوئی بولی۔

"یہ تو تمہیں اب زراد بھائی بتائیں گے کہ کیسے شکریہ ادا کرو" شزا نے شرارت سے کہا۔

جبکہ فہما کا دل دھڑکا۔ مگر وہ کسی خوش فہمی میں پڑھنا نہیں چاہتی تھی۔ اسکے خیال میں یہ سب صرف اسے اس زندان سے نکالنے کی کوشش تھی۔

فہما نے زراد کی جانب دیکھا جو ہنوز سر جھکائے کھڑا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اوکے بڈی" سفیان نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ انکے جاتے ہی فہما کو اسکے ساتھ ایک ہی روم میں رہنے کی فکر لگ گئی۔

زراد ان کو دروازے تک چھوڑ کر آ کے بیڈ پر ایسے نیم دراز ہوا جیسے اکیلا ہو۔ جبکہ فہما کھڑی انگلیاں چٹخا رہی تھی۔

"سنیں "

"سنائیں" وہ جو آنکھیں موندے آنکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے تھا اسی کے انداز میں بولا۔

"ہم کیا اس کمرے میں اکیلے رہیں گے " کوئی بات نہ بن پڑی تو فہما نے انتہائی احمقانہ سوال کیا۔ کم از کم زراد کو یہی لگا۔ آنکھوں سے ہاتھ ہٹاتے اسے دیکھا۔ فہما نے جلدی سے نظروں کا زاویہ بدلا۔

" پچھلے کتنے دنوں سے ہم رات میں ایک ہی روم شئیر کر رہے ہیں تو پھر آج کیا پرابلم ہے جبکہ اب تو ہمارے درمیان کوئی رشتہ بھی ہے "اس نے اٹھ کر بیٹھتے اپنی نظروں کو اس پر جمایا۔

"اف ایک تو اس بندے کی آنکھیں " فہما بس دل میں ہی سوچ کر رہ گئ۔

"مگر وہاں صوفہ تھا جہاں آپ لیٹ جاتے تھے یہاں کہاں لیٹیں گے "اسکی بات پر زراد کے چہرے پر بے ساختہ مسکراہٹ نمودار ہوئی۔

"یعنی آپکو ٹینشن یہ ہے کہ یہاں صوفہ نہیں ہے "اسے ہنوز بیڈ کے پاس کھڑے دیکھ کر وہ اسکے قریب گیا۔

"چلیں میں نیچے سو جاتا ہوں "اس نے حل بتایا اور کرسی پر پڑا ایک شوپر اٹھایا جس میں اسکا ٹراؤزر اور ٹی شرٹ تھی۔ اس نے چینج کرنے کی غرض سے نکالیں۔

"نہیں اب اپنے محسن کو میں نیچے تو سونے نہیں دے سکتی۔ "

"یعنی اگر میں صرف شوہر ہوتا تو سو جاتا "اسنے مسکراہٹ دباتے پوچھا۔

"نہیں یہ نہیں کہہ رہی "وہ کنفیوز ہو گئ۔

"مطنب آپ اوپر سو جائیں میں نیچے سو جاتی ہوں" اس نے اپنی طرف سے ایک اور حل نکالا جسے زراد نے تو بالکل نہیں ماننا تھا۔

" آپ کو ڈر کس بات کا ہے" اپنے کپڑے بازو پر ڈالے وہ ایک مرتبہ پھر سے اسکی جانب آیا اور سینے پر ہاتھ باندھ کر گہری نظریں اسکے چہرے پر ٹکائے بولا۔

"نہیں تو ڈر تو نہیں ہے" اس نے زور و شور سے اسکی بات کی نفی کی۔

"تو جب آپ کو کوئی ڈر نہیں تو نیچے سوئیں یا میرے ساتھ اوپر پرابلم کیا ہے۔ بیڈ کافی بڑا ہے ہم آرام سے لیٹ جائیں گے۔ میں ابھی بھی صرف محافظ ہی ہوں آپکا۔ کسی اور بات کی ٹینشن مت لیں" یہ اسکی اب تک کی فہما کے ساتھ سب سے زیادہ طویل گفتگو تھی۔

وہ بات جو وہ جھجھک کے باعث کہہ نہیں پا رہی تھی وہ سمجھ گیا تھا۔

اپنی بات ختم کرتے ساتھ ہی وہ مڑ کر واش روم میں چینج کرنے کے ارادے سے چلا گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فہما نے سکھ کا سانس لیا۔

"بھابھی نے آپکے لیئے بھی ایک سوٹ اس شاپر میں رکھا تھا چینج کرنا چاہئیں تو کر لیں "

فہما نے سر ہلا کر شاپر کا جائزہ لیا اور شکر کرتی کپڑے لے کر اندر چلی گئی۔ وہ سلیو لیس بازوؤں سے بہت تنگ تھی۔

زراد نے ابھی اس سے اپنی فیلنگز چھپانے کا ارادہ کیا۔ وہ فی الحال پوری ڈیڈیکیشن سے یہ مشن کرنا چاہتا تھا۔

ابھی وہ فہما سے کوئی جذباتی وابستگی کا اظہار نہیں کرنا چاہتا تھا کہ کہیں مہر النساء کو کسی قسم کا شک نہ ہو جائے۔

جب وہ چینج کر کے باہر آئی تو نظر سامنے بیڈ پر نیم دراز زراد پر پڑی جو موبائل ہاتھ میں لیئے اس پر گانے سننے میں مگن تھا ساتھ ہی ساتھ کچھ ٹائپ بھی کر رہا تھا۔ وہ بیڈ کے دائیں جانب لیٹا ہوا تھا۔ فہما کو بہت عجیب لگ رہا تھا اسکے بائیں جانب جا کر لیٹنا۔

زراد نے موبائل سے نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"آج رات آپ نے واش روم کی پہرہ داری کرنی ہے کیا" اسے شرمندہ کرنے کا کوئی موقع وہ ہاتھ سے جانے نہیں دے رہا تھا۔

فہما کپڑے شاپر میں ڈال کر آہستہ قدموں سے چلتی بیڈ کی جانب آئی۔ اس وقت وہ وائیٹ اور فیروزی لان کی پرنٹڈ شرٹ اور ٹراؤزر میں ہمرنگ دوپٹہ لیئے ہوئے تھی۔

بیڈ پر بیٹھ کر اس نے تکیہ اٹھایا اور بیڈ کی پائنتی کی جانب رکھا۔

"اس طرف قبلہ رخ ہے" زراد کی آواز پر اس نے تکیہ واپس زراد کے پاس رکھا

جھجھکتے ہوئے وہ لیٹ گئی۔ جبکہ دل کی حالت عجیب تھی۔ زراد کی جانب اسکی پشت تھی۔ آج وہ ذہنی طور پر اتنی ریلیکس تھی کہ چند ہی لمحوں میں سو گئی۔

جبکہ زراد کو اپنے جذبات پر بندھ باندھنا بہت ہی مشکل لگ رہا تھا۔

نیند میں فہما نے کروٹ زراد کی جانب لی۔ جو ابھی بھی بیڈ کی پشت سے ٹیک لگائے کوئی ای میل لکھ رہا تھا۔

یکدم اسکی نظر اسکے سوئے ہوئے وجود پر پڑی۔ محبوب پاس بھی ہو اور محرم بھی تو خود پر قابو پانا کتنا مشکل ہوتا ہے یہ آج زراد کو معلوم ہوا تھا۔ اوپر سے

Ed Shareen

کی آواز نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی

You look so wonderful in your dress

I love your hair like that

The way it falls on the side of your neck

Down your shoulders and back

Should this be the last thing I see

I want you to know it's enough for me

'Cause all that you are is all that I'll ever need

I'm so in love, so in love

So in love, so in love

اس نے اب کی بار رخ اسکی جانب موڑا جس کس خوبصورت بال اسکی گردن پر لپٹے تھے اور کچھ تکیے پر بکھرے تھے۔

وہ اتنی خوبصورت لگ رہی تھی کہ زراد کی دھڑکنیں اسے اس حسین چہرے کو چھونے پر اکسا رہی تھیں اس نے ہاتھ بڑھا کر اسکے چہرے سے بالوں کی لٹیں ہٹائیں۔

اس سے پہلے کے وہ مزید بڑھتا۔یکدم وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور کھڑکی میں جا کھڑا ہوا۔ابھی اسے کھڑے زیادہ دیر نہین گزری تھی کہ سفیان کی کال آگئ۔جس کو تھوڑی دیر پہلے ہی اس نے ایک ضروری رپورٹ میل کی تھی۔

"ہیلو "

"او کام کے بارے مین جنونی انسان تجھے آج رات بھی کام کی پڑی ہوئ ہے "

اسکے ہیلو کے جواب میں سفیان کا جھنجلاہٹ سے بھرپور لہجہ اسے مسکرانے پر مجبور کر گیا۔

"سیفی بیٹا آج میری ویڈنگ نائٹ نہیں ہے۔"

"میرے خیال میں ابھی کچھ دیر پہلے ہی تیرا نکاح ہوا تھا "

"ہاں مگر فی الحال یہ صرف نکاح ہے اور یہ وقت کی ضرورت تھا۔میں نے اسے کسی بھی رشتے میں ابھی نہیں بدلنا۔کیونکہ یہ ہم میں سے کسی کے حق میں بہتر نہیں۔جب تک یہ کیس ختم نہیں ہو جاتا۔"

اب کی بار سنجیدگی سے زراد نے سفیان کو اپنا لائحہ عمل بتایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مطلب میں ابھی تجھے چھیڑنے سے محروم ہی رہوں گا۔ سوچا تھا صبح تیرا اجلا چہرہ دیکھ کر تیری خوب عزت افزائی کروں گا" اسکی دکھ بھری آواز پر وہ بمشکل اپنا قہقہہ روک پایا۔

"میری جان میں روز صبح منہ دھو کر اجلے چہرے کے ساتھ ہی آفس جاتا ہوں" اس نے بھی سفیان کو چڑایا۔

"یہ جان وان تو اب کسی اور کو کہہ "

"وہ تو ابھی میری محبت سے ہی بے خبر ہے۔ جان کہا تو اس نے وہیں بے ہوش ہو جانا ہے۔" زرادرے ہلکا سا رخ موڑ کر سوئی ہوئی فہما کو دیکھا۔

"ہائے ہائے تیرے منہ سے یہ مجنوں والی باتیں سن کر دل میں ٹھنڈک پڑھ رہی ہے"

"اب تو فون بند کر اس سے پہلے کے بھابھی اٹھ کر تجھے ٹھنڈا کر دیں" زرادنے اسکا دھیان خود پر سے ہٹایا۔

"بیٹا وہ دن دور نہیں جب میری بھابھی بھی تجھے ٹھنڈا کرے گی" سفیان نے دھمکی دی۔

"او کے ڈئیر انجوائے یور لونلی ویڈنگ نائٹ" سفیان کی دل جلانے والے جملے نے ایک مرتبہ پھر اسے ہنسنے پر مجبور کر دیا۔

"بک بک نہ کر" اس نے ہنستے ہوئے موبائل بند کیا۔ لائٹ بند کی اور بیڈ پر واپس آکر فہما پر ایک بھی نگاہ ڈالے بنا آنکھوں پر بازو رکھ کر سونے کی کوشش کرنے لگا۔ وہ کتنے مضبوط اعصاب کا مالک تھا آج وہ خود یہ جان کر حیران تھا۔ جو کنوئیں کے پاس آکر بھی پیاسا تھا۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دن صبح جب وہ اٹھی تو اسکا پاؤں زراد کی ٹانگ پر دھرا تھا۔اس نے بے اختیار زراد کی جانب دیکھا جو اسکے پاس ہی نیم دراز اخبار پڑھنے میں مگن تھا۔

فہمانے شرمندہ ہوتے اپنا پاؤں ہٹایا بال سمیٹے اور تیزی سے واش روم کی جانب بڑھی۔

زراد زیرلب مسکرایا۔ جیسے ہی وہ واش روم سے نکلی زراد کرسیوں پر بیٹھا تھا سامنے ٹیبل پر ناشتے کی چیزیں دھریں تھیں۔وہ اسی کا ویٹ کررہا تھا۔

"آئیں" اسے باہر نکلتے دیکھ کر زراد نے اپنے سامنے پڑی کرسی کی جانب اشارہ کیا۔

اسکے بیٹھتے ہی زراد نے ایک ایک اور سلائس اسکی پلیٹ میں ڈالے اور کھانے کا اشارہ کیا۔خود بھی وہ بریڈ پر مارجرین لگا کر کھانے لگا۔

"ایک عورت کی موجودگی میں چائے بنانا ایک مرد کو زیب نہیں دیتا۔" اسکے جتانے پر فہما پر گڑھوں پانی پڑا۔ اس نے جلدی سے کپ سیدھے کرکے اس میں چائے ڈالی۔

"شوگر" وہ سر جھکائے سب کام کررہی تھی پھر بھی جانتی تھی کہ وہ اسکی گہری نگاہوں کی زد میں ہے۔

"ون ٹی اسپون" اسکے کہتے ہی فہمانے چینی ہلا کر کپ اسکے سامنے رکھا

" تھینکس" چائے پیتے ساتھ ہی وہ اسے لیئے واپسی کے لیئے نکلا۔

وہ جو سر جھکائے اسکے پیچھے چل رہی تھی اور اب تک اپنی حرکتوں پر شرمندہ ہورہی تھی اسے پتہ ہی نہیں چلا وہ کب لفٹ کے سامنے رکا۔وہ اپنی سیدھ میں چلتی یک لخت اس کی پشت سے ٹکرائی۔

زراد نے بھی حیرت سے پیچھے مڑ کر اسے دیکھا۔

"اف اور کتنا شرمندہ ہونا پڑے گا اس شخص کے سامنے "خود پر ملامت کرتے ہوئے اس نے سوچا۔

"سوری" سر اٹھا کر بے چارگی سے کہا۔

"بھکنا تو مجھے چاہئیے حواس آپکے اڑے ہوئے ہیں "

"جی" اسکی ذو معنی بات پر حیرت سے اس نے زراد کو دیکھا۔

"کچھ نہیں" کہتے ساتھ ہی وہ اسکا ہاتھ پکڑے لفٹ کے اندر داخل ہوا۔

جیسے ہی گاڑی مہر النساء کے گھر کے آگے رکی۔ فہما نے اترنے سے پہلے اسکی جانب دیکھا۔

"آپ آج رات آئیں گے نا" اسکی خدشوں سے بھری آواز پر وہ بے ساختہ مسکرایا اور فہما کے دل نے ایک بیٹ مس کی۔

"آپکو اپنی عزت بنایا ہے اور عزت کو ہم بیچ راستے میں نہیں چھوڑ دیتے بلکہ اسکی اور بھی حفاظت کرتے ہیں میں آؤں گا" اسکے الفاظ پر فہما کے چہرے پر سکون اترا۔

"اللہ حافظ" کہتے ساتھ ہی وہ اتر گئی

---

اس رات جب زراد آیا تو اس نے فہما کو باہر لے جانے کی بجائے وہیں ٹھرنے کی خواہش ظاہر کی۔ مہر النساء انہیں اسی کمرے میں لے گئی کاریڈور کے آخر والے کمرے کی جانب۔

کمرے میں جا کر فہما تو نماز پڑھنے کھڑی ہو گئ جبکہ زراد کمرے کے فرش کا جائزہ لینے لگا۔ فہما نماز پڑھ کر فارغ ہوئ تو حیرت سے زراد کو دیکھنے لگی جو اب کمرے میں بچھی رگ کو اٹھا رہا تھا۔ فہما چونکہ اب اسکے سیکرٹ ایجنٹ والے اور کمانڈو ہونے کے راز سے واقف ہو گئ تھی لہذا اسکے سامنے اپنے مشن کی ایکٹیویٹیز کرنے میں اسے کوئ مسئلہ اب درپیش نہین تھا۔

"یہ کیا کر رہے ہیں" فہما نے حیرانگی سے اس سے پوچھا۔

"شش" زراد نے اسے غصے سے گھورا۔

"آہستہ بولیں" اپنی آواز بھی آہستہ رکھتے ہوۓ اس نے اسے تنبیہہ کی۔

پھر موبائل اور ڈیٹا کیبل نکال کر فہما کو دی۔

"اسے اس اسٹیریو کے ساتھ لگا کر اس میں سے کوئ سونگ سلیکٹ کریں ٹھریں یہ والا لگائیں اور آواز تھوڑی اونچی کر دیں۔" اس نے وہاں پر رکھے اسٹیریو کی جانب اشارہ کیا اور ایک گانا سلیکٹ کر کے اسے لگانے کو کہا۔

فہما نے ڈیٹا کیبل کی ایک سائیڈ موبائل کے ساتھ لگائ اور دوسری اسٹیریو کے ساتھ اور گانا چلا کر آواز اونچی کر دی۔

کمرے میں

Alex Band

کے

Only one

کی آواز گونجنے لگی

۔زراد نے رگ کو سائیڈ پر پٹانا چاہا تو فہما نے بھی اسکی مدد کی۔ جیسے ہی وہ رگ ہٹی زراد نے وہاں کے فرش کو ہلکا سا دبایا تو وہ کھل گیا۔

فہما کا تو منہ کھل گیا وہ فرش نہیں لکڑی کا ایک پیس تھا۔ جو کہ تہہ خانہ تھا مگر بالکل ایسے پینٹ کیا گیا تھا کہ فرش کا حصہ ہی معلوم ہوتا تھا۔

"آپکا موبائل کہاں ہے" زراد کے کہنے پر وہ جلدی سے سائیڈ ٹیبل سے اپنا موبائل اٹھا کر لائی۔

زراد نے اسکی ٹارچ روشن کی اور آہستہ سے اس تہہ خانے میں اترا تین چار سیڑھیاں بنائیں گئیں تھیں۔

کچھ دیر اندر کا سارا جائزہ لے کر زراد باہر آگیا۔

اور واپس ہر چیز کو ویسے ہی ابھی سیٹ کیہ ہی تھا کہ دروازے پر ناک ہوا اس نے فہما کو فوراّ بیڈ پر لیٹنے کا اشارہ کیا اور چادر اوڑھنے کو کہا جبکہ خود جلدی سے اپنے بال بکھرائے اور شرٹ اتاری جس کے نیچے بنیان تھی۔ آج اس نے ڈریس شرٹ پہن رکھی تھی۔

دروازے کی جانب بڑھا۔

"کون ہے" بھاری آواز بنا کر بولا۔ اور ساتھ ہی دروازہ ان لاک کیا۔

"وہ سرکار معذرت اندر سے گانوں کی آواز آرہی تھی پہلے کبھی ایسا ہوا نہیں تو میں نے سوچا پوچھ لوں "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زراد کے غصیلے تیور دیکھ کر مہر النساء بھی گھبرا گئی۔

"اگر آپکو کوئی پرابلم ہے تو آئندہ میں یہاں نہیں ٹھہروں گا۔ اور ویسے بھی گانے لگانے سے آپکو کیا مسئلہ ہے ہماری مرضی ہم جیسے بھی اس کمرے میں اس وقت رہیں" زراد نے غصے سے کہا۔

"ارے نہیں نہیں معافی چاہتی ہوں۔ آپ پلیز خفا مت ہوں" زراد کی خفگی دیکھ کر اسکے ہاتھ پاؤں پھول گ ئے۔

"اجازت ہو تو دروازہ بند کرلوں" زراد نے اسے وہیں براجمان دیکھ کر طنز کیا۔

"جی جی" کہتے ساتھ ہی وہ چلی گئی اور زراد نے بھی دروازہ بند کیا۔

فہما آنکھیں ادھر ادھر گھماتی اسے دیکھنے سے احتراز کر رہی تھی۔

زراد اسکی اڑی شکل دیکھ کر زیر لب مسکرایا۔

اور شرٹ اٹھا کر پہننے لگا۔

"یہ حرکت ضروری تھی کیا" اب اس نے خطرناک تیوروں سے اسکی شرٹ والی حرکت کی جانب اشارہ کیا۔

"بہت ضروری تھی" زراد نے شرارتی مسکراہٹ سے اسکی جانب دیکھا۔

"آپ واقعی اتنی معصوم ہیں یا بنتی ہیں" زراد کو اسے چڑانے میں مزہ آرہا تھا۔ غصے سے اسکی پھولی شکل زراد کو اور بھی کیوٹ لگ رہی تھی۔

"جی نہیں میں بہت معصوم ہوں۔" اس کی توقع کے عین مطابق اس نے پھولے منہ سے ہی جواب دیا

"اچھا سنیں "

"زرادنام ہے میرا" اسکے سنیں کہنن پر اس نے چڑ کر کہا۔

"میں نہیں لے سکتی" اس نے جلدی سے کہا

"کیوں آپکو کیا مسئلہ ہے وہ اچھنبے سے پوچھتا خود بھی بیڈ پر اسکے سامنے بیٹھ گیا۔

اپنے آپ میں مگن فہما نے غور نہیں کیا۔

"یہ بحث ہم بعد میں کر سکتے ہیں" اس نے پھر تیوری چڑھائ

اسے یکدم سفیان کی بات یاد آئ۔

"بیٹا وہ نہ صرف پیدا ہو چکی ہو گی بلکہ جلد ہی تجھے نکیل بھی ڈالے گی "

" آگئ ہے مجھ پر رعب ڈالنے والی "

وہ دل میں سیفی سے مخاطب ہوا

"اچھا بتائیں کیا کہنا چاہ رہی ہیں"

" آپ نے نیچے کیا دیکھا ہے میں نے بھی دیکھنا ہے"

اس نے لجاجت سے کہا

"پانی کی پائپ ٹھیک کرنے گیا تھا۔" غیر سنجیدگی سے کہتے وہ بیڈ کے بائیں جانب آیا اور تکیہ سیدھا کر کے لیٹنے لگا۔

"جی نہیں ایسا کچھ نہین تھا سیر یسلی بتائیں نا مجھے بہت تجسس ہو رہا ہے میں نے بھی دیکھنا ہے نا "

اسکی فضول ضد نے اسے غصہ دلایا۔

"یہ کوئی ہارر مووی نہیں ہے کہ نیچے کھوپڑیاں ہیں۔ جو میں آپکو دکھانے لے جاؤں اور جو بھی ہے وہ میں آپکو نہیں بتا سکتا۔ سوچپ کر کے سو جائیں "

اسے ڈپٹ کر وہ اسٹیریو کی جانب گیا اور گانے بند کر کے اپنا موبائل لیئے واپس بیڈ پر بیٹھ گیا۔

"پلیز نا میں آپکی کچھ لگتی ہوں" اس نے جیسے اسے اپنا اور اسکا رشتہ یاد کروایا۔ وہ جو موبائل پر سیفی کو اپنے اندازے کے صحیح ہونے کا میسج کر رہا تھا کہ اسی کمرے میں تہہ خانہ ہے جہاں منشیات چھپائی جاتی ہیں۔

کچھ دن پہلے جب وہ فہما کے ساتھ اس کمرے میں تھا تو چلتے ہوئے اسے رگ کے نیچے کا فرش باقی فرش کی نسبت مختلف محسوس ہوا۔

سیکرٹ ایجنٹس کے تو کان بھی اس قدر تیز ہوتے ہیں کہ ہوا کی جنبش کو بھی سن لیتے ہیں۔

اسے بھی اپنے جوتوں کی آواز اس رگ پر آکر مختلف محسوس ہوئی۔

اگلے دن اس نے بار بار پاؤں تھپ تھپا کر ہر جگہ کو محسوس کیا۔ اور اسے شک گزرا کہ جس جگہ رگ ہے وہ جگہ لکڑی

اور آج اسکے شک کی تصدیق ہو گئی تھی۔

فہما کی بات پر مسکرایا۔

"مثلاً کیا لگتی ہیں "اس نے ٹائپ کرتے کرتے پوچھا۔

"آپکو نہیں پتہ کیا" وہ جو بڑے مزے سے اسے منانے اسکے سامنے بیٹھی تھی۔ اسکی بات پر نظریں جھکا گئ۔

"نہیں مجھے نہیں پتہ۔" اس نے اسی انداز میں کہا۔

"پلیز نہ مجھے بھی دیکھنا ہے نہیں تو میں کل یہاں آکر خود ہی چیک کرلوں گی۔" اس نے زراد کو دھمکی دی۔

"خبردار جو آپ نے کسی بھی قسم کی حماقت کی۔ آپ اتنی بچی نہیں ہیں اچھی طرح جان چکی ہیں کہ میں کسی مقصد کے تحت یہاں آیا ہوں۔ میں ہر بات آپکو نہیں بتا سکتا میری جاب ایسی ہے کہ میں اسکی باتیں کسی سے ڈسکس نہیں کرسکتا ایون اپنی بیوی سے بھی نہیں فضول کی بلیک میلنگ کرنے کی کوشش مت کریں" اسکی بات پر بمشکل اس نے اپنا غصہ کنٹرول کیا۔

"سوری "اسے بھی اپنی غلط بات کا اندازہ ہوا۔

"اٹس اوکے اب لیٹیں آپ "

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سنیں "اسکی سنیں پر اب کی بار زراد نے کوفت سے دیکھا۔

اس نے زراد کے تیور دیکھ کر جلدی سے کہا" آخری بات "

"جی 007 کی جانشین پوچھیں "اسکے طنز پہ وہ مسکرائی۔

"میں نے اس پورے گھر میں ہر کمرے میں عجیب سی ایک سمیل محسوس کیهے کیا اب بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا ہے"

"شراب کی سمیل ہے "اسکی بات پر اس کا منہ حیرت سے کھلا۔

"اس میں حیران ہونے کی کیا بات ہے جو لوگ اس قدر گھٹیا کام کرتے ہیں آپکے خیال میں شراب نہیں پیتے ہوں گے۔" اس نے اسکی حیرت زدہ آنکھوں میں دیکھا۔

"نہین میں اس بات پر حیران ہوں کہ آپکو کیسے پتہ کیا آپ نے پی ہے "

اسکی بات پر زرادنے دائیں ابرو اچکا کر اسے دیکھا۔

"ہر چیز کو جاننے کے لئیے اسکا تجربہ کرنا ضروری نہیں۔اب آپ یہ کہیں گی کہ میں جو اتنے دن سے یہاں موجود ہوں یقیناً پہلے بھی یہاں آتا ہوں گا اور کال گرلز سے میرے تعلقات ہوں گے" اسکی سوچ کو پڑھتے ہوئے وہ بولا۔

"بالکل "

"تو یہ کہ یہاں بھی آپکا اندازہ غلط ہے میرا یہاں آنا فرسٹ ایکسپیرنس ہے۔اب اگر میرا انٹرویو پورا ہو گیا ہے تو آپ سو جائیں مہربانی کر کے۔

کتنی مشکل سے وہ خود کو اسکے سامنے کنٹرول کر تا تھا یہ صرف وہی جانتا تھا اور وہ تھی کہ ہر لمحہ اسکا امتحان لینے پر تلی رہتی تھی۔اسکے ساتھ ایک کمرے میں رہتے بار بار اپنے اور اسکے درمیان رشتے کا احساس ستاتا تھا۔

اب کی بار وہ خاموشی سے لیٹ گئی۔اور زرادنے بھی شکر کیا

زرادنے کچھ دیر بعد اٹھ کر لائٹ آف کی اور نائٹ بلب آن کیا۔

واپس آکر جب وہ اپنی جگہ لیٹا تب اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اس نے فہما کے گھنے بالوں والے سر پر ہولے سے اپنے لب رکھ دیئے۔

اور پھر اپنے فیورٹ گانے

Someone like you

کی چند لائنیں گنگنائیں

I wish nothing but the best for you

پھر پیچھے ہو کر تکیے پر سر رکھا ایک ٹھنڈی سانس کھینچ کر اسکی جانب دیکھا جو اسکے جذبات سے بے خبر بے فکری کی نیند لے رہی تھی۔ زراد نے کروٹ لے کر اپنے جذبات کو تھپتھپایا

---

"یار کچھ ہی دنوں میں انکے ہیروئنز کے ٹرک سرحد پار جا رہے ہیں" زراد سفیان کی طرف گیا ہوا تھا۔ جہاں وہ دونوں اس بات چیت کا ذکر کر رہے تھے جو مہر النساء کی کوٹھی میں ہو رہی تھی۔ جہاں مختلف کمروں میں زراد مائیکرو فونز فٹ کر کے آیا ہوا تھا۔

سفیان کا کام آجکل وہاں کی گفتگو کو سننا اور پھر زراد کو انکے لائحہ عمل کی رپورٹ دینا ہے۔

www.kitabnagri.com

"ہمم۔۔۔وہ تو انشااللہ وہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ تم ایک کام کرو صفدر اور راحیل سے کہو کے اوپر تک اس کی اطلاع کریں۔ اس کمرے کے فون سیٹ کے ساتھ جو مائیکروفون لگایا تھا اس سے تم نے اس پر آنے والی کالز کے نمبر ٹریس کروائے ہیں؟" وہ دونوں اس وقت لاؤنج میں بیٹھے لیپ ٹاپ پر کام کر رہے تھے۔

"ہاں میں تمہیں نمبر دیتا ہوں اسکی کالز اور میسجز ابھی سمیع تمہیں ای میل کرتا ہے "

سفیان نے تیزی سے ٹائپ کرتے ہوئے کسی نمبر پر میسج سینڈ کیا۔

تھوڑی دیر بعد اسکے موبائل پر میسج آیا۔

"یہ نوٹ کرو۔ ای میل آئی" اسے ہینڈ فری نکالتے دیکھ کر سفیان نے پوچھا۔

"ہاں" اس نے مختصراً کہہ کر کالز سننا شروع کیں۔ جن میں مختلف ٹرکس کا نمبر بتایا گیا تھا جنہوں نے سرحد پار منشیات سپلائی کروانی تھیں۔

"تم نمبرز نوٹ کرو جو میں لکھوا رہا ہوں اور ابھی انہیں راحیل اور صفدر کو سینڈ کرو جو ہر چوکی پر اس دن نا کے لگوائیں جس دن یہ وہاں سے گزریں گے" جب یہ ٹرک وہاں سے گزریں گے اور ان ٹرکوں کی تلاشی لازمی کروائیں

ٹھیک ہے" زراد نمبر بولتا جا رہا تھا اور سفیان انہیں موبائل پر سیو کرتا جا رہا تھا"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار یہ سرمد چودھری تو آل ریڈی میری ہٹ لسٹ پر تھا۔ مجھے آئیڈیا نہیں تھا کہ منشیات باہر پہنچانے کے چکر میں بھی یہ انوالو ہو گا" زراد نے کالز سنتے ہوئے کہا جس میں سرمد چودھری کی آواز سنتے ہی زراد نے اسے پہچان لیا تھا۔ زراد نے اسکا" یہ نمبر اپنے موبائل میں بھی سیو کر لیا

"یار یہ وہی ہے نا جو پہلے بھی ایک مرتبہ کراچی میں ہونے والی دہشتگردی کے ایک کیس میں پکڑا گیا تھا اور پھر کچھ عرصے بعد باہر آگیا تھا۔"سفیان کو بھی اسکا ایک کیس یاد آیا۔

"بالکل وہی ہے مگر اس مرتبہ یہ بچے گا نہیں زندہ یا مردہ کسی بھی صورت میں اسے پکڑنا ہے۔ تم اسکے نمبر سے اسکا ایریا ٹریس کرواؤ مجھے شک ہے کہ لڑکیاں اسمگل کرنے والے کیس کے پیچھے بھی یہی ہے" زراد نے کچھ سوچتے ہوئے سفیان سے کہا

"کب ختم ہونا ہے آپ لوگوں کا یہ کام "شزا چائے کے کپ ٹرے میں رکھے کمرے میں آتے ہوئے بولی۔

"تم جیو ہزاروں سال بھابھی" زراد نے ہیڈ فری اتارتے کپ تھاما اور شزا کو دعائیں دیں۔

"آپ ہمیں یہ موقع کب دے رہے ہیں جب ہم فہما کو ایسے دعائیں دیں" شزا ان دونوں کو چائے سرو کر کے اپنا کپ تھامے انکے سامنے والے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولی۔

اسکی بات پر ایک خوبصورت مسکراہٹ اسکے ہونٹوں پر ٹھہری۔

"اوئے ہوئے دیکھنا شزا یہ بلش کر رہا ہے"سفیان کو تو اسے چھیڑنے کی موقع چاہئیے تھا۔

"بک بک نہ کر" زراد نے اسکے کندھے پر دھموکا جڑتے ہوئے کہا

"آج دربار یار میں حاضری نہیں دینی۔ "

سفیان اسے چھیڑنے سے باز نہیں آیا۔

"نہیں یار آج سر کو یہ ساری انفارمیشن رپورٹ کی صورت میں دینی ہے۔یہاں سے سیدھا گھر جاؤں گا۔ "

شزا نے تجسس سے پوچھا"بھائی آخر آپ کب اپنے نکاح کا ڈکلئیر کریں گے "

"بھابھی ابھی تو نہیں اس کیس کے ختم ہونے کے بعد کیونکہ ابھی میں نے کوئی بھی بات لیک آؤٹ کی تو فہما کے لیئے بہت مشکل کھڑی ہو جائے گی۔ فی الحال میں ابھی ان لڑکیوں کا سراغ حاصل کرنا چاہتا ہوں جنہیں یہ لوگ باہر اسمگل کرنے کے چکر میں ہیں۔ منشیات کے اڈے کا تو پتہ چل گیا ہے۔اس جگہ کا ابھی تک پتہ نہیں چلا۔ اس نے سنجیدگی سے جواب دیا

---

رات میں وہ بیٹھا ابھی رپورٹ فائنل کر رہا تھا کہ موبائل پر واٹس ایپ میں میسج بلنک ہوا۔

اس نے چیک کیا تو فہما کا میسج تھا۔اس نے وقت دیکھا تو رات کے دو بج چکے تھے وہ سفیان کے گھر سے واپس آکر اتنا مصروف ہو گیا تھا کہ فہما کو بتانے کا ٹائم نہیں ملا کہ آج اس نے نہیں آنا۔

رپورٹ تقریباّبن چکی تھی سو وہ بھی ریلیکس ہو کر اسکا میسج پڑھ رہا تھا۔

"اسلام علیکم آج آپ نے نہیں آنا کیا" اسکا میسج پڑھتے ہی ایک خوشگوار سا احساس اسے اپنی لپیٹ میں لے چکا تھا۔

"وعلیکم سلام۔۔بس کچھ کام تھا سو میں آ نہیں سکا۔کال کر سکتا ہوں ابھی آپکو "میل سینڈ کر کے اس نے فہما کو میسج کیا۔

اسکا یس کا ریپلائی آتے ہی زراد نے کال کی۔

"اسلام علیکم "زراد کی گھمبیر آواز سنتے ہی فہما کے دھڑکنیں بے ترتیب ہوئیں۔دونوں ایک دوسرے پر اپنے دل کی حالت آشکار نہین کرنا چاہتے تھے۔ایک فرض کی ادائیگی کے باعث اور دوسرا احسان کے زیر اثر۔

"وعلیکم سلام آپ نے بتایا ہی نہیں کہ آپ نے آج نہیں آنا "

"سوری ڈیئر بس کام میں بزی تھا سو آپکو میسج نہیں کر سکا آپ بتائیں سب ٹھیک ہے نا۔کوئی ٹینشن کی تو بات نہیں نا آپکی طرف "اسکے پوچھنے پر اسکا دل کیا کہے ٹیشن ہی ٹیسشن ہے تمہارے ساتھ مجھے یہ جہنم بھی جنت لگتی ہے اور جب تم نہیں ہوتے تو بے سائبانی کا احساس گہرا ہو جاتا ہے۔تمہارے وجود کی احساس سے جو تحفظ ملتا ہے تمہاری غیر موجودگی میں غیر محفوظ ہونے کا احساس دوچند ہو جاتا ہے۔

مگر وہ یہ سب صرف سوچ سکی۔

"ٹھیک ہے سب آپ کیا کر رہے تھے۔"آہستہ سے اس نے پوچھا۔

"ایک رپورٹ تیار کر رہا تھا بس اسی میں ٹائم کا پتہ نہیں چلا "رپورٹ کو ای میل میں اٹیچ کرتے اس نے سینڈنگ کا بٹن دبایا اور پھر لیپ ٹاپ سائیڈ پر رکھ کر پوری طرح کال کی جانب متوجہ ہوا۔

"سوری میں نے آپکو ڈسٹرب کر دیا۔ میں فون رکھتی ہوں آپ اپنا کام کر لیں" اس نے شرمندگی سے جلدی جلدی کہا۔

"ہالڈ آن جذباتی لڑکی سن تو لیں۔ میرا کام ختم ہو چکا ہے تبھی آپکو کال کی ہے" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"اوہ اچھا۔" اتنا کہہ کر وہ خاموش ہو گئی۔ اتنی تو فرینکنیس تھی نہیں کہ لمبی لمبی باتیں کرتے۔ دونوں کو سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کیا کہیں۔

"آپ اتنی دیر تک کیوں جاگ رہیں تھیں۔" آخر زراد نے خاموشی توڑی۔

"بس آپکا ویٹ کر رہی تھی پھر نیند نہیں آئی تو سوچا آپکو میسج کر کے پوچھوں۔ آپکی فکر ہو رہی تھی" اس نے سادگی سے بتایا یہ جانے بغیر کے اسکے سادہ لہجے نے کسی کے دل کی دنیا میں ہلچل مچا دی ہے۔

"تھینکس فار دس کنسرن" زراد کے کہنے پر بے اختیار آنسو اسکی آنکھوں میں جھلملائے۔

زراد نے اسکے جواب کا انتظار کیا مگر دوسری جانب کی طویل ہوتی خاموشی نے اسے تشویش میں مبتلا کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"فہما آر یو دیر" اسکے پوچھنے پر اسکی صرف ہوں کی آواز سنائی دی۔

"کیا بات ہے آپ بات کیوں نہیں کر رہیں۔ نیند آرہی ہے کیا" اسکے پوچھنے پر دوسری جانب سسکیوں کی آواز سنائی دی۔

"فہما کیا مسئلہ ہے بات کریں پریشان کیوں کر رہیں ہیں۔ اور یہ۔۔۔ یہ آپ رو رہی ہیں" اس نے جھنجھلاہٹ سے کہا۔

"آپکے بغیر بہت ڈر لگ رہا ہے۔یہاں "اسکی روتی ہوئی آواز میں نکلے الفاظ نے کتنی دیر زراد کو سن کر دیا۔

"ہنی ایسے نہیں کرتے۔۔ میں کل مسٹ آوں گا۔ایسے مت روئیں یار "زراد نے بے بسی سے کہا کچھ دیر لگی اسے سنبھلنے میں۔

"نہیں میں یہ نہیں کہہ رہی بس پتہ نہیں کیوں آپ پاس ہوتے ہیں تو سب ٹھیک لگتا ہے۔ مگر ابھی پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے۔۔۔۔اف میں پتہ نہیں کیا بول رہی ہوں آئم سوری۔۔ میں نے آپکو بھی پریشان کر دیا۔مجھے سمجھنا چاہئیے کہ آپ یہاں کسی مقصد سے آئے تھے مجھے بار بار آپکو اپنے لیئے ڈسٹرب نہین کرنا چاہئیے۔ سوری "وہ پتہ نہیں کیا کیا بولے جا رہی تھی۔ اپنے بے تکلف ہونے پر شاید وہ شرمندہ ہو رہی تھی یا پھر کوئی اور احساس تھا جسے وہ زراد تک پہنچانا نہیں چاہتی تھی مگر اسکی بے ترتیب باتیں پہنچا گئیں تھیں۔ بولتے بولتے اس نے خود ہی فون بند کر دیا۔

"اف یہ میں کیا کر رہی ہوں کیوں ایک بندے کے احسان کو کوئی اور رنگ دینے لگی ہوں۔ وہ کیوں مجھ جیسی لڑکی سے محبت کرے گا" فہما اپنی حماقت پر سر پکڑے بیٹھی تھی۔ زراد کی آواز سنتے ہی وہ خود پر سے اختیار کھو بیٹھی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی اسے فون بند کیئیے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ زراد کی پھر سے کال آئی۔

"کیا کروں "اب اسے گھبراہٹ شروع ہو گئی۔

اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ فون پک کیا۔

"فون کیوں بند کیا آپ نے "زراد کی سنجیدہ آواز اسکے کانوں سے ٹکرائی۔

"مجھے لگا میں آپکا ٹائم ویسٹ کر رہی ہوں" اس نے جھجھکتے ہوئے کہا۔

"میں نے ایسا کچھ کہا آپکو" اس نے الٹا سوال کیا۔

"نہیں "

"تو پھر۔ فہما جو لوگ رشتوں میں خود سے مفروضے گڑھ لیتے ہیں نا وہ ہمیشہ نقصان اٹھاتے ہیں۔ آپ نے کبھی بھی مجھے ڈسٹرب نہیں کیا۔ اگر آپکا ساتھ میرے لیئے ناگوار ہوتا تو میں کبھی بھی آپ سے نکاح نہ کرتا۔ اللہ اور اسکے رسول کو گواہ بنا کر یہ ذمہ داری میں نے اٹھائی ہے آپکو پتہ ہے بغیر کسی وجہ کے اپنی بیوی کو چھوڑ دینے کا کتنا گناہ ہے۔ آپکے خیال میں یہاں سے نکالنے کے بعد میں آپکو چھوڑ دوں گا تو انتہائی غلط خیال ہے آپکا۔ آپ میری منکوحہ ہیں انشااللہ بیوی بھی آپ ہی بنیں گی۔ ہر طرح کے خدشے کو اپنے دل سے نکال دیں۔" اسکی پریشان حالت اور خدشوں نے زراد کو باور کروایا کہ اسے اس رشتے اور اپنے ساتھ کا یقین دلانا اب ضروری ہو چکا ہے۔ لہذا بہت سلیقے سے اس نے فہما کے خدشوں کا جواب دیا۔

" میرا نہیں خیال کے اس سے زیادہ واضح فی الحال مجھے کچھ کہنے کی ضرورت ہے۔ یہ نکاح میری اپنی ایما پر ہوا تھا اور میں نے ہی بھابھی کو کہا تھا وہ سب سچوئشن کریٹ کرنے کے لیئے۔ اور ایسا کیوں کہا تھا وہ میں آپکو کبھی روبرو بتاؤں گا۔" زراد نے مبہم الفاظ میں فہما کو احساس دلایا کہ انکا رشتہ صرف احسان میں لپٹا ہوا نہیں ہے۔

"اب کیوں خاموش ہیں پھر سے تو نہیں رو رہیں" اس نے پھر سے اسکے خاموش ہونے پر فکر مندی سے پوچھا۔

"نہیں بس ویسے ہی" زراد کا اتنا سا اظہار بھی اسکے ہاتھ پاؤں پھلانے کے لیئے کافی تھا۔

اسکا میٹھا فکروں میں گھرا لہجہ اسکی دھڑکن بڑھا گیا" اب تو ڈر نہیں لگ رہا۔ کہتی ہیں تو میں آجاؤں "

"نہیں نہیں۔۔اب بہت ٹائم ہو چکا ہے۔ میں ٹھیک ہوں اب۔ڈر نہیں لگ رہا" اس نے گھڑی پر ٹائم دیکھتے ہوئے کہا جو ڈھائی بجا رہی تھی۔

"گڈ۔۔۔اب لائٹ آف کریں اور بیڈ پر لیٹیں میں فون پر ہی ہوں "

"نہیں میں فون بند کرتی ہوں آپ بھی سو جائیں صبح آفس جانا ہو گا" اب ای بار فہما نے فکر مندی سے کہا۔

"جیسا آپکو کہا ہے ویسا کریں" اس نے ڈپٹتے ہوئے کہا۔

فہما نے خاموشی سے لائٹ آف کی اور بیڈ پر لیٹ گئ۔ دوسری جانب زراد نے بھی یہی عمل دہرایا۔

"میں لیٹ گئ ہوں اب" فہما کی آواز ابھری۔

"گڈ میں بھی اب لیٹ گیا ہوں۔ایک کام کرتے ہیں میں آپکو ویڈیو کال کرتا ہوں باتیں کرتے ہیں پھر جب آپ سو جائیں گی تو میں بھی سو جاؤں گا۔" فہما کو زراد کی بات سن کر اسے زراد پر بے حد پیار آیا۔اللہ نے کتنا اچھا انسان اسکی قسمت میں لکھا تھا۔

"نہیں نا پھر آپ آفس کیسے جائیں گے۔" اس نے تشویش سے کہا۔

"ڈئیر ہمیں دن رات کئ کئ گھنٹے جاگنے کی پریکٹس ہے ڈونٹ وری اور پلیز اتنا سب کہنے کے بعد بھی اب اگر آپ مجھ سے فارمل ہوئ نا تو بہت بری طرح پیش آؤں گا میں آپکے ساتھ۔بس یہ یاد رکھیں اب آپ اپنے شوہر سے بات کر رہی ہیں۔کچھ بھی آپ کبھی بھی اور کسی بھی وقت شئیر کر سکتی ہیں۔ دن اور رات کا سوچے بنا۔ گوٹ اٹ" اسکے پیار بھرے لہجے نے فہما کی آنکھیں پھر سے نم کیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جی "

"گڈ میں فون بند کر کے آپکو ویڈیو کال کرتا ہوں "

اس نے ساتھ ہی کال کاٹ دی۔

اور ویڈیو کال کی۔

فہمانے کال اٹینڈ کی تو نائٹ بلب کی روشنی میں نظر آتی زراد کی تصویر اسکا دل دھڑکا گئی۔

دوسری جانب بھی یہی حالت تھی۔

"اب اپنا تکیہ ٹھیک کریں اور لیٹ جائیں" اسکو کہتے ساتھ ہی زراد نے بھی موبائل دوسرے تکیے کے سہارے سیدھا رکھا اور اپنے پیچھے تکیہ سیدھا کر کے رکھتے اس پر کہنی فالڈ کی اور ہاتھ کی ہتھیلی کو سر کے نیچے رکھ کر نیم دراز ہوا۔

جبکہ فہما تکیے پر سر رکھے نگاہیں سکرین پر جمائے اسے دیکھ رہی تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

احسان سے نکل کر ایک خوبصورت رشتے کے حوالے سے زراد کو سوچنا الگ ہی کیفیت سے دوچار کر رہا تھا۔

"گڈ گرل" اسے لیٹے دیکھ کر زراد نے مسکرا کر کہا۔

"ناؤ کلوز یور آئیز" اسکے کہتے ساتھ ہی فہمانے آنکھیں بند کیں اور ایک ہاتھ موڑ کر آنکھوں پر بھی رکھ لیا۔

"آپ بعد میں بھی اتنی سعادت مندی کا مظاہرہ کریں گی۔" اسکی حرکت پر زراد کے ہونٹوں پر مسکراہٹ دوڑی تو شرارت سے بولا۔

"اب اگر آپ کی بات نہ مانتی تو آپ نے ڈانٹنا تھا۔ "

اسکے کچھ دیر پہلے کے ڈانٹنے کی وجہ سے وہ اب کی بار خاموشی سے اسکی بات مان گئ تھی۔ آنکھوں سے ہاتھ ہٹا کر خفگی بھرے لہجے میں جواب دیا۔

"ہاہاہا یعنی آپ مجھ سے ڈرتی ہیں" اس نے پھر شرارت سے کہا۔

"بہت زیادہ "

"یہ تو میرے لیئے پلس پوائنٹ ہے پھر" ابھی بھی زراد کا لہجہ شرارتی تھا۔

"ایک بات یاد آئ" فہما نے اٹھتے ہوئے جوش سے کہا

"شکر میں ابھی تک یہی سوچ رہا تھا آج مس زیرو زیرو سیون کو کوئ تجسس بھری بات کیوں نہیں یاد آئ" اسنے مسکراتے لہجے میں کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپ نے اپنے گھر والوں کو اس نکاح کا بتایا ہوا ہے کیا۔ آپکے گھر میں کون کون ہوتا ہے" فہما کی بات پر ایک سایہ اسکے چہرے پر لہرایا

"چار سال پہلے حج کے دوران میرے پیرنٹس کی ڈیتھ ہو گئ تھی۔ اور میں انکی اکلوتی اولاد ہوں۔ اپنے کام کی وجہ سے میرے پاس ٹائم نہیں ہوتا کہ چچا تایا اور ماموؤں کی فیملی سے مل سکوں سو میری اصل فیملی سفیان اور شزا بھابھی ہیں اور ایکچوئل فیملی تو اب آپ سے شروع ہوئ ہے میری" اسکی آخری بات پر فہما کا چہرہ شرم سے تمتما اٹھا۔

"چلیں مس سیکرٹ ایجنٹ لیٹیں اب میں آپکو اپنی ٹریننگ کے کچھ قصے سناتا ہوں" وہ جو جوش میں اٹھ کر بیٹھی ہوئی تھی پھر سے لیٹ گئی۔

زراد نے جان بوجھ کر قصے چھیڑے تاکہ وہ خاموش رہے اور سو جائے۔ اور یہی ہوا ایک قصہ تو اس نے جاگتے ہوئے سنا جبکہ دوسرے کے درمیان میں ہی سو گئی۔

"فہما!" زراد نے آواز دے کر تصدیق کرنی چاہی کہ وہ واقعی سو گئی ہے یا ابھی بھی جاگ رہی ہے۔ مگر اسکی بند آنکھیں اور خاموشی دونوں نے بتایا کہ وہ واقعی سو چکی ہے۔

کتنی ہی دیر زراد محبت پاش نظروں سے اسکے سوئے ہوئے چہرے کو دیکھتا رہا پھر موبائل پکڑ کر اسکی تصویر پر اپنے لب رکھ دیئے۔

"گڈ نائٹ مائی سوئیٹ ہارٹ" کہتے ساتھ ہی ایک آخری نگاہ بھر کر اسکو دیکھا اور کال ڈسکنیکٹ کر کے خود بھی سونے کے لئیے لیٹ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

السلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ kitabnagri.com آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل پر ارسال کرسکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

samiyach02@gmail.com

اگلے دن کام کرتے ہوئے بھی اسکا دھیان فہما کی جانب لگا ہوا تھا۔ اسکا خوف اور ڈر اسے بھول نہیں رہا تھا۔ کتنا اچھوتا احساس ہوتا ہے جب کسی شخص کے لیئے آپکا ہونا اور نہ ہونا اس قدر اہم ہوں۔

زرادنے یہ سب پہلی مرتبہ محسوس کیا تھا۔ فہما کی اپنے لیئے خاموش محبت کو وہ جان گیا تھا اور کبھی کبھی لفظوں کی ضرورت نہیں ہوتی محبت اپنے رستے خود ہی بنالیتی ہے ایک دل سے دوسرے دل تک پہنچنے کے لیئے۔ انکے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوا تھا۔ دونوں کو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑھی اور وہ ایک دوسرے کی محبت کو سمجھ گ ئے۔

گیارہ بجے کے قریب جب وہ فارغ ہوا تو اس نے فہما کو واٹس ایپ پر وائس میسج کیا۔

"اسلام علیکم کیسی ہو اب آپ۔۔۔" سینڈ کر کے چائے پینے کے ساتھ ساتھ وہ اسکے ریپلائی کا ویٹ کرنے لگا۔

فہما ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی اٹھی تھی۔ واش روم سے باہر آکر زراد کا میسج دیکھ کر خوشگوار سی حیرت ہوئی۔

جیسے ہی اس نے پلے کا بٹن دبایا۔ زراد کی گھمبیر آواز کمرے میں گونجی۔

وہ اسکی اپنے لیئے اتنی فکر دیکھ کر اپنی قسمت پر رشک کیئے بنا نہ رہ سکی۔

"وعلیکم سلام! میں ٹھیک ہوں آپ سنائیں کہاں ہیں اور رات کے لیئے بہت بہت تھینکس" اس نے میسج ٹائپ کیا۔

"نیڈ ٹو ہیئر یور وائس کین آئی کال یو "

زراد کا میسج آیا۔

"جی" فہما کا جواب سینڈ ہوتے ہی اگلے سیکنڈ میں زراد کی کال آگئی۔

"جی تو اب بتائیں پھر فار میلٹی میں نے رات میں کیا کہا تھا" اس نے خفگی سے کہا۔

"میں جانتی ہوں پھر بھی مجھے کہہ لینے دیں" فہما کے کہنے پر دوسری جانب کچھ دیر کی خاموشی چھا گئی۔

"سنیں "

"جی "ناراضگی ہنوز جوں کی توں تھی۔

"اس میں خفا ہونے کی کیا بات ہے" اس نے پریشانی سے کہا

"میں آپ سے پھر بات کرتا ہوں"۔ کہتے ساتھ ہی کال کٹ گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ حیران ہی رہ گئ۔ اتنا غصہ کرنے کی تو بات نہیں تھی۔ ابھی تو اسکی محبت کا یقین بھی نہین ہوا تھا کہ وہ خفا بھی ہو گیا۔

اس نے فوراً کال کی مگر زراد نے کاٹ دی۔ وہ اور بھی حیران ہو گئ۔ پھر اس نے ڈھیر سارے سوری کے میسجز کئیے۔

وہ پریشان دل کے ساتھ کچن میں جانے کے لئیے باہر نکلی تو کچن کے سامنے سارا کے ساتھ عجیب سے پر اسرار چہرے والا شخص نظر آیا۔ شکل سے ہی وہ کوئ وڈیرہ ٹائپ لگ رہا تھا۔

فہما تیزی سے کچن کی جانب مڑی۔

"یہ حسینہ کون ہے پہلے کبھی نہیں دیکھا" فہما کو دیکھ کر اسکی رال ٹپکی۔

"یہ بھی ہماری ایک نئ لڑکی ہے" سارا نے مسکراتے ہوۓ کہا۔

"مہر النساء کہاں ہے اب تو اس سے ملنا ضروری ہو گیا ہے" اس نے معنی خیزی سے کہا۔

www.kitabnagri.com

فہما جس وقت چاۓ بنا کر باہر آئ تب تک لاؤنج خالی ہو چکا تھا۔ اس نے شکر کا سانس لیا اور تیزی سے اپنے کمرے کی جانب جا رہی تھی کہ مہر النساء کے کمرے کے سامنے سے گزرتے اپنا نام سن کر ٹھٹھک کر رک گئ۔

"کیوں سوچ رہی ہیں اتنا۔ ملک کمال جیسے لوگ روز روز کسی پر فدا نہیں ہوتے۔ اگر زراد آئے گا تو کہہ دینا کہ اسکی طبیعت ٹھیک نہیں وہ آج رات تم سے نہیں مل سکتی۔ ویسے بھی اسکے ساتھ اتنا وقت گزار کر اب تو اسکی

ساری جھجھک ختم ہو گئ ہو گی۔بس پیسہ کماؤ اور بھیج دو اسکو آج کی رات ملک کے ساتھ" سارا کی بات سن کر وہ اندر تک کانپ گئ۔یہ کیا ہونے لگا تھا اسکے ساتھ۔

"ٹھیک کہتی ہے تو" مہرالنساء نے بھی اسکی تائید کی۔

فہما تیزی سے اپنے کمرے کی جانب بڑھی لاک لگا کر تیزی سے زراد کو فون کیا جو کہ اس نے نہیں اٹھایا۔

وہ بے اختیار بے بسی سے رو پڑی۔

پھر یکدم شزا کا خیال آیا تیزی سے اسے کال کی۔

جیسے ہی اس نے کال پک کی فہما نے روتے ہوئے سب حال کہہ سنایا۔

"تم فکر مت کرو میں انکے آفس کے پاس ہی ہوں ابھی جا کر انہیں سب بتاتی ہوں کوئ نہ کوئ حل نکالتے ہیں تم گھبراؤ نہیں"۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شزا نے اسے تسلی دی۔

---

"ٹھیک ہے سر ہم اسے فائنلائز کر کے آپکو آج شام میں ہی بھجوا دیتے ہیں۔لیکن سر پلیز ٹرکوں کی تلاشی میں سب کچھ فیئر ہو کسی بڑے کی سفارش نہ آجائے اس مرتبہ" زراد نے سر مصطفی سے کہا۔ابھی کچھ دیر پہلے جب وہ فہما سے فون پر بات کر رہا تھا تو سر مصطفی اچانک سرمد چودھری والے کیس کے سلسلے میں زراد سے ضروری ڈسکشن کرنے آگۓ۔لہذا اسے جلدی سے فون بند کرنا پڑا اور اسکی کالز اور میسجز کو بھی اگنور کیا۔

دو دن بعد انہوں نے ٹرکوں پر چھاپا پڑوانا تھا جب انہوں نے سرحد پار کرنی تھی۔

زراد اس بات کو لے کر بہت پریشان تھا کہ سرمد کے پیچھے بہت بڑے بڑے لوگوں کے ہاتھ تھے جن میں سے کئی نے تو ملک کی بڑی کسیاں سنبھال رکھیں تھیں۔

تم فکر مت کرو اس مرتبہ چیف خود انوالو ہیں اس کیس میں ہو انکو الٹالٹکانے کے درپہ ہیں۔ بالکل شفاف چیکنگ ہو گی۔" سر مصطفیٰ نے اپنی جگہ سے اٹھتے ہوئے زراد سے مصافحہ کرتے ہوئے اسے تسلی دی

جیسے ہی وہ باہر گئے اسکے پی اے نے کال کی۔

"ہیلو سر ایک خاتون بہت دیر سے باہر بیٹھی ویٹ کر رہی ہیں"

"کیا نام ہے "

"سر شزا نام ہے "

"تو بھیجو یار انہیں" شزا کا نام سن کر وہ حیران بھی ہوا اور پریشان بھی۔ وہ کبھی اسکے آفس نہیں آئی تھی۔ وہ اپنی سیٹ سے کھڑا ہوا اور آگے بڑھ کر اسکے لئیے دروازہ کھولا۔

www.kitabnagri.com

"اسلام علیکم بھابھی۔۔۔ خیریت ہے" شزا جیسے ہی اندر آئی اس نے استفسار کیا۔

"وعلیکم سلام بھائی بہت گڑبڑ ہو گئی ہے" شزا کی پریشان صورت دیکھتے ہی اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ کوئی مسئلہ ہے۔

"اور آپ فہما کی کال کیوں نہیں اٹینڈ کر رہے تھے"

"بھابھی کچھ دیر پہلے ہی میری اس سے بات ہو رہی تھی کہ اچانک سر مصطفی آگئے تو مجھے ڈسکنکٹ کرنی پڑی۔ بس ابھی تو وہ گئے ہیں کیوں کیا مسئلہ ہے۔" زرادنے اسے سائیڈ پر پڑے صوفوں کی جانب بیٹھنے کا اشارہ کیا اور خود بھی ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔

شزا نے ساری بات اسے تفصیل سے بتائی کہ کیسے ملک کمال کی فہما پر نظر پڑی اور آج رات مہر النساء اسے ملک کے ساتھ بھیجنے کا پلین بنا رہی ہے۔

"اس عورت کو تو میں چھوڑوں گا نہیں۔ خیر آپ فکر نہ کریں میں کچھ کرتا ہوں۔" غصے اور اشتعال سے اسکا برا حال تھا۔

"آپ فہما کو تو کال کر دیں پھر اسے ذرا تسلی ہو جائے۔" شزا نے اسے کہا۔

"ڈونٹ وری میں وہیں جارہا ہوں" اس نے گھڑی پر ٹائم دیکھا جو دو بجا رہی تھی۔

"بھائی پلیز خیال سے"

"ارے بھابھی پریشان نہ ہوں بہت طریقے سے ہینڈل کروں گا۔ سوری میں آپ سے کوئی چائے پانی کا پوچھ نہیں سکا" زرادنے معذرت کی۔

"نہیں بھائی پلیز کسی فارمیلٹی میں نہین پڑیں فی الحال ابھی فہما کو اس مسئلے سے نکالنا زیادہ ضروری ہے۔ یہ سب تو چلتا ہی رہے گا۔ آپ پلیز فوراً جائیں اب اسکے پاس" شزا نے اسے کسی بھی فارمیلٹی میں پڑنے سے روکا۔

"آپ آئیں کیسے ہیں میں چھوڑ آتا ہوں آپکو" اپنی چیزیں سمیٹتے ہوئے شزا سے پوچھا

"میں گاڑی پر آئی ہوں آپ میری فکر نہیں کریں۔ میں بس نکلوں گی اب۔۔۔پلیز مجھے بتا ضرور دیجئیے گا کہ جیسے ہی اس مسئلے کا کوئی حل نکلے" شزا کو رہ رہ کر فہما کی روتی ہوئی آواز یاد آرہی تھی۔

"انشااللہ بھابھی۔۔۔بس آپ دعا کیجئیے گا۔" زراد نے اپنا لیپ ٹاپ کا بیگ اٹھاتے ہوئے کہا۔

"اوکے میں پھر چلتی ہوں" وہ دونوں وہاں سے آگے پیچھے نکلے۔

-________________________-

"میڈم وہ زراد صاحب آئے ہیں" مہر النساء بیٹھی نیل پالش لگا رہی تھی کہ جواد نے آکر اطلاع دی۔

"آئے ہائے یہ کیوں آگیا اس وقت۔" زراد کا نام سن کر وہ بدمزہ ہوئی۔ آج تو وہ کچھ اور ہی پلیننگ کئیے ہوئے تھی۔

"بٹھاؤ اسے ڈرائینگ روم میں" جلدی سے پاؤں جوتی میں اڑستے اٹھی۔ شیشے کے پاس جا کر خود کو دیکھا۔ پھر باہر کی جانب چل پڑی۔

"ارے سرکار خوش آمدید خوش آمدید اس وقت کیسے آنا ہو گیا۔" زراد کا دل کیا ابھی اس عورت کو شوٹ کر دے جس نے فہما کے لئیے ایسی گھٹیا پلیننگ کی ہے۔

"اصل مین مجھے کچھ دنوں کے لئیے اپنے بزنس کے سلسلے میں شہر سے باہر جانا ہے کچھ پارٹیز اٹینڈ کرنی ہیں اپنے نئے پروجیکٹس کے لئیے۔ تو میں چاہ رہا تھا کہ اس لڑکی کو اپنے ساتھ لے جاؤں تاکہ مجھے آرڈرز بغیر کسی

رکاوٹ کے مل جائیں۔ سمجھ تو گئیں ہوں گی آپ میں کیا کہنا چاہ رہا ہوں" اپنے تاثرات کو معنی خیز ہنسی میں چھپائے وہ بولا۔

"ہاہا ارے کیوں نہیں حضور۔۔۔ ابھی تو آپکی امانت ہے۔ آج اسکی کچھ طبیعت ٹھیک نہیں تو آپ کل آ کر لے جائیے گا اسکو اپنے ساتھ۔" زراد نے دل ہی دل میں اسکی مکاری کی داد دی۔ ورنہ دل تو کر رہا تھا یہیں سے گھسیٹتا ہوا اس عورت کو لے جائے اور دماغ سیدھا کر دے اسکا۔

"انکے بھی نخرے شروع ہو گئے ہیں اب" اس نے استہزائیہ مسکراہٹ سے کہا۔

"مجھے آج شام کو ہی نکلنا ہے سو میں کسی قسم کے ایکسکیوزز نہیں سن سکتا۔ اسے ابھی اور اسی وقت بھیجیں میرے ساتھ۔ میں نے یہ نخرے دیکھنے کے پیسے نہیں دیئے تھے۔ خود ہی سیدھا کر دوں گا اسکو۔" اس نے دانت پیستے ہوئے تحکم بھرے لہجے میں کہا۔

"جی جی میں بھیجتی ہوں اسے" اسکا غصہ دیکھ کر تو مہر النساء کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔

وہ تیزی سے اندر کی جانب بڑھی۔ سامنے سے آتی سارا اس سے ٹکرائی۔

"کیا ہو گیا یہ ہوا کے گھوڑے پر کیوں سوار ہو" اس نے مہر النساء کو تھامتے ہوئے پوچھا۔

"وہ زراد آیا ہے ابھی مہر النساء کو لے جانا چاہتا ہے۔ کہیں جا رہا ہے کہہ رہا ہے دو تین دن اسے ساتھ رکھے گا" مہر النساء کے تفصیل بتانے پر سارا اندر تک جل کر رہ گئی۔ وہ تو سوچے بیٹھی تھی کہ آج کی رات وہ زراد کے ساتھ گزارے گی۔ مگر۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اتنی بھی کوئی حسن کی ملکہ نہین کہ وہ پاگل ہی ہوا جا رہا ہے" اس نے اندر کی کھولن باہر نکالی۔

"اور اس ملک کا کیا ہو گا" اس نے آنکھیں نکالتے مہر النساء کو کہا

"ارے اس نے کون سی اسکی قیمت دے دی ہے۔ ویسے بھی یہ کون سا بھاگی جا رہی ہے چند دن تو رہ گ ئے ہیں مہینہ ختم ہونے میں پھر تو اسکے اور دام بڑھوائیں گے" اس نے ایک آنکھ دباتے معنی خیزی سے ہنستے ہوئے کہا۔

سارا ہنکارا بھر کر آگے بڑھ گئ۔

مہر النساء تیزی سے فہما کے کمرے کی جانب بڑھی جو اللہ سے دعا مانگنے اور رونے میں مصروف تھی۔

"اے اللہ پھر سے وہیں کھڑی ہو گئ ہوں جہاں سے آپ نے مجھے بچایا تھا۔ اے اللہ کیا ماں باپ کا دل دکھانے کا جرم اتنا بڑا ہو گیا کہ آپ میری معافی کو قبول نہیں کر پا رہے۔ دن رات یہاں اپنی عزت کو بچانے کے خوف میں گزارتی ہوں۔ زراد کی صورت میں ایک نجات ملی تھی مگر لگتا ہے وہ بھی مجھ سے منہ موڑ گیا۔ اے اللہ میری سزا کب ختم ہو گی۔" وہ تڑپ تڑپ کر اللہ سے دعا کر رہی تھی یہ جانے بغیر کے اللہ اپنے بندے پر اسکی برداشت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"چل اٹھ کپڑے باندھ اپنے تجھے جانا ہے دو تین دن کے لئیے" وہ جو کارپٹ پر بیٹھی۔ گھٹنوں پر بازو دھرے رونے میں مصروف تھی۔ مہر النساء کی کرخت آواز سن کر ڈر گئ۔ اسے لگا کچھ دن پہلے کی کہانی پھر سے دہرائ جا رہی ہے۔ تب تو زراد نے اسے بچا لیا تھا۔ اب اس درندے سے اسے کون بچائے گا جو صبح ہی اس پر اپنی گندی نظروں کا حصار کھینچ کر گیا تھا۔ وہ یہی سمجھی کے ملک کمال اسے لینے آیا ہے۔ وہ تو جانتی ہی نہیں تھی کہ اللہ نے اسکے محافظ کو سب خبر دے دی ہے۔

"اٹھ بھی جا "

دیکھیں پلیز میرے ساتھ یہ ظلم مت کریں میں ہاتھ جوڑتی ہوں۔یوں مجھے کسی کے آگے چارہ بنا کر مت ڈالیں" وہ روتے ہوئے بولی۔

"لو پھر سے پارسائی کا دورہ پڑا ہے کیا۔اتنے دن کیا اسکے ساتھ لڈو کھیلتی رہی ہے کمرے میں۔اب اسی کے ساتھ جاتے پھر سے شرم و حیا کی بو بو بن رہی ہے۔آخر بار بار تو یہ ڈرامے کیوں کرتی ہے" مہر النساء اپنی بڑی بڑی آنکھیں غصے سے نکالتے اس پر چڑھ دوڑی۔

"کیا کہ رہی ہیں میں سمجھی نہیں "اسکی باتوں نے واقعی اسے الجھا دیا تھا۔

"آئے ہائے کس پاگل سے مغزمارنے بیٹھ گئی میں۔زراد آیا ہے تجھے لے جانے بیگ تیار کر کچھ دن تو اسکے ساتھ رہے گی اور خبر دار اپنی پارسائی کا ڈھنڈورا دوبارہ پیٹا۔ساری رقم جو اس نے تیرے لیئے دی تھی وہ میں اب اسے واپس نہیں کر سکتی مگر تیری حرکتیں دیکھ کر لگ رہا ہے کہ واپس کرنے نہ پڑ جائیں کہیں۔اٹھ جا یا اسکے ہاتھوں میری قبر بنوا کر دم لے گی" وہ تو بے یقینی کی کیفیت سے ہی باہر نہیں آرہی تھی۔آنسو بے اختیار بہے۔ یقیناً اسکی ماں کی دعائیں ہی ہیں جو اسے ہر جگہ بچا لیتی ہیں۔اسے یقین ہو گیا اسکے ماں باپ زندہ ہوں گے اور اسکے لیئے دعا گو ہون گے۔اور پھر سب سے بڑھ کر وہ اللہ جو واقعی ستر ماؤں سے بڑھ کر اپنے بندوں سے محبت کرتا ہے۔

مہر النساء اسے لتاڑ کر جا چکی تھی۔اس نے ایک شاپر الماری سے نکالا اس میں جلدی جلدی چند جوڑے رکھے تھے تو سب سلیو لیس اور بڑے بڑے گلوں والے مگر ابھی اسکے پاس انکے علاوہ کچھ نہین تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آنسو صاف کرتی وہ شاپر ہاتھ میں لیئیے بیگ کندھے پر لٹکائے ڈرائنگ روم میں آئی۔

جیسے ہی وہ اندر داخل ہوئی اسکی متورم صورت دیکھتے ہی زراد کا دل بیٹھنے لگا۔ اتنی تھوڑی سی دیر میں اس پر کیا گزری ہو گی وہ اچھی طرح جان گیا۔

"دیکھیں ابھی بھی منہ سرخ ہے اسکا" مہر النساء نے اپنی طرف سے اسکی بیماری کا جھوٹ بولنے والی بات میں وزن پیدا کرنے کی کوشش کی۔

"کوئی بات نہین مجھے ٹھیک کرنا اچھی طرح آتا ہے۔ چلو" اس نے غصے سے کہتے فہما کو دیکھا اور چلنے کا اشارہ کیا۔

فہما سر جھکائے اسکی تقنید کرتی گاڑی میں اسکے ساتھ فرنٹ سیٹ پر بیٹھی۔ زراد نے نہایت غصے سے رش ڈرائیونگ کرتے گاڑی مہر النساء کے گھر سے نکالی۔ اسے اپنے کیس کی مجبوری نہ ہوتی تو مہر النساء کو ایسی جگہ پھینکتا کہ کوئی بھی اسکا سراغ تک نہ پا سکتا۔ وہ ہوتی کون ہے اسکی بیوی کی بولیاں لگانے والی۔ غصہ اتنا شدید تھا کہ وہ اپنے غصے پر قابو پانے کے چکر میں ساتھ بیٹھے وجود سے بھی کچھ لمحوں کے لیئے غافل ہو گیا۔ چونکا تب جب اسکی سسکیاں سنائی دیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"فہما کیا ہوا ہے یار ہم نکل آئے ہیں وہاں سے۔ آپ بالکل ٹھیک ہو ڈرنے کی اب کوئی بات نہیں۔ یار ایسے نہیں کرو پلیز کل رات بھی آپکے آنسوؤں نے ڈسٹرب کر دیا تھا اور اب میرے سامنے تو نہیں رونا۔ میں ہوں نا آپکے پاس آپ پر کبھی کوئی آنچ اور کوئی غلط قدم بڑھنے نہیں دوں گا۔ فہما مائی سویٹ گرل ایسے نہیں کرو پلیز۔" اسکے آنسوؤں کی بڑھتی تعداد دیکھ کر وہ بے بس ہو رہا تھا۔ اب اس کے لیئے گاڑی چلانا ناگزیر ہو گیا تو اس

نے سڑک کی سائیڈ پر گاڑی روکی۔ شکر تھا کہ اس سڑک پر رش بھی اتنا نہیں تھا۔ گاڑی روک کر اس نے دونوں بازو اسکے گرد حمائل کر کے اسے اپنے ساتھ لگایا۔

"فہماپلیز سٹاپ کرائنگ دیکھو لوگ مجھے مشکوک نظروں سے دیکھ رہے ہیں کہ شاید میں نے اپنی بیوی کی بہت پٹائی کی ہے جو وہ اتنا رو رہی ہے۔" اس نے اسکی کمر سہلاتے اسے نارمل کرنے کے لیئے ہلکے پھلکے انداز میں کہا۔۔

"میں آل ریڈی بہت سٹریس سے گزر رہا ہوں یار مجھے اور پریشان مت کرو" اسکے مسلسل رونے نے اسے پریشان کیا۔ آخر وہ کچھ دیر بعد سنبھل کر اس سے الگ ہوئی۔

"مجھے یقین نہیں آرہا میں آپکے ساتھ ہوں۔ میں کس بری طرح خوفزدہ تھی میں آپکو بتا نہیں سکتی۔ آپکو کیا شزا بھابھی نے بتایا تھا۔" نم لہجے میں اپنی تکلیف اس سے شئیر کرتے اس نے آخر میں پوچھا۔

"ہاں آپ سے بات کرنے کے بعد بھابھی میرے آفس آئیں تھیں۔ پھر انہوں نے ساری بات بتائی۔" اس نے تفصیل بتائی۔

"آپ مجھ سے خفا کیوں تھے" یکدم اسے یاد آیا۔

"میں کب خفا تھا" اس نے اسکی بات پر حیران ہو کر اسے دیکھا۔

"تو ایکدم فون کیوں بند کیا اور پھر کسی میسج اور کال کا رپلائی نہیں کیا" اسکا دماغ کچھ ہلکا پھلکا ہوا تو شکایتیں یاد آئین۔

"انفیکٹ آپ سے بات کر رہا تھا کہ میرے باس آگ ئے اور ایک ارجنٹ میٹنگ رکھ لی۔ بس اسی وجہ سے میں آپکی کالز اور میسجز کا جواب نہیں دے سکا۔ ءپ یہ سوچ بھی کیسے سکتی ہیں کہ میں آپ سے خفا ہوں گا۔ اتنی دقتوں سے تو آپ میرا نصیب بنی ہیں۔" اس نے پیار سے اسکے بھیگے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا۔ وہ جو اس سے پیچھے ہو چکی تھی مگر ہاتھ ہنوز اسکے ہاتھوں میں دبے تھے۔ اسکی آنکھوں سے لپکتے جذبے محسوس کر کے نظریں جھکا گئی۔

"ٹھیک ہیں اب ٹینشن تو کوئی نہیں ہے نا" اس نے اسکے ہاتھ دباتے ہوئے کہا۔

اس نے آہستہ سے نفی میں گردن ہلاتے ہوئے کہا۔

"ہے تو بتا دیں میں ابھی اپنے طریقے سے ٹینشن ختم کر دوں گا" اسکی بات پر فہما نے حیرت سے اپنی جھکی نظریں اسکی جانب اٹھا کر دیکھا۔ اور وہ ان حیران آنکھوں کی تاب نہ لا سکا بے اختیار اسکے آنسوؤں سے نم گالوں کو پیار سے چھوا۔

فہما کی تو سانس سینے میں اٹک گئی۔ اسکے سینے پر ہاتھ رکھ کر بمشکل اسے پیچھے کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہم سڑک پر کھڑے ہیں" بمشکل وہ بولنے کے قابل ہوئی۔

"کوئی بات نہیں لوگوں کو رومینٹک سین سے محظوظ ہونے دیں" زراد نے شرارت سے اسکے بلش کرتے چہرے کو دیکھ کر کہا۔

"مجھے بھوک لگی ہے صبح سے ٹینشن کے باعث کچھ نہیں کھایا۔" اس نے زراد کا دھیان ہٹانے کی کوشش کی۔

"اف ظالم لڑکی" زراد نے سرد آہ بھری۔ وہ سمجھ گیا تھا کہ وہ اسکا دھیان ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔

زراد نے گاڑی سٹارٹ کی اور فہما کو لیئے ایک فلیٹ پر آیا جو کہ اسکے کسی دوست کا تھا۔ وہ اسے ابھی اپنے گھر نہیں لے جا سکتا تھا۔ وہ ابھی اپنی اصل حقیقت کسی کے سامنے نہیں لانا چاہتا تھا جب تک یہ کیس نہ حل کر لیتا اور احتیاط کا تقاضہ یہ تھا کہ وہ فہما کو کہیں اور ٹھہراتا اتنے دن۔

اسے یہ خدشہ تھا کہ اگر مہر النساء کا کوئی بندہ انہیں فالو کر رہا ہوا تو کہیں وہ محتاط نہ ہو جائیں اور زراد کے خلاف کوئی ایکشن نہ لے لیں۔

یہ گلبرگ کا علاقہ تھا جہاں بہت خوبصورت فلیٹس بنے ہوئے تھے۔ پارکنگ میں گاڑی کھڑی کر کے وہ فہما کا ہاتھ تھامے اسے دوسری منزل کے ایک فلیٹ میں لے آیا۔

دو کمروں کا یہ فلیٹ فل فرنشڈ تھا۔ کھانے میں وہ کے ایف سی سے برگر پیک کروا کر لے آئے تھے۔

لیونگ روم میں صوفوں کے سامنے رکھی سینٹر ٹیبل پر زراد نے شاپرس دھرے۔ سامنے ہی بنے ہوئے امیریکن سٹائل کے بنے کچن سے وہ پلیٹس لے آیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ آپکا فلیٹ ہے" فہما نے دلچسپی سے فلیٹ دیکھتے ہوئے کہا۔

"نہیں میرے ایک فرینڈ کا ہے میں اکثر یہاں آتا ہوں سو ایک چابی یہاں کی میرے پاس بھی ہے" شاپرز میں سے برگر نکالتے اس نے بتایا۔

"آپکو اچھا لگا ہے" اس نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔

"ہاں بہت اچھا ہے" اس نے زراد کے ہاتھ سے پلیٹ پکڑتے ہوئے کہا۔

"ایک بات پوچھوں" زراد نے فہما کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"ضرور آپکو اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے" فہما نے مسکراتے ہوئے اسکی جانب دیکھا۔

"آپ نے پہلے دن جب ہم ملے تھے تب اپنے پیرنٹس کا بتایا تھا۔ "

فہما کی آنکھوں میں پھر سے آنسو اکٹھے ہوئے وہ کیسے اپنے ماں باپ کو بھلا سکتی تھی۔ جن سے ملنے کے لئیے وہ ہر لمحہ تڑپتی تھی۔ماں کی گود کو ترس رہی تھی۔

"آپکے پاس کوئی نمبر ہے آپ نے انہیں کانٹیکٹ کرنا تھا "

"میرے پہلے موبائل میں ابو کا نمبر تھا مگر مجھے زبانی نہیں یاد ویسے بھی اب انکے پاس جا کر کیا کروں گی۔ وہ تو فاتحہ پڑھ چکے ہوں گے مجھ پر۔ آپکو تو پتہ ہے نا کہ گھر سے بھاگی لڑکی کو کیسی کیسی باتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور میں تو پھر اغوا ہوئی تھی۔ کون مانے گا کہ میں ویسی ہی بے داغ ہوں۔ میرے ماں باپ کس کس کو میری بے گناہی کا ثبوت دیں گے۔ تو انکی زندگی کو مشکل بنانے سے بہتر نہیں میں ان سے نہ ملوں" اس نے روتے ہوئے کہا۔

"اوہو یار میں نے آپکو رلانے کے لئیے تو یہ سب نہیں پوچھا۔ اچھا ادھر آؤ میرے پاس" زراد نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ صوفے پر بٹھایا۔

"یہ جو آپکی اور ہماری سوسائٹی کی سوچ ہے نہ بالکل غلط ہے۔اس میں آپکا تو کوئی قصور نہیں۔لوگوں کو کہنے دو جو وہ کہتے ہیں آپ کب تک اپنے دل پر جبر کروگی۔ میرے خیال میں ہمیں انکے پاس جانا چاہئیے۔انہیں تسلی تو ہو نہ کہ آپ محفوظ ہیں۔چلو مجھے اپنا ایڈریس بتانا میں چیک کر کے اور انہیں منانے کی کوشش کروں گا۔اور لوگوں کا کام ہی باتیں بنانا ہے تو کیا ہم اتنے قیمتی رشتوں سے ان نام نہاد معاشرے کی باتوں کی وجہ سے منہ موڑلیں۔"افہما کا ہاتھ تھامتے اس نے کہا۔

"ہاں مگر سب ایسا نہیں سوچتے۔"فہما نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔

"تو میری جان ہمیں ان سب سے کوئی غرض بھی نہیں ہے۔کوئی اتنا فارغ نہیں بیٹھا ہوا جو ہمارے بارے میں ہر وقت باتیں کرتا رہے۔پلیز گرواپ اینڈ بیکم ریلیسٹک۔ میں کل ہی انکا پتہ کرواتا ہوں پھر آپکو ان سے ملانے لے جاؤں گا اور پھر رخصتی کے بعد ہم انہیں بھی اپنے ساتھ رکھیں گے۔"اچھے دنوں کا سوچتے کچھ دیر کے لئیے فہما کے ذہن سے ہر ناآسودہ سوچ محو ہو گئی۔

"اچھا میں تھوڑی دیر کے لئیے کام سے جارہا ہوں، آپ نے پریشان نہیں ہونا اور میسج پر میں آپ سے کانٹیکٹ میں رہوں گا۔"برگر کی آخری بائٹ لیتے اس نے پلیٹ سینٹر ٹیبل پر رکھی۔اور اٹھ کھڑا ہوا۔

"کیا لے کر آؤں رات کے ڈنر کے لئیے "

"یہاں اگر کچن کا کچھ سامان ہے تو میں خود بنالیتی ہوں "اس نے بھی کھڑے ہوتے ہوئے زراد سے پوچھا۔لگتا تھا عرصہ ہو گیا ہے اسے نارمل زندگی گزارے ہوئے۔

"واؤ کوکنگ آتی ہے آپکو"اس نے خوشگوار حیرت سے پوچھا۔

www.kitabnagri.com

"آپکے خیال میں کیا میں پھوہڑ ہوں اماں نے سب کچھ سکھایا تھا" فخر سے بتاتے ماں کے نام پر ایک سایہ اسکے چہرے پر لہرایا۔

"گریٹ یار پھر تو میں اپنے کک کی چھٹی کرواؤں گا" زرداد نے اپنے لہجے کی خوشگواریت برقرار رکھی تاکہ وہ زیادہ اداس نہ ہو۔

"چلیں میں پھر چیک کر کے کچھ بنالوں گی۔ "

"گریٹ! اندر سے دروازہ لاک کر لینا اور اگر کوئی آئے تو آئی ہال سے پہلے دیکھ لینا میرے علاوہ کوئی بھی ہو تو دروازہ مت کھولنا۔" وہ ضروری ہدایات دیتا مڑ کر جانے لگا کہ فہما کی آواز پر آگے بڑھتے ہوئے رکا۔

"اور اگر آپکے لیئے بھی دروازہ نہ کھولوں" اس نے شرارت سے کہا۔ کیا خبر تھی کہ شرارت مہنگی پڑ جائے گی۔

وہ مڑا اور مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھتا قریب آیا۔

کمر میں بازو حمائل کر کے اسے جھٹکے سے خود سے لگایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تین دن اور تین راتیں آپ میرے ساتھ ہیں۔ سوچ لیں اسکی سزا میں میں کیا کیا کر سکتا ہوں۔ اب تو یہ بھی جان چکا ہوں کہ آپکے بھی دل اور دماغ میں صرف میں ہوں۔" اسکی جذبے لٹاتی نظریں اسکے چہرے کے ایک ایک نقش کو سلگا رہیں تھیں۔

"میں تو مذاق کر رہی تھی" اس نے رہانسے لہجے میں کہا۔

"مگر میں بالکل مذاق نہیں کر رہا۔" اس نے مسکراتے ہوئے اسے گہری نظروں سے دیکھتے تھوڑی پر موجود تل کو ہولے سے چھوا۔

"آ۔۔۔ آپ کو دیر ہو رہی ہو گی" فہما نے بمشکل اسکا دھیان ہٹانا چاہا۔

"پہلے میرے پاس آنے کی جلدی تھی اب بھگانے کی جلدی ہے" اس نے اب کی بار دونوں بازوؤں کے گھیرے میں اسے لیا۔ ایسے کے وہ مکمل طور پر اسکے حصار میں آ گئی۔

"اچھا نا پلیز سوری سچ میں دروازہ کھول دوں گی۔ ابھی چھوڑیں مجھے" اسکی غیر ہوتی حالت پر بالآخر اسے ترس آ ہی گیا۔

"میری 007 کی بہادری بس باتوں تک ہے" اسے چھوڑتے زراد نے شرارت سے کہا۔

"آپکی شاگردی میں رہ کر شاید کچھ امپروومنٹ آ جائے" وہ بھی شرارت سے بولی۔

زراد مسکراتے ہوئے فلیٹ سے باہر چلا گیا

اسکے جانے کے تھوڑی دیر بعد شزا کی کال آ گئی۔

"کیسی ہو فہما کہاں ہو ٹھیک ہو نا" اسکی پریشان آواز سن کر فہما کو اس پر بے اختیار پیار آیا۔ زراد کے ایک رشتے نے اسے کتنے اور پیارے رشتے دیئے تھے۔

اس نے ساری تفصیل شزا کو بتائی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"شکر میں بہت پریشان تھی۔ چلو یار اب میں بے فکر ہو گئی ہوں تمہاری طرف سے سفیان کو کال کرے بتاتی ہوں" کہتے ساتھ ہی اس نے فون بند کر دیا اور فہما کچن کے کیبنٹ کھنگالنے لگی تاکہ زراد کے آنے سے پہلے کچھ پکا سکے۔

---

اسکو واپس آتے رات کے آٹھ بج گ ئے۔ تمام وقت اس نے فہما کے ساتھ میسیجز پر رابطہ بر قرار رکھا۔ اسکے گھر کا ایڈریس بھی لے کر ایک بندے کو اسکے گھر کے حالات کا پتہ کرنے پر لگا دیا۔

فلیٹ کے باہر کھڑے ہو کر اسنے فہما کو کال کی۔ یہ احساس ہی کس قدر اچھو تا تھا کہ آج واپسی پر کوئی اسکا انتظار کر رہا ہے۔

"اسلام علیکم" فہمانے خوبصورت سی مسکراہٹ سمیت دروازہ کھولا۔

"وعلیکم سلام" اسکے ہاتھ میں کچھ شاپر ز تھے۔

دروازہ بند کر کے فہما اسکے پیچھے آئی۔

"یہ کچھ کپڑے آپکے لیئے لے کر آیا ہوں پتہ نہیں آپکو اچھے لگتے ہیں یا نہیں لیکن مجھے لگا آپ ان کپڑوں میں ان ایزی فیل کر رہی ہیں تو یہ خرید لیئے" شاپر سینٹر ٹیبل پر رکھتے وہ صوفے پر بیٹھتے ہوئے فہما سے مخاطب ہوا۔ جھک کر جوتے اتارے اتنی دیر میں فہما ٹھنڈے پانی کا گلاس لے آئی۔

زراد نے تشکر بھری نظروں سے اسے دیکھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تھینک یو" اس نے زراد کے اشارے پر شاپرز کھولتے ہوئے کہا۔

"پہن کر پہلے چیک کر لیں اور تھینک یو کو سنبھال کر رکھیں اپنے پاس "

اس نے مصنوعی خفگی سے اسے گھورا۔

وہ شاپر اٹھائے اندر گئ اور ان مین سے ایک سوٹ نکالا لائٹ اورنج اور اسکن کلر کا سوٹ جس کے گلے پر ہلکی سے کڑھائ ہوئی تھی۔ ساتھ میں پرنٹڈ بازو اور بیک، شیفون کا خوبصورت سادوپٹہ اور اورنج ہی ٹراوزر پہن کر جب وہ باہر آئ۔ کچھ دیر کے لیئے زراد اس پر سے اپنی نظریں نہیں ہٹا سکا۔

پھر نظریں ہٹا کر فقط اتنا بولا

"اچھا لگ رہا ہے۔ شکر کے آپکو صحیح سے آگیا۔ "

"اب تو تھینک یو کہہ سکتی ہوں" اسکی مسکراتی آواز پر وہ بھی اسے دیکھ کر مسکرایا۔

"جی نہیں ابھی بھی نہیں۔ اچھا پکایا کیا ہے"

"چنے کی دال اور چاول"

"او آئ لو اٹ" زراد خوش ہوتے ہوئے بولا۔

"جلدی سے لے آئیں پھر"

فہما کے بتانے پر اسکی بھوک دوچند ہو گئ۔ ادھر ادھر کی باتیں کرتے انہوں نے خوشگوار ماحول میں کھانا کھایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کھانے کے بعد چائے بنا کر وہ اسکے پاس آئی جو کارپٹ پر بیٹھا اسی کا انتظار کر رہا تھا۔ ساتھ ہی اس نے موبائل پر ہلکی آواز میں گانے لگائے ہوئے تھے۔

وہ بھی اسکے پاس نیچے بیٹھ گئی۔ ٹرے اپنے اور اسکے درمیان رکھے اسی کے انداز میں صوفے سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔

"آپ نے کل رات مجھے کہا تھا کہ آپ نے یہ نکاح اپنی مرضی سے کیا ہے اور کب کیسے یہ خیال آپکے دل میں آیا آپ بعد میں بتائیں گے۔ آئی وانٹ ٹو نو اٹ ناؤ "

فہما کے سوال پر ایک خوبصورت مسکراہٹ اسکے چہرے پر بکھری۔ جسے بمشکل اس نے چائے کا گھونٹ پیتے چھپایا۔

"تو کیا اس رات بھی آپ نے جو ایک ماہ کے لئیے اپنے پاس رکھنے کا سوچا تھا اسکی وجہ بھی اسی بات سے جڑی ہے"۔ اس نے حیرت سے اپنے شک کا اظہار کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سیریسلی آپکو سیکرٹ ایجنٹ ہونا چاہئیے۔ کہاں کہاں دماغ چلتا ہے آپکا۔" اسکا ایک ہاتھ جو صوفے پر دھرا تھا اس نے بڑھا کر فہما کے بالوں کو سہلایا۔

"اچھا اب بات کو ادھر ادھر نہ کریں پہلے بتائیں" فہما نے اپنے بالوں سے اسکا ہاتھ نکالا اور اسے تنبیہہ کی۔

"ویسے تو میں نے سوچا تھا کہ آپکے ساتھ اپنے رشتے کو پورے استحقاق سے انجوائے کرتے ہوئے بتاؤں گا۔ مگر یہ تو وہم و گمان میں نہیں تھا کہ یوں آپکے ساتھ کچھ وقت گزارنے کا موقع ملے گا۔ ویسے بھی ہماری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں ہوتا سو کیا لمبا انتظار کرنا چلیں میں بتا دیتا ہوں آپکو۔"

"جب آپکو یونیورسٹی میں بچایا اور جس بے اختیاری کا مظاہرہ آپ نے میرے بازو کے ساتھ لگتے ہوئے کیا۔ میری سیریسلی پہلی مرتبہ ہارٹ بیٹ مس ہوئی۔ لوگ ہم سے محبت کرتے ہیں مگر جس طمانیت کا احساس میری وردی دیکھ کر آپکے چہرے پر جھلکا تھا دیٹ از ٹرولی ڈیفیکلٹ ٹو ایکسپلین۔ پھر فرض کی ادائیگی میں وہ چہرہ ذہن سے نکلا تو نہیں مگر وقتی طور پر محو ہو گیا۔ اور جب اس رات آپکو وہاں دیکھا تب مجھے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا کہ یہ چہرہ میں اس جگہ دیکھوں گا۔ لیکن آپکو تو پتہ ہے کہ سیکرٹ ایجنٹس کی نظروں سے کچھ بھی چھپا نہیں رہ سکتا سو آپکے فیشل ایکسپریشنز وہاں کی لڑکیوں سے میل نہیں کھاتے تھے۔ آپ کا ڈرا سہما انداز اور آپکا باریک دوپٹے میں اپنے بازوؤں کو چھپانا حالانکہ وہیں سارا اپنے بے باک حلیے کے ساتھ میرے سامنے بے شرمی سے بیٹھی تھی۔ بس آپکے انداز نے گڑبڑ کا احساس دلایا اور میں نے بے اختیار آپکو پروٹیکشن دینے کا سوچا۔ میرے یقین کی تصدیق آپ نے اسی دن کر دی کہ آپ کو کس طرح ان لوگوں نے ٹریپ کیا۔

میں نے اس رات وہاں کے فون میں اور اس پینٹنگ کے پیچھے مائیکروفون فٹ کیئے تھے جن سے وہاں کی گفتگو سنی جائے۔

کچھ دن بعد سیفی نے مجھے بتایا کہ یہ لوگ لڑکیاں سمگل کر رہے ہیں اور منشیات کا کام تو وہ کرتے ہی ہیں۔ وہ تہہ خانہ انفیکٹ منشیات کا گڑھ ہے۔

خیر ہمارے نکاح کے پیچھے وجہ یہ تھی کہ ایک رات سیفی نے سنا تھا کہ وہ لوگ دبئی میں لڑکیوں کو اسمگل کریں گے اور آپکی پکچرز بھی لیں گے۔ اسی لیئے میں نے نکاح والا کام کیا تا کہ اگر وہ کوئی ہیر پھیر کرنا چاہئیں تو آپکو بچانے کا میرے پاس کوئی قانونی جواز ہو۔ اور پھر جب اللہ محبت کو آپکی زندگی بنا دے تو اس سے حسین بات کیا ہو گی۔ اب آیا میری محبت پر یقین۔

فہما تو حیران پریشان اسکی باتیں سن رہی تھی۔ صحیح کہتے ہیں اللہ نے کس کے نصیب میں کس کو لکھا ہوتا ہے یہ ہم انسان نہیں جان سکتے۔ کیسے ہیر پھیر کر کے وہ کس کو کہاں اور کیسے کسی سے ملا دیتا ہے یہ انسان کی سوچ سے باہر کی بات ہے۔ اللہ نے فہما کے نصیب میں زراد کو ہی لکھا تھا۔ یہ حالات کی کشمکش تو ذریعہ بنی انہیں ملانے کا۔

"کیا ہوا" زراد نے اسے خاموش دیکھ کر اسکا کندھا ہلایا۔

"بس حیران ہوں کہ اللہ نے کیسے ہمیں ملایا" اس نے اپنی چائے سے آخری گھونٹ لیتے ہوئے کہا۔

" آئی وش کبھی آپکی پیاری سی پریشانی کے بغیر والی صورت بھی دیکھنے کو ملے۔ ہر وقت روتی بسورتی اور حیران پریشان ایکسپریشنز دیکھ کر تو مجھے اپنے مستقبل کی بہت فکر ہونے لگ گئی ہے" زراد نے حسرت سے کہتے اس پر لطیف سا طنز کیا۔

" ایسے ہی رہے تو بہتر ہے نہیں تو آپ تو فلیٹ ہی ہو جاتے ہیں۔" فہما نے منہ بناتے کہا

" ہاہاہا! اپنی بیوی پر بھی فلیٹ نہ ہوں تو کس پر ہوں ویسے سارا بھی بری نہیں" زراد کے شرارتی انداز پر اسکا منہ حیرت سے کھل گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" خبردار جو آئندہ آپ نے اسکا نام لیا۔۔۔ اور وہ جو ایک رات پہلے آپ کسی لڑکی کو لے کر گئے تھے اگلے دن اسکی آہیں ہی بند نہیں ہو رہیں تھیں۔۔۔۔ کتنے فرینک ہوئے تھے آخر آپ اسکے ساتھ" فہما نے غصے سے وارن کرتے اسے پھر تفتیشی انداز میں پوچھا۔

"یار ہم ہندو نہیں ہیں ادر وائز میں پوچھ لیتا کہ کسی جنم میں کیا پولیس میں رہ چکی ہو۔۔۔ایسا کریں میری بیوی بننے کے بعد مجھے اسسٹ کرنا۔۔۔سیریشلی آدھا بر ڈن تو میرا کم ہو جائے گا" زراد اسکی تفتیشی عادت سے تنگ آکر بولا۔

"ادھر ادھر مت گھمائیں میری بات سیدھی طرح بتائیں" فہمانے اب کی بار اسکی جانب رخ کر کے انگلی اٹھا کر اسے وارن کیا۔

زراد نے اسکے انداز پر مسکراتے ہوئے اسکی انگلی اپنے ہاتھ کی مٹھی میں دبائی۔اور ایک جھٹکے سے اسے قریب کر کے اسکے گرد اپنے بازوؤں کا حصار باندھا۔

"اگر نہ بتاؤں تو" اس نے فہما کا غصے سے تمتماتا چہرہ دیکھتے ہنسی ہونٹوں میں دباتے ہوئے کہا۔

"تو میں آپکے سارے پول سفیان بھائی سے کہہ کر آپکے آفیسر ز کو بتادوں گی۔" اس نے بھی شرارت سے کہتے اسکی جذبے لٹاتی نظروں میں دیکھتے ہوئے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"وہ تو مجھے کوئی شک نہیں آپ کسی حد تک بھی جاسکتی ہیں جس لڑکی کو میں بے ضرر سمجھ رہا تھا اس نے بڑے مزے سے بھابھی کو میری پکچر ز تک چپکے سے سینڈ کر دیں۔۔۔ہاہاہامائی گاڈ کیا چیز ہو آپ" زراد آج بھی وہ میسج یاد کر کے اپنا قہقہہ نہیں روک سکا۔ مسکراتے ہوئے فہما کو دیکھا

فہما کو اسکے چہرے کی سب سے خوبصورت بات یہ لگتی تھی کہ اسکی آنکھیں جب بھی فہما پر پڑتی تھیں ہمہ وقت مسکراتی ہوئی لگتی تھیں۔

"یار ہم نے اسکو پیسے دیئے تھے اور کہا تھا کہ جو وہ ایکسپیکٹ کر کے آئی ہے ہم ویسا کچھ نہیں کریں گے۔ یہ جسٹ ملاقات ہے۔ اور اس بات کا ذکر وہ کسی سے نہیں کرے گی۔ ادر وائز میں لڑکیوں کے معاملے میں بہت خشک مزاج ہوں" زراد نے اسے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"مجھے تو کہیں سے نہیں لگتے" فہما نے اپنے گرد اسکے بازوؤں کے بنے حصار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"آپ تو جان ہیں میری صرف لڑکی تھوڑی ہیں" اس نے مسکراتے ہوئے فہما کو خود میں زور سے بھینچا۔"

اسکی دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہوئیں۔

"اور کوئی انٹرویو کا کوئسچن رہ گیا ہے تو وہ بھی کر لیں حسرت باقی نہ رہے" اس نے سر نیچے کر کے اسے دیکھتے ہوئے کہا جس کا سر زراد کے سینے پر تھا۔

"آپ نے ابھی جو کہا تھا کہ میں آپکو اسسٹ کر لوں تو کیا یہ پاسبل ہو سکتا ہے" اس نے سیدھے ہوتے اشتیاق سے زراد سے پوچھا زراد نے سرد آہ بھری۔

"حسرت ہی رہ جائے گی آپکے ساتھ رومانس کرنے کی" زراد نے بدمزہ ہوتے کہا۔

"تو ابھی کیا کر رہے تھے" فہما نے حیرت سے پوچھا۔

"یہ رومانس تھا؟؟؟؟؟" زراد نے الٹا اس سے پوچھا۔

"زراد بیٹا تیرا مستقبل بہت تاریک ہے تیری بیوی کو پتہ ہی نہیں رومانس باتوں سے آگے کی کہانی ہے" زراد نے خود کو مخاطب کرتے کہا۔ اسکے انداز پر فہما کو اپنی ہنسی روکنی مشکل ہو گئی۔

"میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ آپ اتنے جولی بھی ہو سکتے ہیں" فہما نے اسے چڑایا۔

زراد نے افسوس سے سر ہلاتے ہوئے اسکی ہنسی کو دیکھا۔

"شوہر تو بننے نہیں دے رہیں تو جولی ہی بن سکتا ہوں" زراد کی بات پر وہ بے اختیار ہنس پڑی۔

" نظر اتار سکتا ہوں" زراد کے جذبوں سے چور لہجے نے فہما کی دھڑکنوں کی رفتار بڑھائی۔

زراد نے جھک کر اسکے ماتھے پر اپنے لب رکھ دیئے۔ فہما نے اسکی شرٹ کو اپنی مٹھی میں جکڑ لیا۔ زراد کی سانسوں کی گرمی آہستہ آہستہ اسے اپنے گالوں پر محسوس ہوئی۔

انکے قریب

Barcelona

کی آواز گونج رہی تھی زراد کے موبائل پر

We've been on for a minute

No more feeling alone

I've been gone for a minute

I've been out on the road

And the night got me thinking

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Thinking about lying in bed in the dark in the warm

I want you for so long

Tell me is it so wrong

Even if we fall in love

Fall in love

I don't wanna hold you down, dear

Trying to make it so clear

Hoping that we fall in love

Fall in love

Don't give up on me, baby

When I stumble along

When I act a little crazy

Remember my love for you won't fade, won't fade, you keep it blazing

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

I want you for so long

Tell me is it so wrong

Even if we fall in loves

"بسسسس "اس نے زراد کو پیچھے دھکیلتے ہوئے بمشکل کہا۔

زراد نے اسکی غیر ہوتی حالت کے پیش نظر اپنے جذبات پر بند باندھا۔

ابھی وہ دونوں ایک دوسرے کے سحر سے باہر بھی نہیں نکل پائے تھے کے زراد کے موبائل پر اسکے کسی ماتحت کا فون آیا۔

زراد نے فہما کے گرد سے حصار ہٹاتے پیچھے ہوتے دو سیکنڈ کے لئیے خود کو سنبھالا۔ فہما تیزی سے اٹھ کر کچن کی جانب چلی گئی۔

"ہیلو! ہاں سمیع خیریت "

"سر وہ جو سرمد چودھری کا نمبر تھا ہم نے اس سے اسکی لوکیشن ٹریس کرلی ہے وہ ایک فارم ہاؤس ہے۔ ہم نے اس جگہ کو فالو کیا تو وہاں ایک گاڑی میں کچھ لڑکیوں کو آنکھوں پر کپڑا باندھ کر لایا گیا۔ ہم جھاڑیوں میں کھڑے خوردبین سے دیکھ رہے تھے۔ سر مجھے یقین ہے کہ اسمگل کرنے کے لئیے یہ لڑکیوں کو اسی فارم ہاؤس پر رکھتا ہے۔ اسجد اسکی آج کی کال ریکارڈ کر رہا ہے جیسے ہی ہوتی ہے میں آپکو فارورڈ کر دوں گا۔ آئی ایم شیور انہیں سے ریلیٹڈ بات ہوگی اسکی کال میں "

"ویری ویل ڈن یار۔۔۔ ٹھیک ہے جیسے ہی ہوتی ہے مجھے بتاؤ اور وہ میں نے تمہیں سلیمان صاحب کے بارے میں پتہ کرنے کا کہا تھا۔ اس کا کیا بنا" زراد نے فہما کے والد کا نام لیتے ہوئے پوچھا۔

"سر اسکی رپورٹ صبح آپ تک پہنچ جائے گی۔ "

"گریٹ۔۔ کیری آن"

"تھینک یو سر"

زراد نے فون بند کر کے مڑ کر فہما کو تلاشا جو وضو کرے اب نماز پڑھنے کھڑی ہو گئ تھی۔

زراد نے اپنا لیپ ٹاپ آن کیا کیونکہ ابھی اسے سرمد چودھری سے متعلق میل ملنی تھی۔

پانچ منٹ نہیں گزرے کے اسے میل موصول ہوئ اس لے ہینڈ فری لگا کر کال سننی شروع کی۔

"ہیلو۔۔ہاں مہر النساء لڑکیاں پہنچ گئیں ہیں۔ میں پہلے انکو خود چھان پوٹک کے دیکھوں گا۔ کل اور لڑکیوں کا انتظام کرنا۔" اسکے ساتھ ہی کال بند ہو گئ۔ سمیع کی بات کی تصدیق ہو گئ تھی کہ اس نے لڑکیاں اپنے فارم ہاؤس پر رکھیں ہیں۔ اس نے ہینڈ فری اتار کر سر مصطفیٰ کو اطلاع دینے کے لئیے رپورٹ بنانی شروع کی۔

فہما جیسے ہی فارغ ہوئ زراد نے اسے لیٹنے کے لئیے کہا۔

"آپ کب فری ہوں گے" اسکی بات پر زراد شرارت سے مسکرایا۔

"میرا اگر ویٹ کیا تو آج کی رات تو میں نے آپکو سونے نہیں دینا" اسکی بات کا مفہوم سمجھتے اسکا چہرہ سرخ ہوا۔

"اوکے میں جا رہی ہوں سونے" اسکے گھبرا کر اٹھنے پر زراد اپنا قہقہہ نہیں روک سکا۔

"گڈ نائٹ مائی لائف" اس نے محبت سے کہتے اسے دیکھا۔

"گڈ نائٹ" کہتے ساتھ ہی وہ سونے چلی گئی۔

_________________________

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

السلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل پر ارسال کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

samiyach02@gmail.com

صبح جب وہ اٹھی تو زراد کو اپنے قریب لیٹے پایا۔ نہ جانے وہ رات میں کب اسکے پاس آکر لیٹا تھا۔ اس نے اٹھ کر بیڈ کی بیک سے ٹیک لگاتے زراد کے خوبصورت چہرے کو دیکھا۔ کچھ ہی دنوں میں اسے یہ شخص کتنا پیارا ہو گیا تھا۔ آج اگر اسکی ماں یہ جان لے کہ اسکے نصیب میں اللہ نے اتنا محبت کرنے والا شخص لکھا ہے تو وہ کتنا خوش ہو۔ اس نے محبت سے اسکے ماتھے پر بکھرے بالوں کو سنوارا۔ وہ ذرا سا کسمسایا تو اس نے ہاتھ جلدی سے پیچھے کھینچ لیا۔

بیڈ سے اٹھ کر واش روم میں گئی فریش ہو کر کچن میں آئی۔ رات میں آتے ہوئے زراد ناشتے کا سامان بھی لے آیا تھا۔ جلدی جلدی ناشتہ بنایا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زراد کچن سے آتی کھٹر پٹر کی آواز سے اٹھ گیا۔ فریش ہو کر باہر آیا تو فہما انہماک سے ناشتہ بنانے میں مگن تھی۔ کچن کی جانب آیا اور آہستہ سے اسکے پیچھے کھڑے ہوتے اسکے کندھے پر تھوڑی رکھی۔

"گڈ مارننا نگ "

"گڈ مارننگ" فہما اسکے قریب آنے پر نروس ہوئی۔

زراد نے حیران ہوتے اسکا رخ اپنی جانب کیا۔

"آپکو کیسے پتا چلا کہ میں آگیا ہوں آپکے پاس۔ جبکہ میں تو آواز پیدا کیئے بغیر آیا ہوں "

"آپکے کلون کی خوشبو آگئی تھی۔" فہما نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"اوہ تو اب آپ مجھے میری خوشبو سے پہچان لیتی ہیں۔۔ ویری گڈ" زراد نے اسے سراہا۔

"اتنے دنوں سے ہم اکھٹے ہیں آپکے پرفیوم کی پہچان ہو گئی ہے۔" اس نے دوبارہ رخ موڑ کر چولہے سے چائے اتاری۔

"آپ نے اب آفس جانا ہے" زراد جو محبت پاش نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔ اسکے سوال پر چونکا۔

"نہیں کچھ ضروری کام سے جانا ہے۔ آج آفس نہیں جانا"

فہما نے لاؤنج میں ناشتے کی چیزیں رکھیں۔ نو بجے کا وقت تھا ابھی وہ دونوں ناشتہ کر ہی رہے تھے کہ زراد کو سمیع کی کال آئی۔

"اسلام علیکم سر"

"وعلیکم سلام"

"سر آپ نے جو سلیمان صاحب کے گھر کا ایڈریس دیا تھا سو وہ لوگ اب وہاں نہیں رہتے وہ گھر بیچ چکے ہیں۔ کہاں رہتے ہیں وہاں کے لوگوں کو کچھ نہیں پتہ نہ کوئی کانٹیکٹ نمبر ہے بس وہاں کچھ چیزیں موجود ہیں اگر آپ کہتے ہیں تو میں وہ لے آتا ہوں میں وہیں موجود ہوں اس وقت "

زراد نے ایک نظر فہما کو دیکھا۔

"ٹھیک ہے لے آؤ میں تھوڑی دیر میں تمہاری طرف آ کر وہ چیزیں لے جاؤں گا۔"

"اوکے سر" فون بند کرتے اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ کس طرح فہما کو یہ بات بتائے۔

"کیا ہوا آپ کچھ پریشان لگ رہے ہیں" فہما نے اسے گم صم دیکھتے ہوئے کہا۔ وہ اٹھ کر اسکے ساتھ سامنے والے صوفے پر بیٹھا۔

"میں نے کل ایک بندے کو آپکے گھر والوں کا پتہ کرنے بھیجا تھا مگر پتہ چلا ہے کہ وہ لوگ اس گھر کو بیچ کر کہیں چلے گئے ہیں۔ کہاں یہ وہاں رہنے والے نہیں جانتے آپکے کوئی ریلیٹوز جن کا آپکو پتہ ہو۔"

"ہمارے تو کوئی ریلیٹوز یہاں نہیں رہتے اور ہم تو زیادہ کسی سے نہیں ملتے تھے" فہما نے پریشانی سے کہا۔

"ڈونٹ وری کچھ نہیں ہوتا۔۔ کوئی حل نکالتے ہیں" زراد کو اسکی پریشانی کا اچھا خاصہ اندازہ تھا۔

"اچھا میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں، پلیز تب تک آپ نے پریشان ہو کر خود کو ہلکان نہیں کرنا۔" زراد نے اٹھتے ہوئے اسے کہا۔ جھک کر پیشانی چومی۔ وہ اس وقت سفید شلوار قمیض میں ملبوس تھا۔

اس کے جاتے ہی وہ پریشان صورت لئیے بیٹھ گئ۔ وضو کیا، جائے نماز بچھائ اور اللہ سے انکی خیریت کی دعا مانگی۔ دو نفل پڑھے حاجت کے جو وہ روزانکے لئیے پڑھتی تھی۔

---

"سر یہ کچھ سامان اس شاپر میں ملا ہے انکے گھر سے" وہ جیسے ہی سمیع کے پاس پہنچا اس نے ایک بیگ اسکی جانب بڑھایا۔

"تھینک یو یار چلو میں سیفی کی طرف جا رہا ہوں کوئ اور سومد چودھری کی طرف سے پروگریس ہو تو مجھے بتانا"

"اوکے سر" ابھی وہ وہاں سے نکل ہی رہا تھا کہ سفیان کی کال آگئ۔

"ہاں بڈی" اس نے بیگ گاڑی میں رکھتے کال پک کی۔ گاڑی میں بیٹھ کر اب وہ گاڑی سٹارٹ کر رہا تھا۔

"مبارک ہو شہزادے" سفیان کی بات نے اسے چونکایا۔

"خیریت" اس نے اچنبھے سے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ڈئیر سرمد چودھری نے پرسوں رات کی جگہ آج صبح فجر سے پہلے منشیات سے بھرے ٹرکوں کو سرحد پار کروانے کی کوشش کی۔ ہم چنکہ کچھ دن پہلے ٹرکوں کا نمبر چوکیوں پر لکھوا چکے تھے لہذا وہ پکڑے جا چکے ہیں۔ فی الحال تو سرمد روپوش ہو گیا ہے۔ مگر اسکے چند ماتحت پکڑے گۓ ہیں جنھوں نے کنفیس کر لیا ہے کہ یہ سب اسی کا کام ہے اب اسکے اریسٹ وارنٹ جاری ہو رہے ہیں" سفیان کی پرجوش آواز میں سنائ جانے والی خبر پر اس نے سکھ کا سانس لیا۔

"گریٹ یار! ڈونٹ وری ہمارے پاس تو اسکا نمبر ہے ہم اسے ٹریس کر لیں گے۔ ڈونٹ وری۔"

"اسی خوشی میں سیلیبریشن تو بنتی ہے تو ایسا کر فہما کو لے کر آج رات فارم ہاؤس پر آجا"

"چل میں واپس جا کر بات کرتا ہوں فہما سے پھر تجھے بتاتا ہوں" زراد نے گاڑی واپسی کے راستے پر بڑھائی کیونکہ جس سلسلے میں سفیان سے ملنا تھا وہ کام تو ہو گیا تھا۔

--______________________________

جس وقت وہ واپس آیا فہما اسی پریشان صورت میں ملی۔

"کچھ پتہ چلا" اس نے بے تابی سے پوچھا۔

"یہ ایک بیگ ملا ہے وہاں سے آپ چیک کرو۔ شاید کوئی ایسی چیز مل جائے جس سے ان کا پتہ چل سکے۔" زراد نے اسے بیگ پکڑاتے ہوئے کہا۔

اس نے صوفے پر بیٹھ کر بے تابی سے بیگ کھولا۔ زراد بھی قریب بیٹھ گیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس بیگ میں فہما کی اسناد اور انکی فیملی پکچرز کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا۔

فہما مایوسی سے اپنے ماں باپ کی تصویر ہاتھ میں لیئے رو پڑی۔

"فہما بری بات ہے۔ ہم ڈھونڈ لیں گے انکو انشااللہ ایسے نہیں کرو" زراد نے اسے ساتھ لگاتے ہوئے کہا۔

"یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے نجانے انہوں نے کیا کچھ سہا ہو گا کس حال میں ہوں گے وہ۔ میری جیسی بیٹیوں کو مر جانا چاہئیے جو ماں باپ کو کسی بھی وجہ سے دھوکا دیتی ہیں" وہ بلک بلک کر روتے ہوئے خود کو قصوروار ٹھہرا رہی تھی۔

"غلط بات ہے۔۔۔ ٹھیک ہے میں مانتا ہوں کہ آپ نے انہیں دھوکا دیا مگر کسی غلط کام کے لئ ی ہے نہیں دیا۔ اور اپنے لیئے کبھی بھی موت نہیں مانگتے۔ اللہ نے یہ زندگی اسی لیئے نہیں دی کہ ہم اسکی یوں تذلیل کریں۔ ہم انسان ہیں اور ہم سب سے غلطیاں ہوتی ہیں مگر ان سے سیکھنا اور انہیں پھر رہ دہرانا ہی اصل زندگی ہے نا کہ یوں کفریہ الفاظ بولنا۔ اور نہ صرف آپ اپنے لیئے موت مانگ کر کفر بول رہی ہو بلکہ مایوسی کی باتیں بھی کر رہی ہو۔ میں نے کہا ہے نا ہم انشااللہ انہیں ڈھونڈ لیں گے آپ مایوس کیوں ہو رہی ہو۔ مجھے بہت ڈس اپائنٹ کیا ہے آپ نے۔ میں تو آپکو بہادر سمجھ رہا تھا۔" زرادنے رسان سے اسے سمجھایا۔

"ایسا کریں یہ فوٹو گرافس مجھے دیں۔ میں اسکے زیادہ سارے پرنٹس نکلوا کر اپنے بندوں کو دیتا ہوں۔ انشااللہ جلد ہی ان کا پتہ چل جائے گا" زرادنے اسکا چہرہ ہاتھوں میں تھامے اسکے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے اثبات میں سر ہلایا۔

"اب نہیں رونا اوکے" زرادنے اسے تنبیہہ کی۔

"آپکو ایک گڈ نیوز دوں" زرادنے اسکا دھیان بٹانے اے لیئے کہا۔

"جی" اسکے کہتے ساتھ ہی زرادنے اسے منشیات سے متعلق ساری خبر سنائی۔

"مبارک ہو پھر تو بہت بہت مگر وہ روپوش کہاں ہو سکتا ہے "

"وہ بھی پتہ چل جائے گا اسکا پرسنل نمبر ہمارے پاس ہے ڈونٹ وری۔"زرادنے اسے تسلی دلائی۔اور ساتھ ہی اسکے ہاتھ سے فوٹو گرافس لے کر اپنے لیپ ٹاپ والے بیگ میں رکھیں۔

"سفیان نے ہمیں اپنے فارم ہاؤس پر انوائٹ کیا ہے آپ چلیں گی۔"زرادنے اسکی جانب دیکھا جو اپنی ہی سوچوں میں محو تھی۔

"ابھی مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی"اس نے بے چارگی سے کہا پس مردہ سی کیفیت اس پر چھائی ہوئی تھی۔

"چلیں گی تو ذہن بھی فضول کی سوچوں سے باہر آئے گا۔ میرے اتنا سمجھانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوا نا"زرادنے مصنوعی خفگی سے اسے دیکھا۔

"ایسی بات نہیں ہے۔ "

"فہما ہماری زندگی میں مشکلات اللہ کے حکم سے آتی ہیں "

"مگر مجھے لگ رہا ہے کہ یہ میرے گناہوں کی آزمائش ہے"

"آپ نے پھر مایوسی کی بات کی۔ آپکو پتہ ہے اللہ ہمیں ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کی تلقین کیوں کرتا ہے۔کیونکہ وہ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ وہ سب سے پہلے رحمن اور رحیم ہے۔تو ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ہمیں سزا دے رہا ہے۔کیا آپ کو اسکی رحمت پر کوئی شک ہے "

"نہیں تو میرا یہ مطلب نہیں تھا"

"بے شک آپکی انٹینشن یہ نہیں مگر آپکے دل میں اپنی غلطی کا خوف زیادہ ہے، ہے نا" اسکے پوچھنے پر اس نے اثبات میں سر ہلایا

"یہی تو ہمارا توکل ہے کہ ہم اس سے رحم کی دعا مانگتے ہوئے بھی یہ سوچتے ہیں کہ پتہ نہیں وہ ہماری غلطی کو معاف کرے گا کہ نہیں یہ بے یقینی ہی ہمیں مایوسی کی جانب لے جاتی ہے۔ آپ تھوڑی دیر کے لیئے یہ سوچیں کہ اگر وہ اتنا ہی غیض و غضب والا ہوتا اور آپکی لغزش کو اس نے معاف نہ کیا ہوتا تو کیا اس گندگی کی جگہ پر وہ آپکو اتنے احسن طریقے سے محفوظ رکھتا۔ میرے دل میں بھی آپکو بچانے کی خواہش پیدا کرنے والا کون ہے۔ آپکو اور مجھے اس رشتے میں باندھنے والا کون ہے۔ اس نے تو اپنی رحمت کی اتنی مثالیں آپکو دے دیں ہیں آپ پھر بھی مایوس ہو رہی ہو"

زراد کی باتوں پر وہ واقعی کانپ گئ۔ ہاں یہ وہی ذات تو ہے جس سے اس نے گڑ گڑا کر رحم کی دعا مانگی تھی اور اس نے اسے ہر قدم پر اس دلدل میں دھنسنے سے بچایا تھا۔

"آئم سوری" اسے اپنی غلط سوچ کا احساس ہوا۔

"مجھ سے نہیں اللہ سے معافی مانگیں اور اب اس پر اسی طرح توکل کریں جیسے آپ نے مجھ سے نکاح کے وقت کیا تھا" وہ کتنا صحیح کہہ رہا تھا۔ فہما نے دل میں سوچا اللہ سے معافی مانگی۔ اور یہ سوچ کر مطمئن ہو گئ کہ اللہ جلد ہی اسے اسکے ماں باپ سے ملائے گا۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کس کمینے نے مخبری کی ہے۔ میں زندہ نہیں چھوڑوں گا۔ میرے چاروں کے چاروں ٹرک پکڑے گ ہئے ہیں۔ اس الو کی پٹھی مہنر النساء کو کال ملا اسی کے پاس تھا نا میرا سارا سامان" سرمد چودھری غصے سے دھاڑ رہا تھا۔

"سر وہ لائن پر ہے" اسکے ایک ماتحت نے جلدی سے کال ملائی۔

"ہیلو" اپنی کرخت آواز میں وہ بولا۔

"جی سرکار" مہر النساء بڑے ناز سے بولی۔

"سرکار کی بچی۔۔۔ بتا کس نے مخبری کی ہے میرے ٹرکوں کی" اس نے اپنا سارا غصہ اس پر نکالا۔

"صاحب قسم لے لیں جو یہاں میری لڑکیوں میں سے بھی کسی کو علم ہو کہ اس تہہ خانے میں کیا ہے" وہ اسکے غصے سے خوفزدہ ہو کر جلدی جلدی صفائیاں دینے لگی۔

"بکواس بند کر۔۔۔ طوائف اور اسکی قسمیں۔۔۔ ہوں۔۔۔۔ تھوکتا ہوں میں تجھ پر۔ جلدی سے بتا کون کون آیا ہے ان دنوں تیرے پاس مجھے جلد سے جلد سب کے ناموں اور انکے کام کا ریکارڈ چاہئیے۔ ورنہ یاد رکھنا آج کل میرے کتے بہت بھوکے ہیں کہیں تجھے انہی کا چارہ نہ بننا پڑے۔" سرمد چودھری کے الفاظ پر اسکے رونگٹے کھڑے ہو گ ہئے۔

"ابھی بتاتی ہوں" وہ خوفزدہ لہجے میں بولی۔

"اور ہاں حلئیے بھی بتا۔ میں تھوڑی دیر تک فون کرتا ہوں" اس نے غصے سے فون بند کرتے کہا۔

انتظار کرتے وہ بے چینی سے ادھر ادھر ٹہل رہا تھا۔

دس منٹ بعد اس نے دوبارہ فون کیا۔

سرمد نے اپنے ایک بندے کو فون دیا جو بتائے جانے والے لوگوں کے حلیوں کا اسکیچ بنا رہا تھا۔

جب وہ سب کا بتا چکی تو سرمد چودھری نے فون بند کر دیا۔

"مجھے ان سب بندوں کا پورا بائیو ڈیٹا آج رات سے پہلے چاہئیے۔ نہیں تو سب کو الٹا لٹکا کر اتنے چابک ماروں گا کہ تمہاری ہڈیاں بھی رحم مانگیں گی۔" جبڑے بھینچ کر غصیلی نظروں سے انہیں کہتا وہ منہ سے کف اڑاتا کروفر سے کمرے سے باہر نکل گیا۔

---

ابھی وہ گھر سے نکلے ہی تھے کہ سفیان کی کال آگئی۔

"نکل پڑے ہیں اللہ کے بندے۔۔۔ کبھی مجھے سکون سے اپنی بیوی کے ساتھ دو باتیں بھی کر لینے دیں۔ صبح سے اب تک یہ تیرا دسواں فون ہے" زراد نے کار ڈرائیو کرتے ہوئے موبائل کان سے لگائے سفیان کو لتاڑا۔

"کنفرم کرنا تھا کہ تم دونوں آرہے ہو نہ جن کے اعزاز میں آج کا ڈنر ہے۔" سفیان نے شرارت سے کہا۔

"بھائی ابھی چھ بجے ہیں سات بجے ہم وہاں موجود ہوں گے۔ "

"کچھ زیادہ ہی جلدی نہیں نکل آئے تم لوگ" سفیان نے طنز کیا۔

"یار آج پہلی مرتبہ اندازہ ہوا کہ عورتیں تیاری میں کتنا ٹائم لگاتی ہیں" وہ جو مزے سے انکی گفتگو سن رہی تھی۔ زراد کی بات پر حیران ہوتے اسے گھورا۔

"اب نظروں کے تیر چل رہے ہیں۔ میں تو تیار تھا تیری بھابھی کا نکلنے کا موڈ نہیں تھا" مسلسل شرارتی لہجے میں کہتا وہ فہما کی گھوریوں سے محظوظ ہو رہا تھا۔

"واقعی بیٹا تو نے دو دنوں میں اتنی ترقی کر لی ہے کے ایسے معاملات شروع ہو گئے ہیں تم دونوں میں پھر تو اگلے مہینے تو مجھے چچا بننے کی خوشخبری سنائے گا۔" سفیان بھی اسی کی طرح شرارتی لہجے میں بولا۔

"اچھا اب زیادہ بک بک نہیں کر" اسکی بات پر اس نے قہقہہ لگایا۔

"اوکے جانی ویٹنگ" سفیان نے بھی مسکراتے ہوئے فون بند کیا۔

"شرم تو نہیں آتی آپکو سفیان بھائی سے ایسی باتیں کرتے ہوئے اور میں نے کب دیر لگائی ہے۔ لپ اسٹک تک تو لگائی نہیں" جیسے ہی اس نے فون بند کیا فہما نے اسے شرم دلانے کی کوشش کی۔

"میری جان کو ضرورت بھی نہیں ان چیزوں کی" زراد نے اسکے گالوں کو پیار سے انگلی سے چھوتے ہوئے کہا۔ ٹی پنک کلر کا خوبصورت سوٹ پہنے اور ہمرنگ دوپٹہ لیئے وہ ویسے ہی اسکے دل میں اتر رہی تھی۔ جبکہ وہ خود لائٹ پنک کلر کی شلوار قمیض پہنے اپنے تیکھے نقوش اور چہرے پر سجی بیئرڈ میں بے حد ڈیشنگ لگ رہا تھا۔

"وہاں کون کون ہو گا" فہما نے اسکا دھیان خود سے ہٹاتے ہوئے کہا۔

"ایک دو فرینڈز ہوں گے سیفی اور بھابھی کے علاوہ "

" صحیح" اس نے کہتے ساتھ ہی ہاتھ بڑھا کر پلیئر آن کیا۔

Robot Koch

کی خوبصورت آواز نے انہیں اپنے حصار میں لیا

Caught in the riptide

I was searching for the truth

There was a reason

I collided into you

Calling your name in the midnight hour

Reaching for you from the endless dream

So many miles between us now

But you are always here with me

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Nobody knows why

Nobody knows how and

This feeling begins just like a spark

Tossing and turning inside of your heart

Exploding in the dark

Oh inside me

I find my way

Back to you

Back to you

Two words

In your hands

In your hearts

It's whole universe

You are always here with me

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زرادنے اسکی اداس شکل دیکھتے اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھٹنے پر رکھا اور ایک ہاتھ سے گاڑی چلاتا رہا۔

"کیا بات ہے" اس نے فکر مندی سے پوچھا۔

"ایسا لگ رہا ہے یہ بے فکری کے لمحے، آپکا ساتھ، یہ سب ایک خواب ہے۔" اس نے اداسی سے کہا۔

"حسرت ہی رہ جائے گی آپکی ہنسی دیکھنے کی۔ لگتا ہے اسی حسرت میں کوچ بھی کر جاؤں گا" زرادنے دہائی دیتے ہوئے کہا۔

"اللہ نہ کرے کیسی فضول باتیں کرتے ہیں" فہمانے دہل کر کہا۔

"تو اور کیا یار میں آپکا موڈ ٹھیک کرنے کے لئیے آپکو لایا ہوں اور آپ ہو کہ میرا دماغ خراب کر رہی ہو" زراد نے چڑ کر کہا۔

"ہنسی تو پھر آپ نے نظر اتارنی شروع کر دینی ہے" اس نے منہ بنا کر کہتے زراد کو گزری رات کی یاد دلائی۔

زراد اسکے جواب پر اپنا بے ساختہ قہقہہ نہ روک پایا۔

"نہیں اب مہذب طریقے سے نظر اتاروں گا "

"جی نہیں شکریہ " فہمانے جلدی سے کہا مبادا وہ اپنی بات پر اڑ جاتا۔

کچھ دیر بعد سفیان کا فارم ہاؤس آگیا۔

باقی سب پہلے سے موجود تھے انہی کا انتظار کر رہے تھے۔

رہائشی حصے کے پچھلی جانب سوئمنگ پول کے ساتھ ڈنر کی ارینجمنٹ کی گئ تھی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیسے ہی یہ لوگ انکے قریب پہنچے سب نے مل کر خوبصورت سا کیک فہما کو دیا۔

" میرے لئیے نہیں ہے یہ "زراد نے شرارت سے سفیان کو کہا۔

"نہیں تو نے کوئی تیر نہیں مارا ہاں بھابھی کو تجھ جیسے مونسٹر کو برداشت کرنے پر ہم انکی ہمت کی داد دے رہے ہیں "

"مونسٹررررررر!" اپنے لئیے یہ لقب سن کر زراد کو جھٹکا لگا۔

"دیکھ لو آپکے شوہر کو کیا کہہ رہا ہے" زراد نے فہما کو متوجہ کرتے دہائی دی۔

"آپ ہی کے دوست ہیں" فہما نے انکی باتوں کو انجوائے کرتے مسکراہٹ دباتے زراد کو ہری جھنڈی دکھائی جس پر سب کا مشترکہ قہقہہ نکلا۔

"تم لوگوں نے اس بستی کے لئیے مجھے یہاں انوائٹ کیا تھا" زراد نے مصنوعی غصے سے کہا۔

"چل اب زیادہ ڈرامے نہ کر۔"سفیان نے اسکے کندھے پر بازو رکھتے ہوئے اسے آگے بڑھنے کا اشارہ کیا۔

سب انہیں لئیے ایک ٹیبل پر آئے جہاں کیک رکھا تھا جس پر ویلکم لکھا ہوا تھا۔

"ویلکم ان آر گروپ بھابھی" سب نے یک زبان ہو کر فہما کو کہا۔اس نے مسکراتے ہوئے سب کا شکریہ ادا کیا۔ سب کچھ اتنا انوکھا اور اچھوتا لگ رہا تھا۔زراد کے حوالے سے سب اسے بھابھی بلا رہے تھے اور یہ حوالہ اسے بہت عزیز تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے اور زراد نے مل کر کیک کاٹا۔

"یہ چھوٹی سی گیٹ ٹوگیدر ہے گرینڈ والی ہم آپکو اس کیس کے سوالو ہونے کے بعد دیں گے۔" فہما نے زیر لب ان شاءاللہ کہا۔

کھانا کھانے کے بعد وہ دونوں سوئمنگ پول کے پاس آہستہ آہستہ قدم سے قدم ملا کر چل رہے تھے۔چاند کی شعائیں پانی پر پڑتی ہر منظر کو روشن کر رہیں تھیں۔

"پتہ ہے یہاں ایسے چلتے ایک چیز کی بہت خواہش ہو رہی ہے" فہما کا واقعی یہاں آکر دھیان بٹ گیا تھا۔

"کیا" زراد جو ہاتھ پیچھے باندھے سر کو قدرے جھکائے چل رہا تھا بے اختیار پوچھ بیٹھا۔

"یہی کہ کبھی آپکے ساتھ سمندر کی گیلی ریت پر ایسے ہی چلوں" اسکی خواہش جان کر زراد کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری۔

اس سے پہلے کے وہ کوئی جواب دیتا سمیع کی کال آئی۔

"ہیلو سمیع خیریت" زراد نے جلدی سے اسکی کال اٹینڈ کرتے کہا

"سر وہ نمبر جو سرمد چودھری کے زیر استعمال تھا دوپہر سے بند ہے "

"کیا کہہ رہے ہو یار۔۔۔چیک کرو پھر کوئی اور نمبر۔۔اپنے اس دوست سے بات کرو جو اس کمپنی میں ہے جس کا وہ نمبر استعمال کر رہا تھا۔"

زراد کے چہرے سے اب کی بار ہلکی سی پریشانی جھلکی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سر میں نے چیک کروایا ہے "

لاسٹ کال کب ہوئی تھی اسکے موبائل سے "

"سر وہی ٹرکوں سے ریلیٹڈ"

"مختلف کمپنیز کی انفارمیشن اٹھاؤ ہمارے لیئے اسکا نمبر لینا بہت ضروری ہے "

"اوکے سر میں ٹرائی کرتا ہوں "

"ٹرائی نہیں کرنا جلدی پتہ کرنا ہے "

"جی سر "

"کیا ہوا" جیسے ہی زراد نے کال بند کی فہمانے پوچھا۔

"اس سے پہلے کے وہ کوئی جواب دیتا ایک انجانے نمبر سے کال آئی پی سی او کا لگ رہا تھا۔

"ہیلو زراد اسپیکنگ "زراد نے کال اٹھاتے کہا۔

"ہیلو میری جان سنا ہے بڑے دم خم والے ہو "زراد نے حیرت سے اس اجنبی کی بات سنی۔وہ آواز نہیں پہچان سکا۔

"سوری آپ کون ہیں اور کیا کہہ رہے ہیں"

زراد تعجب سے بولا۔

"بیٹا میں وہ زخمی شیر ہوں جس کی کچھار میں تونے ہاتھ ڈالنے کی غلطی کی ہے،بڑے طریقے سے تونے مہرالنساء کو بے وقوف بنایا ہے مگر مجھے تو جانتا نہیں۔بہت غلط جگہ پنگا لے بیٹھا ہے"اب کی بار زراد کو سمجھ آگئی کے دوسری جانب کون ہے۔

"بیٹا میں نہ صرف شیر کو زخمی کرنا جانتا ہوں بلکہ بلکہ اسکے چیر پھاڑ کر بھی رکھ دیتا ہوں۔جہاں سے بھی تونے میرے بارے میں انفارمیشن لی ہے اس نے آدھی ادھوری دی ہے"زراد اس سے کہیں زیادہ پھنکار کر بولا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاہاہا، آئی لائک اٹ۔۔۔دشمن جتنا ہوشیار ہو لڑنے کا اتنا ہی مزہ آتا ہے"

"بے شک تو پھر چھپ کر وار کرنے کی کوشش میں کیوں ہو سامنے آؤ تا کہ لڑنے کا مزہ دوبالا ہو" وہ بھی زراد تھا بڑے بڑے سورماؤں کا اس نے قصہ تمام کیا تھا۔ سرمد چودھری لاجواب ہوا۔

"ضرور ضرور آئیں گے جلد ہی ابھی تو آغاز ہے" کہتے ساتھ ہی اس نے فون بند کر دیا۔

"کون تھا کیا ہوا ہے" فہما کو اتنا تو اندازہ ہو گیا کہ کوئی گڑبڑ ہے۔

"سرمد چودھری مہرالنساء کے ذریعے مجھ تک پہنچ گیا ہے۔" زراد کی بات پر اسکا دل دھک سے رہ گیا۔

"اب کیا ہو گا" اس نے تشویش سے پوچھا۔

"کچھ نہیں ہو گا ڈئیر آپ کیوں ٹینس ہو رہی ہو ہم ہیں نا" زراد نے اسکے کندھے پر اپنا دایاں بازو حمائل کیا اور اسے لئیے رہائشی حصے کی جانب آیا۔

وہ جان گئی کے وہ اسے بہلا رہا ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

اندر جا کر اس نے سب کے ساتھ ڈسکس کیا۔ مسئلہ اب یہ تھا کہ اسے ٹریس کیسے کیا جائے کے وہ کہاں ہے۔

کیونکہ جو لوگ اسکے فارم ہاؤس کی نگرانی کر رہے تھے انہوں نے اطلاع دی تھی کہ سرمد چودھری نے فی الحال وہاں پناہ نہیں لی ہے۔

"ایک آئیڈیا مجھے آیا ہے مگر وہ سننے کے بعد سب نے ٹھنڈے دماغ سے سوچ کر جواب دینا ہے" فہما نے سب کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"بتائیں" زراد نے کہا۔

"مجھے لگتا ہے کہ مہر النساء جانتی ہو گی۔ کیونکہ اپنے دونوں غلط کام وہ اسی کے توسط سے کر رہا ہے تو ایسا کرتے ہیں میں کل وہاں واپس جاتی ہوں ہو سکتا ہے کچھ پتہ چل جائے "

"نہیں اب آپ وہاں نہیں جاؤ گی" زراد نے اسکی بات سنتے ہی کہا۔

"اف ٹھنڈے دماغ سے سوچیں ویسے بھی میں نے تو کل جانا ہی ہے واپس" اس نے زراد کو یاد دلایا۔

"مگر اب میری پوزیشن انکی نظروں میں کھل کر واپس آ گئی ہے اور وہ آپکو بھی اسی پیرائے میں دیکھیں گے۔" زراد نے قطعیت سے کہا۔

"ویسے بھی یہ بہت رسکی ہے بھا بھی" سفیان نے بھی کہا۔

"میرے خیال میں فہما ٹھیک کہہ رہی ہے آپ لوگ ایک چپ اسکو لگا دیں جس سے آپ وہاں کی سب گفتگو سن لیں گے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ اب وہ مہر النساء کو اس سب قصے سے نکال باہر کرے گا۔ آخر کو ابھی اسے لڑکیوں کو اسگل کرنے والا کام اسی سے کروانا ہے۔

"بالکل" فہما نے فوراً کہا۔

"جیسے بھی ہے ہم پتہ کروا دیں گے مگر یہ کام میں نے نہیں کرنا۔" زراد نے غضیلی نظروں سے اسے دیکھا۔

"سفیان بھائی پلیز نا۔۔ دیکھیں اگر آپ وہ چپ لگا دیں گے تو کسی بھی ایشو میں مجھے ایزلی ریسکیو کر سکتے ہیں اٹس ناٹ آ بگ ڈیل "

"فہما ہمارا اس سب میں انوالو ہونا اور معانی رکھتا ہے "زراد نے اسے ٹوکا۔

"کیا آپ نہیں چاہتے کہ میں اپنے ملک کے لئیے کچھ کروں۔۔"

زراد سر پکڑ کر بیٹھ گیا۔ بات اسکی ٹھیک بھی لگ رہی تھی مگر وہ کیسے اپنی زندگی کو ایسی مشکل میں ڈال دیتا

" میرے خیال میں بھابھی ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ جب ہم اسے ٹریس آؤٹ کر لیں گے تو اسے پکڑنا مشکل نہیں ہو گا۔ مگر اسکے لئیے ہمیں اسکے لئیے بہت الرٹ رہنا پڑے گا۔ کچھ لوگ ہر وقت مہر النساء کے گھر کی پہرہ داری کریں گے۔ اسکے علاوہ ہمانے مائیکروفونز ابھی انکی نظروں میں نہیں آئے جس سے ہم باسانی وہاں کی گفتگو سن سکتے ہیں "سفیان اور باقی سب بھی فہما کی بات سے متفق ہوئے۔ اور فیصلہ یہ ہوا کہ وہ رات وہیں سب گزار کر فہما کو اگلے دن زراد کا کوئی ماتحت رکشے والا بن کر وہاں چھوڑ آئے گا۔

کچھ دیر مزید اگلا لائحہ عمل طے کر کے سب سونے کے لئیے مختلف کمروں میں چلے گۓ۔ فہما کچن میں پانی پینے کی غرض سے گئی۔ جبکہ زراد وہیں لاؤنج میں بیٹھا ہوا تھا۔

کچھ دیر بعد اس نے گردن موڑ کر کچن میں موجود فہما کو دیکھا۔

وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہوا اور پھر کچن کی جانب اس نے قدم بڑھائے۔

فہما جو کرسی پر بیٹھی پانی پی رہی تھی مڑ کر اس نے زراد کو اندر آتے دیکھا اور پھر واپس چہرہ موڑ لیا۔

زراد اسکے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گیا۔

"چائے بنا کر دے سکتیں ہیں" مہ مسلسل اسے اپنی نظروں کی گرفت میں رکھے ہوئے تھا۔

"جی کیوں نہیں" وہ نظریں چراتے ہوئے بولی پھر اٹھ کر پین میں دودھ اور پتی ڈالی۔

وہ زراد کی کچھ کہتی نظروں سے خود کو بچانے کے لئیے ادھر ادھر کی چیزیں سمیٹ رہی تھی۔ وہ کہنیاں میز پر جمائے بیٹھا تھا۔ فہما کی جانب اسکی پشت تھی

"محبت کبھی کبھی بہت بری طرح اپنا خراج وصول کرتی ہے کہ انسان کے پاس اسکے آگے جھکنے کے علاوہ کوئی دوسری آپشن باقی نہیں رہ جاتی۔۔۔ کیا خیال ہے آپکا" زراد کی کچھ جتاتی نظروں میں اسے اس لمحہ دیکھنا دنیا کا سب سے مشکل کام لگا۔

"آپ لوگ بھی تو اپنوں کو چھوڑ کر خطروں سے کھیلتے ہیں۔۔۔ اگر میں بھی خود کو اس ملک کے لئیے کسی صورت کام میں لانا چاہتی ہوں تو اس میں اتنا بڑا مسئلہ کیا ہے۔" فہما نے جھنجھلا کر اس سے پوچھا۔

"یار یہ ہمارا پروفیشن ہے ہماری ٹریننگ ہی اسی بنیاد پر ہوتی ہے کہ ہمیں ہر وقت خود کو اس ملک کے لئیے پیش کرنا ہے۔۔۔ مگر آپ کا فیصلہ۔۔۔۔" زراد کو لگا وہ اس وقت بے بسی کی انتہا پر ہے۔ اس نے بے اختیار ہاتھوں پر سر گرایا۔

فہما نے آگے بڑھ کر اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

"پلیز آپ کو تو مجھ سے زیادہ میرے جذبے کو سمجھنا چاہئیے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر میری جان اس ملک کے لئیے قرجان ہو جائے کیا اس سے بڑی کوئی سعادت ہو گی۔ "

"شٹ اپ" وہ غصے سے دھاڑا۔ آج اسکو احساس ہوا تھا کہ خود کو موت کے منہ میں دینا کہیں زیادہ آسان ہے مگر اپنے بہت پیاروں کو موت کے منہ میں دھکیلنا کس قدر تکلیف دہ ہے۔

اس سے پہلے کے فہما کچھ کہتی چائے ابلنے ہی لگی تھی اس نے تیزی سے چولہا بند کیا۔ کپوں میں چائے انڈیلی۔ ایک کپ زراد کو پکڑایا اور دوسرا کپ لئیے اسکے ساتھ کرسی پر بیٹھی۔

"میں اس لذت کو چکھنا چاہتی ہوں جو آپ لوگوں کو اتنا نڈر بنا دیتی ہے شاید میری زندگی کا مقصد ہی یہی ہو" زراد نے ہاتھ نیچے گراتے فہما کی روشن آنکھوں میں دیکھا۔

"میں نے بہت زیادہ تو نہیں مگر آپکے ساتھ زندگی کے بے فکرے دن گزارنے کی تھوڑی سے پلیننگ کی تھی۔" زراد کے لہجے پر اسکے دل نے اس سے بغاوت کی۔

"نکاح ایک کمٹمنٹ ہے کہ ہم اپنے شریک سفر کے ہر اچھے اور برے وقت میں اسکا ساتھ دیں گے۔ میں اسی ایک کمٹمنٹ کو نبھانا چاہتی ہوں" فہما نے عزم سے کہا۔

"یعنی آپ نے اپنے فیصلے سے ہٹنا نہیں" زراد نے اسکی پر عزم آنکھوں میں دیکھا۔ اس نے مسکراتے ہوئے سر نفی میں ہلایا۔

زراد نے بے بسی سے ہونٹ بھینچے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اگر مجھے کچھ ہو جاتا ہے تو میں دعا کروں گی کے اللہ مجھے جنت میں بھی آپکا ساتھ دے۔" فہما نے پہلی مرتبہ اسکا ہاتھ خود سے تھامتے ہوئے کہا۔

زراد نے بے اختیار اسے اپنے ساتھ لگایا۔ اسے یہیں روک لینے کی چاہ شدت سے دل میں ابھری تھی۔

"بہت مشکل لگ رہا ہے یہ سب" زراد نے بے چارگی سے کہا۔

"اللہ آپکی ہر جگہ حفاظت کرے۔ اللہ سے دعا کروں گا کہ میری امانت کی ہر قدم پر حفاظت فرمائیں" زراد نے اسے خود میں زور سے بھینچا دل کیا اسے خود میں کہیں چھپا لے۔

اس نے خواہش کی اس رات کی صبح کبھی نہ آئے۔ مگر بہت سی خواہشیں پوری نہیں ہوتیں۔

---

اگلے دن صبح جیسے ہی فہما جانے کے لیئے تیار ہوئی۔ زراد نے اسکے دائیں ہاتھ کی انگلی میں ایک انگوٹھی پہنائی جس میں ایک چھوٹی سی چپ لگائی۔

"اس چپ کے تھرو آپکی ڈسکشن۔۔ آپکی مومنٹ ہر چیز ہمارے سسٹم میں آجائے گی۔ سو آپ نے اس رنگ کو بالکل بھی نہیں اتارنا۔" زراد نے فہما کو سمجھایا۔

اس نے اثبات میں سر ہلایا۔ فراز جو کہ زراد اور سفیان کا نہ صرف دوست تھا بلکہ انکی ٹیم میں بھی شامل تھا۔ وہ ایک رکشے میں رکشہ چلانے والے کے حلیۓ میں موجود تھا۔ سر پر ٹوپی پہنے آنکھوں میں کاجل لگائے کندھوں پر کپڑا رکھے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب نے اسکا حوصلہ بڑھایا۔ رکشے میں بیٹھنے سے پہلے اس نے زراد کو دیکھا جو اسکے ہر اٹھتے قدم کے ساتھ اپنے دل کو ڈوبتا محسوس کر رہا تھا۔

کچھ دیر بعد فہما مہر النساء کے سامنے تھی جو خشمگیں نظروں سے اسے گھور رہی تھی۔

"کہاں ہے تیرا عاشق اتنی بھی اس میں ہمت نہین تھی کہ خود چھوڑنے آتا۔ شکل سے کتنی معصوم لگتی ہے مجھے کیا پتہ تھا آستین کا سانپ پال رہی ہوں۔ مگر تیرا ابھی سب انتظام کر دیا ہے بس ایک دو دن میں تجھے ایسے ی جگہ پہنچائیں گے کہ تیرا عاشق تیرا سراغ بھی نہیں پا سکے گا "

"کیا کہہ رہی ہیں میں کچھ سمجھی نہیں" فہما نے نا سمجھی کا مظاہرہ کیا۔

"اتنی تو بچی کہ سمجھ نہ آئے۔۔۔۔وہ جو تیرا عاشق تجھے یہاں سے لے کر آگیا تھا سیکرٹ ایجنٹ تھا۔" مہر النساء نے دانت پیستے ہوئے کہا۔

"کیا!!!واقعی مگر اس نے تو مجھے نہیں بتایا" فہما نے جس شانداری سے لا علمی کا مظاہرہ کیا۔ مہر النساء خود گڑبڑا گئی۔

"بکواس نہ کر" وہ غصے سے غرائی۔

"وہ تو کوئی بزنس میں تھا۔" مہر النساء سچ میں گڑبڑا گئی۔

"اچھا چل ابھی تو اپنے کمرے میں دفع ہو۔

فہما کو حقارت سے کہتے ساتھ ہی اس نے کسی کا نمبر ملایا۔ وہ یہی سمجھی کہ فہما جاچکی ہے جبکہ فہما چپکے سے لاؤنج کے ساتھ موجود کچن میں چلی گئی۔ شکر تھا کہ اس وقت کوئی اور نہیں تھا۔

وہ دم سادھے وہاں کھڑی رہی جہاں سے مہر النساء کی آواز بخوبی سنائی دے رہی تھی۔

"ہیلو! ہاں سرکار وہ لڑکی جو وہ لونڈا لے گیا تھا واپس آ گئی ہے خود ہی اور اسکی اصلیت سے بھی بے خبر ہے۔ چلیں ٹھیک ہے کتنے بجے آپ آئیں گی۔ صحیح ہے" یہ کہتے ساتھ ہی اس نے فون بند کیا۔

فہما کچن کے دوسری جانب سے باہر نکلنے والے دروازے کی جانب تیزی سے بڑھتے باہر لان کی جانب نکل گئی۔

---

کمرے میں آتے ساتھ ہی فہما نے اپنے ہینڈ بیگ میں سے موبائل نکالا جو وہ آتے ہوئے ساتھ لے آئی تھی۔

زراد کے میسجز تھے۔ جن مین اسکی خیریت ہی پوچھی گئی تھی۔ اس نے سارے میسجز پڑھ کر باری باری ڈیلیٹ کیئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ جانتی تھی کہ زراد نے مہر النساء سے ہونے والی ساری گفتگو سن لی ہے۔

زراد کالنگ لکھا آرہا تھا۔ دروازے کو لاک کر کے اس نے بیڈ کے ساتھ نیچے بیٹھ کر تکیہ منہ کے بالکل پاس رکھتے ہوئے جلدی سے کال پک کی۔

"ہیلو ٹھیک ہو نہ فہما" زراد کی پر تشویش آواز سن کر اسے سمجھ نہیں آیا کہ روئے یا خوش ہو اندھے کنوئیں میں وہ کود تو گئ تھی۔ مگر اس سے نکلنے کی کیا صورت ہو گی وہ نہیں جانتی تھی، نکلے گی بھا یا نہین یہ بھی نہین جانتی تھی۔

"میں ٹھیک ہوں آپ پریشان نہ ہوں "

"اس وقت کہاں سے بات کر رہی ہو "

"میں کمرے میں ہوں جو مہر النساء نے پہلے بھی مجھے دیا ہوا تھا۔" بہت آہستہ آہستہ وہ بول رہی تھی

"اچھا ایک کام کرنا میرے اور شزا بھابھی کے جتنے بھی میسجز ہیں وہ سب اپنے موبائل میں سے ڈیلیٹ کر دینا اور شزا بھابھی کا نمبر بھی۔ صرف میرا نمبر آپکے موبائل میں رہے۔ میں نہیں جانتا کہ یہ موبائل آپکے پاس کب تک وہ رہنے دیتے ہیں اور اگر کسی کے ہاتھ لگ گیا تو آپ نے جو میرے پروفیشن سے لاتعلقی کا کہا ہے کہیں وہ ڈرامہ نہ کھل جائے اور اگر ایسا ہوا تو یہ لوگ آپ کو کسی بھی حد تک نقصان پہنچا سکتے ہیں۔۔۔ اللہ نہ کرے" اسے ضروری ہدایات دیتے اس نے اپنے خدشوں کا ذکر کیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں کسی مشن میں گھبرایا نہیں جتنا آپکی وجہ سے یہ مشن مجھے خوفزدہ کر رہا ہے" زراد نے ناراض لہجے میں کہا۔

"آئم سوری" اسکے ناراض لہجے پر بھی اسے بے اختیار زراد پر بے حد پیار آیا۔

"بٹ آئ لو یو یار۔۔۔ خیر اپنا خیال رکھنا" زراد نے پہلی مرتبہ اپنی محبت کا اس طرح اظہار کیا تھا یہ سوچ کہ زندگی انہیں دوبارہ یہ موقع دے یا نہ دے۔ دونوں میں سے کوئ نہیں جانتا تھا۔

زراد کے فون بند کرتے ہی فہما اٹھی، وضو کیا اور اس مشن کی کامیابی کے لیئے حاجت کے نفل پڑھنے اٹھ کھڑی ہوئی۔

--

شام میں مہر النساء اسکے کمرے میں آئی۔

"باہر آؤ ذرا" کہتے ساتھ ہی وہ فہما کے کمرے سے چلی گئ۔

اس نے اچھے سے دوپٹہ اوڑھا۔ دل میں جتنی سورتیں یاد تھیں خود پر پڑھ کر پھونکیں اور باہر کی جانب قدم بڑھا دیئے۔

جیسے ہی لاؤنج میں پہنچیں ایک اونچا لمبا آدمی چہرے پر کرخت تاثرات لیئے کالی شلوار قمیض پر کالی ہی واسکٹ پہنے ہاتھ میں سگار پکڑے بہت کروفر سے بیٹھا تھا۔

فہما کے سامنے آتے ہی جانچتی نظروں سے اسے دیکھا۔

فہما نے دل میں اللہ سے اپنا اعتماد برقرار رکھنے کی دعا مانگی۔

"تو تم ہو اس خبیث کی منظور نظر" فہما جان گئ اس نے کس کا کہا ہے دل تو کیا زراد کو گالی دینے والے کا منہ نوچ لے۔ مگر اس وقت اسے ہر بات برداشت کرنی تھی۔ وہ خاموش ہی رہی۔

"کوئی موبائل ہے اسکے پاس ابھی سچ اور جھوٹ کا پتہ چل جائے گا۔" اس نے مہر النساء کو مخاطب کیا۔

"موبائل کہاں ہے تیرا"

"کمرے میں" اس نے مختصر جواب دیا۔ شکر تھا کہ وہ زراد کے کہنے پر عمل کر چکی تھی۔ زراد کی دور اندیشی کو اس نے دل میں سراہا۔

"جا جواد اس کا موبائل لے کر آ" مہر النساء نے جواد کو مخاطب کیا وہ مودب بنا کھڑا تھا۔

تیزی سے اندر کی جانب بڑھا اور اتنی دیر فہما سرمد چودھری کی چبھتی نظروں کو خود پر محسوس کرتی رہی۔

جواد واپس آیا اور موبائل سرمد چودھری کی جانب بڑھایا۔ فہما نے ایک عقل مندی اور کی تھی کہ زراد کی کچھ دن پہلے تک کی سب کالز کا ریکارڈ بھی ڈیلیٹ کر دیا تھا۔ لکال ریکارڈ بس تبھی تک کا آ رہا تھا جب وہ یہاں تھی۔

سرمد چودھری جو اس امید پر بیٹھا تھا کہ فہما کے جھوٹ کا پول کھل جائے گا کہ وہ زراد کی حقیقت سے ناواقف نہیں ہے مگر اسکے موبائل میں ایسا کچھ نہ ملنے پر وہ غصے میں پاگل ہو گیا۔

صوفے سے کھڑے ہوتے کسی چیل کی طرح فہما کی جانب آیا۔ اور پے در پے اسکے چہرے پر تھپڑوں کی برسات کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بکواس کرتی ہے حرامزادی۔۔۔۔ بہت شاطر ہے یہ بھی۔ اس کو آج اور ابھی میرے فارم ہاؤس پر پہنچاؤ پرسوں اسگل ہونے والی لڑکیوں میں یہ سب سے پہلے جائے گی دبئی کے گدھ جب اسکی ہڈیاں تک نوچ کھائیں گے تب میں دیکھوں گا کہ اسکے عاشق کا کیا حال ہوتا ہے۔ مجھ سے پنگا لیا ہے نا اب ساری عمر اسکا سراغ نہیں پا سکے گا۔ ساری افسری نکل جائے گی۔ آج رات میں بھی وہاں جا کر جشن مناؤں گا اور وہ (گالی) روئے گا۔""وہ واقعی زخمی شیر کی طرح دھاڑ رہا تھا۔ فہما نیچے گری اپنے آنسو روکنے کے جتن کر رہی تھی۔ گال سنسنا رہے تھے۔ مگر اب عزم اور پختہ ہو گیا تھا اس شیطان صفت انسان کے خلاف ڈٹ جانے کا۔

--______________________________

زراد اور اسکی پوری ٹیم اس وقت ہیڈ آفس کے کمرے میں بیٹھی اس چپ کی مدد سے مہر النساء کے گھر ہونے والی سرمد چودھری کی بکواس سن رہی تھی۔ فہما کا جانا جہاں انکے لئے فائدہ مند ثابت ہوا تھا وہیں اسکی بکواس اور فہما کے چہرے پر پڑنے والی تھپڑوں کی آواز نے زراد کے اندر اشتعال بھر دیا۔ ہاتھ میں پکڑے بال پوائنٹ پر گرفت اس قدر مضبوط ہوتی گئی کے وہ دو حصوں میں ٹوٹ گیا۔ سب نے ٹک کی آواز پر زراد کی جانب دیکھا جو بند مٹھی ہونٹوں پر رکھے۔ اپنے غصے کو قابو کرنے کے جتن میں تھا نہیں تو دل چاہ رہا تھا کہ سرمد چودھری کو گولیوں سے بھون ڈالے جس نے اسکی زندگی کو اپنے انتقام کا نشانہ بنانے کا سوچا ہے اور فہما کے گالوں کو ہاتھ لگایا ہے۔

سفیان نے اسکی کیفیت سمجھتے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

"آج رات ہی ریڈ کے لئیے تیار ہو جاؤ میں اس سرزمین کو اس شخص کے گندے وجود سے آج کی رات پاک کر دینا چاہتا ہوں" زراد نے کسی کی بھی جانب دیکھے بنا اپنا فیصلہ سنایا۔ سب نے گھڑی کی جانب دیکھا جہاں شام کے پانچ بجے تھے۔

"سب اپنا اپنا یونیفارم پہنیں اور کچھ دیر بعد مجھے ٹیبل پر اسکے فارم ہاؤس کا نقشہ ملے۔" کہتے ساتھ ہی وہ بھی کرسی پیچھے دھکیل کر اٹھ کھڑا ہوا اور تیار ہونے چل پڑا۔

ہیڈ کوارٹر میں اس روم کی جانب زرد ابڑھا جہاں اسکا یونیفارم موجود تھا۔ پہلے اس نے وضو کیا۔ اسکے اٹھتے ہر قدم میں ایک عزم تھا۔ وضو کرکے اس نے یونیفارم پہنا پھر جائے نماز بچھائی۔ دو نفل حاجت کے پڑھے۔

www.kitabnagri.com

سلام پھیر کر جب ہاتھ اٹھائے تو اس ملک کے بعد جو سب سے پہلا خیال آیا وہ فہما کا تھا اسکی اس اذیت کا تھا جو کچھ دیر پہلے اس نے اٹھائی تھی۔ ابھی تو وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ فہما زرادکے نکاح میں ہے نہیں تو نجانے اسکا کیا حشر کرتے۔

"اے اللہ میں نے اپنی ہر فکر اور پریشانی آپکے سپرد کی۔ میرا ہر رشتہ میری یہ جان میری ہر چیز آپ پر اور آپکے محبوب پر قربان۔ اے اللہ میری زندگی کا مقصد آپ نے برائی کا خاتمہ کرنا لکھا ہے۔ آج پھر میں انسانوں کا استحصال کرنے والے شیطان کے خلاف جنگ لڑنے جارہا ہوں مجھے کامیاب فرمائیے گا۔ حق اور باطل کی جیت میں میری رہنمائی اور مدد کروائیۓ گا۔

اور میری چاہت میری عزت کی کوئی بے حرمتی نہ کرے۔ میں نے ہمیشہ لوگوں کی امانتوں اور عزتوں کی حفاظت کی ہے میری عزت اور امانت کی بھی بالکل اسی طرح ان درندوں میں حفاظت کروائیے گا آمین" کہتے ساتھ ہی وہ اٹھا بوٹس پہنے گنز لوڈ کیں۔ کہیں سے وحشت یا گھبراہٹ نہیں چھلک رہی تھی۔ ایک عجیب سا اطمینان تھا اس کے چہرے پر۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واپس میٹنگ روم میں جب وہ پہنچا سب آل ریڈی یونیفاومز میں تیار کھڑے تھے۔

اس نے نقشے پر مختلف ایریاز کو ہائی لائٹ کیا جہاں جہاں سے انہوں نے اس پورے فارم ہاؤس کو گھیرے میں لینا تھا۔

سفیان نے اتنی دیر میں فہما والی چپ کو چھوٹی چھوٹی ڈیوائسز کے ساتھ اٹیچ کیا جن سے ہینڈ فریز کی مدد سے زراد کے یلاوہ پانچ اور لوگ جو اس ساری ٹیم کو لیڈ کریں گے وہ وہاں کی گفتگو سن سکیں گے۔

"مورالز" جس وقت سب تیاری مکمل ہو گئ زراد نے نعرہ لگایا ان سب کے چہروں پر کالی سیاہیوں کے نشان گالوں اور ماتھے پر تھے۔

"ہائ سر" سب یک زبان ہوئے

"اپ ٹو دی "

"سکائ سر" زراد نے انکے جواب پرست کو انگوٹھے اونچے کر کے تھمز اپ کا اشارہ کیا۔

"آئ نیڈ آل آف یو ٹو بی فاسکڈ اینڈ ڈیٹرمنڈ ٹل یور لاسٹ بریتھ "اس نے سب کا مورال اور بلند کیا۔

"پاکستان "

"زندہ باد" پورا میٹنگ آفس اس نعرے سے گونج اٹھا۔

یہ کہتے ساتھ ہی زراد سب سے آگے دروازے کی جانب بڑھا اور اسکے پیچھے ایک قافلہ اپنے عزائم لیئے اس رات کی سیاہی کو صبح کے اجالے میں بدلنے چلا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

-

---

رات میں ایک گاڑی مہر النساء کے گھر آئ۔ فہما کے ہاتھوں کو رسیوں سے باندھا، اسکے منہ پر ٹیپ لگائ اور آنکھوں پر کالی پٹی باندھ کر ایک گاڑی میں بٹھایا۔ زراد کے وہ بندے جو مہر النساء کے گھر کی پہرہ داری کر رہے تھے انہوں نے اسے اطلاع دی کہ فہما کو لے فارم ہاؤس لے جایا جا رہا ہے۔ اسکے پیچھے ایک اور گاڑی نکلی جس میں سرمد چودھری بیٹھا تھا۔

نہ جانے کتنا فاصلہ طے کر کے اور کن کن راستوں سے گزر کر یہ گاڑیاں فارم ہاؤس پہنچیں۔

فہما آنکھوں پر پٹی بندھی ہونے کے باعث کسی جگہ کو دیکھ رہ پائی۔

دو آدمیوں نے اسے گاڑی سے اتارا ابھی بھی اسکی آنکھوں پر پٹی جوں کی توں تھی۔ کچھ دیر اور چل کر رہائشی حصے میں لا کر ایک بڑا سا لکڑی کا منقش دروازہ کھول کر اسے اندر لے جایا گیا۔ پھر ایک کمرے کے آگے رک کر لاک کھولنے کی آواز آئی اسے اندر دھکیل کر اسکی آنکھوں سے پٹی اتاری۔

جوں ہی اسکی نظر سامنے پڑی دو اور لڑکیاں بھی وہاں موجود تھیں دونوں کی حالت بہت بری تھی۔ جگہ جگہ چہرے پر انگلیوں کے نشان بال بکھرے۔ فہما کا دل انہیں دیکھ کر کٹ گیا۔

"جیسے ہی وہ بندہ وہاں سے گیا وہ انکی جانب بڑھنے لگی مگر ایک لڑکی نے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔

فہما نے کچھ نہ سمجھتے اسے دیکھا۔

اس نے ہاتھ پر کچھ لکھا۔ فہما اب بھی نہ سمجھ سکی پھر اس نے دوبارہ لکھا تو اسکی انگلی کے اشارے سے سمجھ آیا کہ وہاں مائیکرو فونز فٹ کیئے گ ئے ہیں جو کہ یقیناً انکی آپس کی گفتگو سننے کے لیئے تھے۔ فہما خاموشی سے دیوار کے پاس نیچے بیٹھ گئ۔ کمرہ بالکل خالی تھا سوائے ایک کارپٹ کے اور کچھ نہیں تھا۔

---

سرمد چودھری کے فارم ہاؤس سے کچھ پہلے جنگل سا آتا تھا۔ انہوں نے اسکے اندر لے جا کر اپنی گاڑیاں روکیں تاکہ سڑک پر جانے والی کوئی گاڑی وہاں کمانڈوز کی گاڑیوں کو نہ دیکھ لے۔

اب گروپس کی شکل میں وہ آہستہ آہستہ جنگل کے راستے سے آگے بڑھ رہے تھے۔کچھ درختوں پر موجود دوربین کی مدد سے علاقے کا جائزہ لے رہے تھے۔اسکے فارم ہاؤس کے ارد گرد بہت سے لوگ پہرہ داری پر لگے تھے۔

زراد کے ماتحتوں نے رینگتے ہوئے اس علاقے کو گھیرے میں لے لیا تھا۔ارد گرد بڑی بڑی گھاس موجود تھی جس میں اسکے رینگتے جسم کسی کو رات کے اندھیرے میں پتہ نہیں چل سکتے تھے۔بغیر کوئی آواز پیدا کئیے آہستگی سے کسی سانپ کی طرح وہ آگے بڑھ رہے تھے۔

انکے ہاتھوں میں چھوٹے چھوٹے بم کی شکل میں زہریلی گیسیز والے بمز تھے جن کے پھٹنے اور گرنے کی کوئی آواز نہیں آتی تھی۔مگر زمین پر گرتے ہی اسکی پتلی جھلی پھٹ جاتی تھی اور اتنی تیزی سے وہ انسان کو بے ہوش کرتی تھی کہ انہیں بچنے یا بھاگنے کا وقت نہیں ملتا تھا۔

زراد کے ماتحت جو درختوں پر بیٹھے ہدایات دے رہے تھے اور وہاں کے پہرہ داروں کی لوکیشن بتا رہے تھے انکے بومز کا اشارہ دیتے ساتھ ہی زراد نے اپنے مائیکروفون میں "تھرو دا بومز کا حکم دیا۔

انہوں نے خود ایسے مسک پہن رکھے تھے جس کے باعث وہ گیس انکے ماسکس کو پاس کر کے انکے ناک میں نہیں آتی تھی۔

بومز پھینکنے کے دو منٹ بعد جیسے ہی اسکے ماتحتوں نے بتایا کہ سب کے سب پہرے دار بے ہوش ہو چکے ہیں اور اب وہ فارم ہاؤس کے گرد بنی دیواروں کو پھلانگ کر اندر جا سکتے ہیں زراد نے اپنی جگہ سے کھڑے ہوتے سب کو فالو کا اشارہ دیا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

-______________________________

اس جادو کی پڑیا کو لے کر آ ذرا" سرمد چودھری نے صوفے پر بیٹھتے شرات کا گلاس سامنے رکھے ٹانگیں سامنے ٹیبل پر پھیلائے اپنے ماتحت کو کہا۔

ایک ہاتھ میں اسکے سگار اور دوسرے ہاتھ میں بیلٹ تھی۔

تھوڑی دیر بعد وہ فہما کو لے کر آ گیا۔

سرمد چودھری نے اپنی نشے میں ڈوبی آنکھیں اس کے وجود پر گاڑھ دیں۔

"حسن کی دیوی وہاں کیوں کھڑی ہے ادھر آنا" سرمد چودھری نے اسے اپنے پاس آنے کا اشارہ کیا۔

وہ دل میں اللہ کے کلام کا ورد کرتے آگے بڑھی۔

"کتنی راتیں گزاری ہیں تو نے اس مشٹنڈے کے ساتھ "

"یہی کوئی پندرہ بیس" فہما نے نظریں نیچے کیئے جواب دیا۔

"اور اتنی راتوں میں اس نے تجھے اپنی اصلیت نہیں بتائی" ایک اور سوال۔

"نہیں" فہما کے جواب پر اس نے اپنی غصیلی نظریں اس پر جمائیں۔ اور اسکے مقابل کھڑا ہوا

"دیکھ تو اتنی خوبصورت ہے کے تجھ پر ظلم کرنے کو دل نہیں کرتا مگر میری مجبوری ہے کہ مجھے خوبصورت لڑکیاں وہی اچھی لگتی ہیں جو یہاں سے بے وقوف ہوں۔" اس نے اسکے ماتھے پر اپنی انگلی بجاتے ہوئے کہا۔

"خوبصورت اور چالاک لڑکیوں پر مجھے رحم نہیں آتا" اس نے سختی سے فہما کے جبڑے اپنے ہاتھ میں پکڑتے اسکے چہرے کے دو چار جھٹکے دئیے۔

"سیدھی طرح بکواس کر تو اسکے کس کس اڈے سے واقف ہے" سرمد چودھری کے جواب پر وہ خاموش رہی۔

"بکواس کرتی ہے کہ نہیں" اب کی بار وہ حلق پھاڑ کر چیخا۔ فہما کی خاموشی ابھی ابھی نہیں ٹوٹی۔

اسے اپنی جگہ خاموش اور ڈٹا دیکھ کر اسکا بیلٹ تھاما ہوا ہاتھ گھوما۔

پے در پے وار اس نے فہما کی وجود پر کئیے یہ دیکھے بغیر کے اسکے جسم کے کس حصے پر پڑھ رہے ہیں۔

وہ ادھ موئی ہو گئی۔ وہ پاس آیا اسے سیدھا کر کے اسکے چہرے کو پھر سختی سے پکڑ کر جھنجھوڑا جس کے منہ سے کراہیں نکل رہیں تھیں۔

"اب بتا۔۔۔" اس نے اسی جارحانہ پن سے کہا۔

" فہما نے اپنی ہواس کھوتی آنکھوں کو بمشکل کھولا اسکے چہرے کی جانب دیکھا۔ اور اسکے منہ پر تھوک پھینکی۔

"مجھے زندہ بھی زمین میں گاڑ دو گے پھر بھی تم اسکی خاک تک کو نہیں پہنچ سکو گے" جتاتی مسکراہٹ اسکے چہرے پر آئی۔

اس سے پہلے کے سرمد غصے سے پاگل ہوتا فہما کو مزید کوئی گزند پہنچاتا۔

"یکدم فائرنگ کی آواز کے ساتھ لاؤنج کی کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹے۔ ہر جانب سے کمانڈوز اندر آئے۔ چھتوں سے دھڑ دھڑ کی آوازیں آئیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسکے ماتحتوں کو الرٹ ہونے کا ٹائم بھی نہ مل سکا۔

سرمد چودھری نے بھاگنے کی کوشش کی تیری سے وہ سیڑھیاں چڑھنے لگا کہ اوپر سے آتے زراد نے اسے اپنی گن کے نشانے پر رکھا۔

"لڑکیاں کہاں ہیں سب" اس نے غراتے ہوئے سرمد چودھری سے پوچھا۔

"ک۔۔۔ کلک۔۔۔ کون سی لڑکیاں" زراد نے گن کا بٹ اسکے ماتھے پر مارا۔

"جن کو تو بیٹیاں بنانے کے لیئے لایا تھا "

"مم۔۔۔ مم۔۔۔ مجھے نہیں معلوم دیکھو مجھے کچھ نہیں پتہ میں تو خود یہاں بہت دنوں بعد آیا ہوں " وہ گھگیانے لگا۔

اس سے پہلے کے زراد کچھ کہتا سفیان تیری سے اسکی جانب آیا۔

" فہما کی حالت بہت خراب ہے" زراد کے دل کو کسی نے مٹھی میں لیا مگر فرض کی ادائیگی زیادہ معنی رکھتی تھی۔

"تم اسے یہاں سے سیدھا ہاسپٹل لے جاؤ۔" زراد نے نظریں ایک پل کو بھی سرمد چودھری سے ہٹائی بنا کہا۔

سفیان الٹے قدموں بھاگا۔ فہما کے وجود کو چادر میں لپیٹا اور بازوؤں میں اٹھائے باہر کی جانب بھاگا۔

سرمد چودھری کے کچھ نہ بتانے پر زراد نے ایک گولی اسکی دائیں ٹانگ پر ماری۔

"انہیں قدموں کا تجھے غرور ہے نا" اسکے درد سے چلانے پر زراد کے کانوں میں کچھ دیر پہلے کی کسی کی کراہیں گونجیں۔

"دیکھو میری بات سنو" اس سے پہلے کو سرمد کچھ اور کہتا زراد نے ایک اور گولی اسکی دوسری ٹانگ پر ماری۔

وہ لڑکھڑاتا ہوا سیڑھیوں سے نیچے گرا۔

کچھ لڑکیوں کے زراد کے ماتحت کمروں سے نکال لائے تھے جن کی حالت دیکھ کر زراد نے غصے سے سرمد چودھری کی گردن کو اپنے ہاتھوں کی گرفت میں لے کر اتنے زور سے دبایا کہ اسکی آنکھیں باہر کو ابل آئیں۔

"اب اگر تو نے نہیں بتایا تو تیرے جسم کو اتنی ہی مرتبہ تیرے سگار سے داغوں گا جتنی مرتبہ تو نے ان لڑکیوں پر ہاتھ اٹھایا ہے۔" زراد نے دانت بھینچتے ہوئے کہا۔

اس نے اپنی جیب سے ایک چابی نکال کر دی۔

"سیڑھیوں کے نیچے ایک تہہ خانہ ہے وہاں ہیں باقی سب"

اس کے بتاتے ساتھ ہی زراد نے پیچھے ہوتے اپنے ایک ماتحت کو بھیجا۔

کچھ ہی دیر میں اٹھارہ لڑکیاں موجود تھیں سب کی حالت ابتر تھی۔

"ان سب کو لے جاؤ" زراد کے کہنے پر کچھ ماتحت ان لڑکیوں کو باہر کی جانب لے گئے۔

زراد نے اب کی بار دو فائر سرمد چودھری کی بازوؤں پر کیئے۔۔

"اب تو مجھے چھوڑ دو" وہ کرلاتے ہوئے بولا۔

"یہ گولیاں تیرے بازوؤں کا غرور ختم کرنے کے لیئے۔"

اب کی بار اسکی گن کا رخ اسکے سر کی جانب تھا۔

"اور یہ آخری گولی تیرے گندے ذہن کے لیئے جس نے اتنی لڑکیوں کو عزت برباد کرنے کی کوشش کی۔" اور آخری گولی پر ایک دلدوز چیخ گونجی۔

اپنے ماتحتوں کو سرمد چودھری کے پکڑے ہوئے ماتحت لے کر نکلنے کا اشارہ کیا۔ رہائشی حصے سے نکلنے سے پہلے اس نے ایک ٹائم بم وہاں فٹ کیا۔

وہ اس ناپاک جگہ کو سب کے لیئے عبرت کا نشان بنانا چاہتا تھا۔

ٹائم بم فٹ کر کے وہاں سے تیزی سے وہ نکلا۔ کچھ دیر بعد ایک زوردار دھماکے کی آواز فضا میں گونجی۔

زرادنے سر اونچا کر کے خدا کا شکر ادا کیا۔ اپنے ماتحتوں کے پاس آکر نعرہ بلند کیا۔

"اللہ اکبر" سب نے اسکے پیچھے اسکا ساتھ دیا۔ وہ ناپاک فضا اجالا ہونے سے پہلے اللہ کے افضل نام سے پھر سے پاک ہو گئی۔

---

اسکی آنکھوں کے پپوٹے آہستہ سے ہلے۔ کچھ دیر بعد اس نے آہستہ آہستہ آنکھیں کھولیں۔ تھوڑی سی کھول کر تیز روشنی کے باعث پھر بند کر دیں۔

"فہما میرے بچے" اسے لگا اس نے ماں کی آواز سنی ہے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"فہما بیٹا" ایک اور آواز آئی یہ تو ابو ہیں۔

اس نے بند آنکھوں سے سوچا۔

"بیٹا آنکھیں کھولو" اب کی بار اس نے پھر امی کی آواز سنی۔ اور پھر سے آنکھیں کھولنے کی کوشش کی۔

اور اس بار اسے ماں کا چہرہ خود پر جھکا نظر آیا۔

"ا۔۔ا۔۔ا۔۔ام۔۔امی" دقت سے وہ بولی۔

"ہاں میرے بچے" انہوں نے خوشی سے جھک کر اسکے ماتھے پر پیار کیا۔

اس نے آہستہ سے نظریں گھمائیں تو پاس ہی سلمیان صاحب کو دیکھ۔ ارد گرد کے ماحول سے مانوس ہوئی تو اندازہ ہوا وہ ہاسپٹل میں ہے۔

"ڈاکٹر کو بلا کر لاتا ہوں" اسکے ابو تیزی سے باہر کی جانب بھاگے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس دن سفیان اسے لے کر ہاسپٹل پہنچا۔ فوراً ڈاکٹرز نے اسکا ٹریٹمنٹ شروع کیا۔ اسکا جسم جگہ جگہ سے ادھڑ چکا تھا۔

اسکے پورے جسم پر جگہ جگہ پٹیاں لگائیں اور کچھ دن ڈاکٹرز نے اسے غنودگی میں ہی رکھا۔

کیونکہ اگر وہ جاگ کر اپنے جسم کو ہلاتی تو اسکے زخم جلدی مندمل نہیں ہو پاتے۔

اسکی کنڈیشن دیکھ کر اب ڈاکٹرز نے اسے نیم خوابی کی دوائیں دینا بند کیں۔

شام تک وہ کافی حد تک ہوش میں آچکی تھی۔

"آپکو میرا کس نے بتایا۔ اور آپ لوگ گھر بیچ کر کہاں چلے کہاں گ ےئے تھے" تھوڑا ہوش میں آتے فہمانے پوچھا۔

"تمہارے اغوا ہونے کے بعد ہمارا اس محلے میں رہنا دشوار ہو گیا تھا لوگوں نے دن رات تمہارے کردار کے خلاف باتیں بنا بنا کر ہمارا وہاں جینا دوبھر کر دیا۔ وہ گھر بیچ کر ہم ایک اور جگہ کرائے کے مکان میں آگ ےئے۔ انہی دنوں تمہارے ابو ڈپریشن کا شکار ہو کر بے حد بیمار رہنے لگے کہ کچھ دن پہلے ہمیں یہاں ہاسپٹل آنا پڑا۔ ایک دو دن تمہارے ابو ہاسپٹل میں رہے۔ انہی دنوں زراد کے ایک بندے نے ہمیں یہاں دیکھ لیا۔ زراد نے ہماری تصویریں اپنے بندوں کو دی ہوئیں تھیں۔

جس رات تم یہاں آئی اگلے دن زراد ہم تک پہنچ گیا۔ اس نے تم پر بیتنے والے حالات کا بتایا۔ اور بس پھر ہم سے رہا نہیں گیا۔ تمہارے ابو تو تمہارا سنتے اپنی بیماری بھلا بیٹھے۔ اور بس دو دن سے ہم تمہارے پاس ہیں۔ زراد کو دیکھ کر تو میں اللہ کا بار بار شکر کرتی ہوں کہ اس نے میری بیٹی کی قسمت میں کیسی روشن پیشانی والا لڑکا لکھا تھا۔" انہوں نے چاہت سے اسے دیکھتے ساری روداد سنائی۔

"مجھے معاف کر دیں میں نے آپ دونوں کو زندگی میں پہلی مرتبہ دھوکا دیا جس کی سزا ملی مجھے" اس نے بے اختیار روتے اپنے ہاتھ انکے سامنے جوڑے۔

www.kitabnagri.com

"نہ میرا بیٹا ایسے نہین کہتے۔۔تم سے غلطی ہوئی ہم تو کب کا معاف کر چکے ماں باپ بھی کبھی اتنے سخت دل ہوئے ہیں۔ ہم نے ہر لمحہ تمہاری حفاظت اور خیریت کی دعا مانگی ہے" اسکے ابو نے پیار سے اسکے سر پر ہاتھ پھیرتے اسکے آنسو صاف کرتے کہا۔ وہ دونوں اسکے بیڈ کے دائیں بائیں جانب کھڑے تھے۔

اتنی دیر میں کوئی دروازہ کھول کر اندر آیا۔

فہما نے آنسو صاف کرتے جونہی دیکھا زرداد کا بشاش مسکراتا چہرہ نظر آیا۔

"ہیلو لیڈی" خوبصورت بکے ہاتھوں میں تھامے وہ اسکے بیڈ کے پاس آیا۔ فہما کے امی ابو کو سلام کیا۔

"جیتے رہو میرے بچے۔ اچھا ہوا تم آگۓ میں اور تمہارے ابو چائے پی کر آتے ہیں" انہوں نے اسے دیکھ کر انہیں تنہائی کا موقع دینا چاہا۔

جب تک وہ دونوں باہر نہیں چلے گۓ وہ انہیں دیکھتا رہا۔ دروازہ بند ہونے کے ساتھ ہی اس نے اپنا چہرہ واپس فہما کی جانب موڑا۔

اب اسکی مسکراتی نظریں اسکے چہرے کا طواف کر رہیں تھیں۔ آہستہ سے بڑھتا وہ اسکے بیڈ کے پاس آیا۔ بکے اسکے پاس بائیں جانب رکھا اور کرسی کھینچ کر اسکے پاس بیٹھ گیا۔

فہما اسکی جانب دیکھنے سے احتراز کر رہی تھی اسکی گہری جذبے لٹاتی نظروں میں دیکھنا اسے بہت مشکل لگ رہا تھا۔

"چین آگیا ہے مزہ چکھ کر" وہ اپنے بازو اسکے بیڈ پر موڑ کر رکھتا آگے کو جھکا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاں نا" اسکی بات پر ہولے سے مسکراتے وہ بولی۔

"اف کس قدر ضدی لڑکی سے پالا پڑا ہے۔ اب کب تک ہم سے خدمتیں کروانی ہیں "

"ابھی سے تنگ پڑ گئے" اس نے جتاتی نظروں سے زراد کو دیکھا۔ وہ مسکرایا اسکا ہاتھ تھاما

"میں کبھی تنگ نہیں پڑ سکتا" اسکی آنکھوں نے پیار سے اسکے چہرے کو چھوا

حالانکہ آپ بہت ارریٹیٹنگ بیوی ثابت ہو گی آئی بیٹ پھر بھی میں جی جان سے تیار ہوں تنگ ہونے کے لیئے" زراد کی بات پر وہ جو پہلے مسکرا رہی تھی یکدم سنجیدہ ہو کر تیکھی نظروں سے اسے دیکھا۔

" کبھی جو صحیح سے تعرف کر دیں میری "اس نے غصے سے کہا۔

"ٹھیک ہو کر میرے گھر شفٹ ہوں دن رات تعریفیں کروں گا" اسکی معنی خیز بات کا مفہوم سمجھتے اسے اپنے گال دہکتے محسوس ہوئے۔

" تھینک یو" کچھ توقف کے بعد وہ بولی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کس بات کے لیئے "اس نے حیران ہوتے پوچھا۔

"امی ابو کو ڈھونڈنے کے لیئے۔ مجھے یہ موقع دینے کے لیئے کہ میں ان سے معافی مانگ سکوں اور "ابھی اسکی بات جاری تھی کہ زراد نے اسکے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اسے خاموش کروایا۔

وہ دلہن بنی زراد کے کمرے میں اسکا انتظار کر رہی تھی۔ آج انکے ولیمے کی تقریب تھی۔ فہما کو ہاسپٹل سے ڈسچارج کروا کر زراد سیدھا اپنے گھر لے آیا تھا۔ اس نے فہما کے امی ابو سے ریکوئیسٹ کی تھی کہ اب وہ بھی انکے ساتھ رہیں گے۔ جو کچھ پس و پیش کے بعد فہما اور زراد کے بار بار کہنے پر انہوں نے مان لی تھی۔

فہما کے زخم ٹھیک ہوتے ہی اسکے فرینڈز نے مل کر فہما کے پیرنٹس سے مشورہ کر کے انکے ولیمے کی تقریب رکھ دی تھی۔

پیچ اور ڈل گولڈ کے کامبینیشن کی کام والی میکسی پہنے وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔

سب نے اسکی بے تحاشا تعریف کی تھی مگر اسکا روپ جس کے لیئے سجایا گیا تھا وہ اصل تعریف اسکے حقدار سے سننے کی متمنی تھی۔

گھڑی نے رات کے بارہ بجا دیئے تھے مگر زراد ابھی تک کمرے میں نہیں آیا تھا۔

ابھی وہ بیڈ پر دلہنوں کی طرح بیٹھی غصے سے پیچ و تاب کھا رہی تھی کہ زراد دروازہ کھول کر عجلت میں اندر داخل ہوا۔ بلیک ڈنر سوٹ میں وائٹ شرٹ کے ساتھ پیچ کلر کی ٹائی لگے فارمل سے حلیۓ میں وہ بے حد ڈیشنگ لگ رہا تھا۔ فنکشن کے دومیان جب جب وہ اسکے قریب آیا فہما کا دل دھڑکا گیا۔

"جلدی سے چینج کریں ہمیں ابھی ایک مشن کے لیئے جانا ہے" زراد تیزی سے ڈریسنگ روم کی جانب بڑھا۔

کمرے کے درمیان میں جہازی سائز بیڈ پڑا تھا۔ پورے کمرے میں جگہ جگہ پھولوں کے بکے لگائۓ گۓ تھے۔ دیواروں پر وشنگ کارڈز جا بجا لگے تھے۔ کمرے کے بائیں جانب ڈرسنگ روم اور اسکے ساتھ واش روم کا دروازہ منسلک تھا۔ کمرے کے بائین جانب صوفہ پڑا تھا اور ایک شیشے کا دروازہ پچھلے لان کی جانب کھلتا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فہما حیران ہوتی اٹھی۔زراد واپس کمرے میں آیا اب ڈنر سوٹ کی جگہ وائٹ ٹی شرٹ اور جینز نے لے لی تھی۔

"جلدی کریں ہمارے پاس ٹائم کم ہے اور ویسے بھی آپ نے مجھے اسسٹ کرنے کی آفر کی تھی ہر مشن میں اور یہ مشن تو آپکے بغیر مکمل ہو ہی نہیں سکتا" اس نے جوگرز پہنتے فہما سے کہا۔

وہ اسکی عجلت پر تیزی سے چینج کرنے بھاگی۔تھوڑی دیر بعد وہ بھی جینز اور کرتا پہنے باہر آئی سر پر دوپٹہ اسکارف کی طرح لپیٹا ہوا تھا۔

"چلیں "زراد نے ایک چھوٹے سے بیگ میں اپنا اور فہما کا ایک ایک سوٹ رکھا ہوا تھا۔

تھوڑی دیر بعد وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے ائیر پورٹ کی جانب جا رہے تھے۔

"مشن ہے کہاں پر" فہما جو کب سے چپ بیٹھی تھی بالآخر پوچھ بیٹھی۔

"کراچی "زراد اسکے ساتھ خاموشی سے بیٹھا باہر دیکھ رہا تھا۔ڈرائیور انہیں ائیر پورٹ پر چھوڑ کر چلا گیا۔

کچھ دیر بعد وہ دونوں جہاز میں بیٹھے کراچی کی جانب فلائی کر گئے۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھوڑی دیر بعد جب وہ کراچی ائیر پورٹ اترے ایک اور گاڑی ان کے انتظار میں کھڑی تھی۔فہما کو شدید بے چینی تھی اور زراد تو کچھ نہ بتانے کی قسم کھائے بیٹھا تھا۔

"کس چیز کا مشن ہے۔۔۔کس کے خلاف ہے اور کیا ہم دونوں ہی ہیں "

"ہالڈ میری تیز گام۔۔۔ابھی پتہ چل جائے گا" زراد نے اسے دیکھتے چپ کروایا۔

تھوڑی دیر بعد انکی گاڑی ہاکس بے کے پاس روکی۔

فہما حیران ہوئی مگر کچھ بولی نہیں۔ زراد گاڑی سے اتر کا ایک ہاتھ میں اسکا ہاتھ تھامے دوسرے ہاتھ میں بیگ لئیے وہاں ایک ہٹ کی جانب بڑھا۔

"آخر یہ کون سا مشن ہے۔۔۔ کچھ بتا نہیں رہے" ہٹ کے اندر آتے لائٹس آن کر کے جب تک زراد نے بیگ رکھا فہما کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ اس نے جھنجھلا کر پوچھا۔

"ہماری زندگی کا مشن" اسکی جھنجھلاہٹ پر وہ جو بیگ رکھنے جھکا تھا۔ مسکراتا ہوا اسکی جانب آیا سینے پر ہاتھ باندھے اسکا خفا خفا چہرہ دیکھا۔ اسکی بات پر وہ اب کی بار حیران ہوئی۔

"میری زندگی کا مشن تو اب کی اسسٹنس کے بغیر ادھورا ہے۔ مجھے ساری زندگی کے لئیے آپکی اسسٹنس چاہئیے" اس نے پیار سے کہتے اسکے دوپٹے کے بل کھول کر اسکے کندھے پر رکھا۔ اسکی بالوں کی لٹوں کو پیچھے کیا جو اسکے چہرے پر بکھری ہوئیں تھیں۔

"آپ نے ایک رات مجھ سے سمندر کی گیلی ریت پر میرے ہمقدم چلنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ میں نے سوچا منہ دکھائی کا ایسا گفٹ دوں جو ہمیشہ آپکو یاد رہے جس کے کھونے یا چوری ہونے کا کوئی خوف کبھی نہ ہو" زراد کی بے تحاشا محبت پر اسکی آنکھوں میں آنسو سمٹے۔ تشکر بھری نظروں سے اسے دیکھا۔

"انہوں۔۔۔۔۔ آج کی رات کوئی آنسو نہیں اور پلیز میری نئی زندگی کی شروعات اپنے مسکراتے چہرے سے کریں روتی بسورتی شکل سے نہیں۔ آج کی رات گزار کر کل صبح ہم واپس چلے جائیں گے سو اس خوبصورت ٹائم میں نو اداسی" اسکے شرارتی انداز پر فہما نے مصنوعی خفگی سے اسکے کندھے پر مکا مارا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زراد نے ہنستے ہوئے اسے اپنے ساتھ لگایا۔ فہما اسے کبھی نہیں بتا سکتی تھی کہ جن مضبوط بازوؤں کو تھامنے سے اسکی زندگی بدل گئ تھی ان بازوؤں کے حصار نے ہمیشہ اسے کس تحفظ کا احساس بخشا ہے۔ کچھ احساسات صرف محسوس کرنے کے لئیے ہوتے ہیں انکے لئیے کسی زبان کی کسی بھی لغت میں کوئ الفاظ مل ہی نہیں سکتے۔

"آئیں باہر چلتے ہیں" اسکا ہاتھ تھامے وہ اسے ساحل کی گیلی ریت پر لے آیا۔ چاند کی روشنی میں زراد کا ہاتھ تھامے اسے لگا وہ ہواؤں میں اڑ رہی ہے۔ کوئ شخص کسی کو اتنا پیار بھی کر سکتا ہے اسے لگا وہ اس دنیا کی خوش قسمت ترین لڑکی ہے۔

"مہر النساء کا کیا بنا" فہما کو اچانک یاد آیا۔

"اسکے سارا گروہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہے" زراد اسکا ہاتھ تھامے سر جھکائے اسکے اور اپنے قدموں کے نشان دیکھتا جا رہا تھا۔

"آپکو سوئمنگ آتی ہے" زراد کی شرارتی آواز آئ۔

"جی نہیں بالکل بھی نہیں اور مجھے صرف آپکے ساتھ یہاں واک کا شوق تھا اس سے آگے اور کچھ نہیں" فہما کو اسکی بات سے کسی خطرے کی بو محسوس ہوئ اس نے تیزی سے کہا۔

"مگر مجھے آتی ہے اور میں بہت اچھے سے آپکو تھامے سوئمنگ کر سکتا ہوں" زراد کی بات پر اس نے واپسی کی جانب دوڑ لگانی چاہی مگر اسکا ہاتھ زراد کے ہاتھ میں تھا اس نے اسی رفتار سے اسے واپس اپنی جانب کھینچا جس رفتار سے اس نے بھاگنے کی کوشش کی تھی۔

"زراد پلیز نہیں یہ بہت فضول حرکت ہے" اسکے سینے کے ساتھ لگے وہ مسلسل اسے اس حرکت سے روک رہی تھی۔ جبکہ وہ اسکی حالت پر مسلسل مسکرا رہا تھا۔ پھر اسے یکدم اپنے بازوؤں میں اٹھایا۔ جھک کر اسکے چہرے پر محبت کی نشانیاں چھوڑیں۔ فہما کی ساتھ ہی مزاحمت بند ہو گئ۔

"میری ایڈوینچر کی شوقین بیوی آئ ہوپ یہ سب سے مزے کا ایڈوینچر لگے گا آپکو اسکے ساتھ ہی اسنے پانی میں جاتے اسکے ساتھ پہلی ڈبکی لگائ اور فہما کی چیخیں گونجیں جبکہ زراد کا قہقہہ۔

ThE_EnD

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

السلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

Kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

www.kitabnagri.com

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com